الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٣٦﴾

تمہیں کوئی وسوسہ پیدا ہو تو اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو۔ بیشک وہ سننے والا علم والا ہے۔(۳۶)

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَ الْقَمَرُ ؕ لَا تَسْجُدُوْا

رات اور دن اور سورج اور چاند اس کی نشانیوں میں سے ہیں۔ نہ ہی سورج

لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَ اسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِىْ خَلَقَهُنَّ اِنْ

نہ ہی چاند کو سجدہ کرو بلکہ اللہ کو سجدہ کرو جس نے تمہیں پیدا کیا ہے اگر واقعی

كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿٣٧﴾ فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ

السجدة ١١ تم اس کے بندے ہو۔(۳۷) پس اگر یہ تکبر کریں تو اسے اُن کی پروا نہیں بلکہ

رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَ النَّهَارِ وَ هُمْ لَا يَسْئَمُوْنَ ﴿٣٨﴾ السجدة

تمہارے رب کے پاس فرشتے ہیں جو رات اور دن اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور اُنہیں تھکاوٹ نہیں ہوتی۔ (۳۸)

وَ مِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا

اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ زمین کو تو اس حال میں دیکھے کہ وہ خشک بے سبزہ ہو تو پھر جب ہم اس پر بارش کا پانی برسا دیتے ہیں

الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِىْٓ اَحْيَاهَا لَمُحْىِ الْمَوْتٰى ؕ اِنَّهٗ

تو وہ سرسبز ہوجاتی ہے اور پھولنے لگتی ہے۔ بیشک اسی نے زمین کو زندہ کیا جو مُردے کوزندہ کرتا ہے۔ بلاشبہ

عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٣٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِىْٓ اٰيٰتِنَا

وہ ہر چیز پر قادر ہے۔(۳۹) بیشک جو لوگ ہماری آیتوں میں سے غلط مفہوم اخذ کرلیتے ہیں

لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ؕ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِى النَّارِ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِىْٓ اٰمِنًا

وہ ہم سے چھپے ہوئے نہیں ہیں۔ تو کیا جو آگ میں ڈالا جائے گا وہ بہتر ہے یا جو قیامت کے دن خیروعافیت کے ساتھ

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واو کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۴۰﴾

آئے گا وہ بہتر ہے تم جو بھی چاہو کر لو بیشک وہ تمہارے اعمال کو دیکھ رہا ہے۔(۴۰)

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ﴿۴۱﴾

بلاشبہ جن لوگوں نے قرآن کو تسلیم کرنے سے انکار کیا جب وہ اُن کے پاس آیا۔ اور بیشک وہ عزت والی کتاب ہے۔(۴۱)

لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۭ تَنْزِيْلٌ

اس میں نہ سامنے سے اور نہ اس کے پیچھے سے باطل آسکتا ہے۔ یہ قرآن تو حکمت والے

مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ﴿۴۲﴾ مَا يُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِيْلَ لِلرُّسُلِ

حمد کیے ہوئے کی نازل شدہ کتاب ہے۔(۴۲) آپ سے وہی باتیں بیان کی گئی ہیں جو آپ سے پہلے رسولوں سے کہی گئی تھیں۔

مِنْ قَبْلِكَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَلَوْ

بیشک آپ کا رب بہت بخشش والا بھی ہے اور دردناک عذاب بھی دینے والا ہے۔(۴۳) اور بالفرض

جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ۭ ءَاَعْجَمِيٌّ

اگر ہم اس قرآن کو عجمی زبان میں نازل کرتے تو یہ کہتے کہ اس کی آیتیں ہماری زبان میں کیوں نہیں تفصیل سے بیان کی گئی ہیں کیا کتاب عجمی ہو

وَّعَرَبِيٌّ ۭ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاۗءٌ ۭ وَالَّذِيْنَ

اور نبی عربی ہو۔ آپ فرمائیے یہ قرآن اہل ایمان کے لیے ہدایت اور شفاء ہے۔ اور جو ایمان نہیں لاتے

لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ۭ اُولٰۗىِٕكَ

اُن کے کانوں میں بہرہ پن ہے اور وہ اسی وجہ سے ان پر واضح نہیں ہوتا۔ غرضیکہ

يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۴۴﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ

انہیں دور کے مقام سے آواز دی جارہی ہے۔(۴۴) اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ہم نے کتاب دی

فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ

تو اس میں اختلاف کیا گیا۔ اور اگر آپ کے رب سے پہلے ایک کلمہ نہ کہا گیا ہوتا تو اُن کے درمیان تمہارے رب کی طرف سے

بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۴۵﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا

فیصلہ ہوجاتا۔ اور بیشک وہ اس کے متعلق ایک شک میں مبتلا ہیں۔ (۴۵) جو کوئی صالح عمل کرتا ہے

فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَاۗءَ فَعَلَيْهَا ۭ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۴۶﴾

تو اسی کے لیے ہے اور جو برائی کرتا ہے تو اس کا وبال اسی پر ہوگا۔ اور آپ کا رب بندوں کے ساتھ زیادتی نہیں کرتا۔(۴۶)

قرءۃ حفص بتسہیل الہمزۃ الثانیۃ ۱۳

ع ۱۲ ۵ ۱۹

غنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اخفاء: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر ــ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

اِلَيۡهِ يُرَدُّ عِلۡمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخۡرُجُ مِنۡ ثَمَرٰتٍ مِّنۡ اَكۡمَامِهَا وَ

قیامت کے علم کا ماخذ اسی کے پاس ہے۔ اور اس کے علم کے بغیر نہ کوئی پھل اپنے غلافوں سے نکلتا ہے اور

مَا تَحۡمِلُ مِنۡ اُنۡثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلۡمِهٖ ؕ وَيَوۡمَ يُنَادِيۡهِمۡ اَيۡنَ شُرَكَآءِىۡ ۙ

نہ ہی کوئی مادہ حاملہ ہوتی ہے اور نہ بچہ جنتی ہے اور جس روز اُنھیں آوازدی جائے گی کہ اللہ کے شریک کہاں ہیں،

قَالُوۡۤا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنۡ شَهِيۡدٍ ﴿۴۷﴾ وَضَلَّ عَنۡهُمۡ مَّا كَانُوۡا يَدۡعُوۡنَ

وہ کہیں گے کہ ہم عرض کر چکے ہیں کہ ہم سے کوئی بھی اس بات کا گواہ نہیں۔ (۴۷) اور جن کی وہ پہلے پوجا کیا کرتے تھے

مِنۡ قَبۡلُ وَظَنُّوۡا مَا لَهُمۡ مِّنۡ مَّحِيۡصٍ ﴿۴۸﴾ لَا يَسۡـَٔمُ الۡاِنۡسَانُ مِنۡ دُعَآءِ

وہ سب غائب ہوجائیں گے اور سمجھ لیجیے کہ اُن کے فرار ہونے کا کوئی مقام نہیں ہے۔(۴۸) انسان بھلائی کی دُعائیں مانگنے سے اُکتاتا نہیں ہے

الۡخَيۡرِ وَاِنۡ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَـُٔوۡسٌ قَنُوۡطٌ ﴿۴۹﴾ وَلَٮِٕنۡ اَذَقۡنٰهُ رَحۡمَةً مِّنَّا

اور اگر اسے کوئی تکلیف پہنچ جائے تو مایوسی کی بنا پر ناامید ہوجاتا ہے۔ (۴۹) اور اگر ہم اسے تکلیف پہنچنے کے بعد اپنی رحمت سے کچھ

مِنۡۢ بَعۡدِ ضَرَّآءَ مَسَّتۡهُ لَيَقُوۡلَنَّ هٰذَا لِىۡ ۙ وَمَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآٮِٕمَةً ۙ

عطا فرما دیں تو کہتا ہے کہ یہ میرا حق ہے اور میرے خیال کے مطابق قیامت قائم نہ ہوگی۔

وَّلَٮِٕنۡ رُّجِعۡتُ اِلٰى رَبِّىۡۤ اِنَّ لِىۡ عِنۡدَهٗ لَلۡحُسۡنٰى ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيۡنَ

اوراگر میں اپنے رب کی طرف لوٹ کر گیا بھی تو یقیناً اس کے پاس میرے لیے عزت افزائی ہے۔ پس اہلِ کفر کو

كَفَرُوۡا بِمَا عَمِلُوۡا وَلَـنُذِيۡقَنَّهُمۡ مِّنۡ عَذَابٍ غَلِيۡظٍ ﴿۵۰﴾ وَاِذَاۤ اَنۡعَمۡنَا

ہم اُن کے اعمال سے آگاہ کردیں گے اور ہم اُنھیں شدید عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔(۵۰) اور جب ہم انسان کو انعام دیتے ہیں

عَلَى الۡاِنۡسَانِ اَعۡرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوۡ دُعَآءٍ

تو وہ ہم سے منہ موڑ لیتا ہے اوراپنا پہلو بچا کر چل دیتا ہے اور جب اسے کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو لمبی لمبی دُعائیں

عَرِيۡضٍ ﴿۵۱﴾ قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ كَانَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرۡتُمۡ بِهٖ مَنۡ

کرنے لگ جاتا ہے۔(۵۱) آپ فرمادیں کہ اس حقیقت کو دیکھو کہ اگر یہ قرآن اللہ کی طرف سے ہو پھر تم اس سے انکار کرو تو

اَضَلُّ مِمَّنۡ هُوَ فِىۡ شِقَاقٍۢ بَعِيۡدٍ ﴿۵۲﴾ سَنُرِيۡهِمۡ اٰيٰتِنَا فِى الۡاٰفَاقِ وَ

اس سے بڑھ کر گمراہ کون ہوگا جو ضد کی بنا پر دور ہو گیا ہو۔ (۵۲) ہم اُنھیں عنقریب آفاق میں اور

فِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمۡ اَنَّهُ الۡحَـقُّ ؕ اَوَلَمۡ يَكۡفِ بِرَبِّكَ

خود اُن کی ذاتوں میں اپنی نشانیاں دکھائیں گے تاکہ ان پر حقیقت ظاہر ہوجائے کہ قرآن دراصل حق ہے۔ کیا آپ کے رب کا بلاشبہ

اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ۝۵۳ اَلَاۤ اِنَّهُمْ فِیْ مِرْیَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ

ہر چیز پر گواہ ہونا کافی نہیں ہے۔ (۵۳) سنو انہیں اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہونے میں شک ہے۔

رَبِّهِمْ ؕ اَلَاۤ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ ۝۵۴ ع ۶ ۱

یقیناً وہ ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ (۵۴)

سُوْرَةُ الشُّوْرٰی مَكِّيَّةٌ ۴۲ ۶۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | اٰیٰتُهَا ۵۳ رُكُوْعَاتُهَا ۵

سورۃ الشوریٰ مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۵۳ آیات اور ۵ رکوع ہیں۔

حٰمٓ ۝۱ عٓسٓقٓ ۝۲ كَذٰلِكَ یُوْحِیْۤ اِلَیْكَ وَ اِلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ

حامیم۔ (۱) عین۔ سین قاف۔ (۲) وہ اسی طرح آپ کی طرف اور آپ سے پہلے لوگوں کی طرف وحی فرماتا رہا ہے

اللّٰهُ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝۳ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَ هُوَ

اللہ غلبے والا اور حکمت والا ہے۔ (۳) آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اسی کا ہے اور وہی

الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝۴ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ یَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَ الْمَلٰٓىِٕكَةُ

بلندوبالا عظمت والا ہے۔ (۴) قریب ہے کہ آسمان اوپر سے پھٹ جائیں اور فرشتے

یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَ یَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِی الْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ

اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے رہتے ہیں اور زمین میں رہنے والوں کے لیے مغفرت طلب کرتے رہتے ہیں۔ سن لو بیشک

اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۝۵ وَ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِیَآءَ

اللہ ہی بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ (۵) اور جن لوگوں نے اس کے سوا دوسروں کو دوست بنایا ہے

اللّٰهُ حَفِیْظٌ عَلَیْهِمْ ۖؗ وَ مَاۤ اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِوَكِیْلٍ ۝۶ وَ كَذٰلِكَ اَوْحَیْنَاۤ

اللہ ان سے پوری طرح باخبر ہے اور آپ اُن کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ (۶) اور اسی طرح ہم نے عربی کا

اِلَیْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَ مَنْ حَوْلَهَا وَ تُنْذِرَ یَوْمَ

قرآن بذریعہ وحی بھیجا ہے تاکہ آپ مکہ شہر اور اس کے گردونواح میں رہنے والوں کو ڈرائیں اور انہیں

الْجَمْعِ لَا رَیْبَ فِیْهِ ؕ فَرِیْقٌ فِی الْجَنَّةِ وَ فَرِیْقٌ فِی السَّعِیْرِ ۝۷ وَ لَوْ

جمع ہونے والے دن کا خوف دلائیں جس میں شک نہیں ہے۔ جبکہ اس دن ایک فریق جنت میں اور دوسرا فریق دوزخ میں ہوگا۔ (۷) اور اگر

شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ لٰكِنْ یُّدْخِلُ مَنْ یَّشَآءُ فِیْ

اللہ چاہتا تو ان سب کو اُمت واحدہ بنا دیتا لیکن وہ جسے چاہتا ہے اسے ہی اپنی

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ ،، تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

رَحْمَتِهٖ ؕ وَ الظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ وَّ لَا نَصِيْرٍ ﴿۸﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا

رحمت میں شامل کرتا ہے اور ظالموں کا نہ کوئی دوست ہے اور نہ ہی کوئی مددگار ہے۔(۸) کیا انہوں نے

مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَ هُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى ۫ وَ هُوَ عَلٰى

اللہ کے سوا کسی اور کو دوست بنالیا ہے۔ پس اللہ ہی والی ہے اوروہ مردہ چیزوں کو زندہ کرتا ہے اور وہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۹﴾ وَ مَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ع ۹ ۲

ہر چیز پر قادر ہے۔(۹) اور جس بات میں تمہارا ان سے اختلاف ہے پس اس کا فیصلہ اللہ کے اختیار میں ہے۔

اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّيْ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖۗ وَ اِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿۱۰﴾ فَاطِرُ

یہی اللہ میرا رب ہے اسی پر میرا توکل ہے اور میں اسی کی طرف رجوع کرتاہوں۔ (۱۰) وہ آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّ مِنَ

اور زمین کو بنانے والا ہے۔ اسی نے تمہارے لیے تمہاری جنس سے تمہیں جوڑے بنا دیا اور

الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ ؕ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ وَ هُوَ

مویشیوں کے بھی جوڑے بنائے ہیں۔وہ انہی ذرائع سے تمہیں بڑھاتا رہتا ہے،اس کی مثل کوئی نہیں ہے اوروہی

السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۱۱﴾ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ يَبْسُطُ

سننے والا دیکھنے والا ہے۔(۱۱) آسمانوں اورزمین کی کنجیاں اسی کے پاس ہیں۔ وہ جس کے رزق میں

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾ شَرَعَ لَكُمْ

چاہتا ہے اضافہ فرما دیتا ہے اورجس کارزق چاہتا ہے تنگ کردیتا ہے بیشک تمام چیزیں اس کے علم میں ہیں۔(۱۲) تمہارے لیے اس نے

مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّ الَّذِيْۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ وَ مَا

دین کے اصول مقرر کردیے ہیں جس کاحکم اس نے حضرت نوح کو دیا اوراسی کوہم نے آپ پر بذریعہ وحی بھیجا ہے اور اسی کا حکم

وَصَّيْنَا بِهٖۤ اِبْرٰهِيْمَ وَ مُوْسٰى وَ عِيْسٰۤى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَ

ہم نے حضرت ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ (علیہم السلام) کو دیا تھا یہ کہ دین کو قائم رکھو

لَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ؕ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ؕ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْۤ

اور اس میں فرقہ بندی نہ ہونے دینا۔ مشرکین پروہ بات بہت گراں ہے جس کی آپ انہیں دعوت دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے

اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَ يَهْدِيْۤ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾ وَ مَا تَفَرَّقُوْۤا اِلَّا

اسے اپنے قرب کے لیے چن لیتا ہے اورجواس کی طرف متوجہ ہوتا ہے اسے اپنی طرف ہدایت دے دیتا ہے۔(۱۳) اور وہ لوگ جنھوں نے

مِنۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡعِلۡمُ بَغۡيًۢا بَيۡنَهُمۡ ؕ وَلَوۡلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتۡ

علم آجانے کے باوجود فرقہ بندی قائم کی وہ محض آپس میں حسد کی بنا پر تھی اور اگر آپ کے رب کی طرف سے مقررہ

مِنۡ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِىَ بَيۡنَهُمۡ ؕ وَاِنَّ الَّذِيۡنَ اُوۡرِثُوا

مدت تک مہلت دینے کا حکم جاری نہ ہوچکا ہوتا تو اُن کے درمیان کب کا فیصلہ کردیا جاتا۔ اور بیشک جن کو اُن کے بعد وراثت میں

الۡكِتٰبَ مِنۢ بَعۡدِهِمۡ لَفِىۡ شَكٍّ مِّنۡهُ مُرِيۡبٍ ﴿۱۴﴾ فَلِذٰلِكَ فَادۡعُ ۚ

کتاب ملی وہ اس سے فتنہ انگیز شک میں پڑے ہوئے ہیں۔(۱۴) پس آپ انہیں اسی کی طرف بلاتے رہیں

وَاسۡتَقِمۡ كَمَاۤ اُمِرۡتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعۡ اَهۡوَآءَهُمۡ ۚ وَقُلۡ اٰمَنۡتُ بِمَاۤ اَنۡزَلَ

اور جیسا کہ آپ کو حکم دیا گیا ہے اس پر قائم رہیں اور اُن کی خواہشوں کے پیچھے چلنے کی نہ سوچیں اور کہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کتاب میں جو نازل کیا ہے

اللّٰهُ مِنۡ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرۡتُ لِاَعۡدِلَ بَيۡنَكُمۡ ؕ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمۡ ؕ لَنَاۤ

میں اس پر ایمان لایا اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہارے درمیان عدل کو قائم رکھوں اللہ ہمارا رب ہے اور تمہارا رب بھی۔

اَعۡمَالُنَا وَلَكُمۡ اَعۡمَالُكُمۡ ؕ لَا حُجَّةَ بَيۡنَنَا وَبَيۡنَكُمۡ ؕ اَللّٰهُ يَجۡمَعُ بَيۡنَنَا ۚ

ہمارے لیے ہمارے عمل اور تمہارے لیے تمہارے عمل، اس لیے ہمارے اور تمہارے درمیان تکرار کی کوئی وجہ نہیں ہے اللہ ہم سب کو جمع کرے گا

وَاِلَيۡهِ الۡمَصِيۡرُ ؕ ﴿۱۵﴾ وَالَّذِيۡنَ يُحَآجُّوۡنَ فِى اللّٰهِ مِنۢ بَعۡدِ مَا

اور اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ (۱۵) اور جو لوگ اللہ کے بارے میں باوجود مسلمانوں کے تسلیم کرنے کے

اسۡتُجِيۡبَ لَهٗ حُجَّتُهُمۡ دَاحِضَةٌ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ وَعَلَيۡهِمۡ غَضَبٌ

جھگڑا کرتے ہیں اُن کے رب کے نزدیک اُن کے جھگڑے کی وجہ بے بنیاد ہے اور ان پر اللہ کا غضب ہے

وَّلَهُمۡ عَذَابٌ شَدِيۡدٌ ﴿۱۶﴾ اَللّٰهُ الَّذِىۡۤ اَنۡزَلَ الۡكِتٰبَ بِالۡحَـقِّ وَالۡمِيۡزَانَ ؕ

اور اُن کے لیے شدید عذاب ہے۔(۱۶) اللہ وہ ہے جس نے کتاب کو حق کے ساتھ نازل کیا ہے اور میزان بھی اُتارا ہے۔

وَمَا يُدۡرِيۡكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيۡبٌ ﴿۱۷﴾ يَسۡتَعۡجِلُ بِهَا الَّذِيۡنَ

اور اس بات کا ادراک نہیں ہے شاید کہ قیامت کا آجانا قریب ہو۔(۱۷) جو لوگ اس پر ایمان نہیں رکھتے

لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِهَا ۚ وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا مُشۡفِقُوۡنَ مِنۡهَا ۙ وَيَعۡلَمُوۡنَ

وہ اس کے آنے کے بارے میں جلدی کے طالب ہیں۔ اور جو لوگ ایمان رکھتے ہیں وہ اس سے ڈرتے ہیں۔اور وہ جانتے ہیں

اَنَّهَا الۡحَـقُّ ؕ اَلَاۤ اِنَّ الَّذِيۡنَ يُمَارُوۡنَ فِى السَّاعَةِ لَفِىۡ ضَلٰلٍۢ بَعِيۡدٍ ﴿۱۸﴾

کہ اس کا آنا حق ہے۔ خبردار جولوگ قیامت کے بارے میں شک کرتے ہیں تو وہ دور کی گمراہی میں پڑے ہوئے ہیں۔ (۱۸)

ع ٢

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿١٩﴾

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر لطف وکرم فرماتا ہے جسے چاہتا ہے رزق دیتا ہے۔ اور وہی عزت والا غلبے والا ہے۔(۱۹)

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ

جو شخص آخرت کی کھیتی چاہتا ہو تو ہم اس کی کھیتی کو بڑھا دیں گے اور جو شخص دُنیا کی کھیتی کا طالب ہوتو

يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ﴿٢٠﴾

ہم اسے دنیا کی کھیتی سے دنیا میں ہی دے دیں گے مگر اس کا آخرت میں کچھ حِصّہ نہ ہوگا۔(۲۰)

اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ ؕ

کیا اُن کے شرکاء ایسے ہیں جنھوں نے اُن کے لیے ایسا دین بنا رکھاہے جس کاحکم اللہ کی طرف سے نہیں ہے۔

وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ

اور اگر فیصلہ کن بات نہ ہو چکی ہوتی تو اُن کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا۔ اور بلاشبہ ایسے ظالموں کے لیے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٢١﴾ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ

دردناک عذاب ہے۔ (۲۱) آپ ظالموں کو دیکھیں گے کہ وہ اپنے کیے ہوئے کے نتیجے سے خوفزدہ ہوں گے اور

وَاقِعٌۢ بِهِمْ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ

اعمال کاوبال ان پر آکر رہے گا۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور صالح عمل کرتے رہے وہ بہشت کے باغوں میں

الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿٢٢﴾

ہوں گے۔ جو کچھ وہ چاہیں گے وہ اُن کے رب سے ملے گا۔ یہی بہت بڑا فضل ہے۔(۲۲)

ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ

یہی وہ عطیہ ہے جس کی اللہ تعالیٰ اپنے ایمان لانے والے اور نیک عمل کرنے والے بندوں کو خوشخبری دیتا ہے۔

قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ؕ وَمَنْ يَّقْتَرِفْ

آپ فرمایئے کہ میں تم سے اس پر اپنے قرابت داروں کی محبت کے سوا کچھ صلہ نہیں مانگتا اورجوکوئی نیکی کرے گا

حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿٢٣﴾ اَمْ

تو ہم اس نیک عمل کو دلکش بنا دیں گے۔ بیشک اللہ بخشنے والا قدردان ہے۔ (۲۳) کیا یہ

يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۚ فَاِنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخْتِمْ عَلٰى

لوگ کہتے ہیں کہ اُنھوں نے اللہ کی طرف جھوٹ منسوب کیاہے۔ پس اگر اللہ چاہے تو تمہارے اوپر اپنی رحمت اور حفاظت کی مہر

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

قَلۡبِكَ ؕ وَيَمۡحُ اللّٰهُ الۡبَاطِلَ وَيُحِقُّ الۡحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيۡمٌ ۢ
لگا دے اور اللہ باطل کو مٹاتا ہے اور حق کو اپنے کلمات کے ذریعے سے سچا ثابت کرتا ہے۔ بیشک وہ سینوں
بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿۲۴﴾ وَهُوَ الَّذِىۡ يَقۡبَلُ التَّوۡبَةَ عَنۡ عِبَادِهٖ وَ
کے رازوں کو جاننے والا ہے۔(۲۴) اور وہ اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور اُن کے بُرے عملوں سے
يَعۡفُوۡا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعۡلَمُ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ۙ﴿۲۵﴾ وَيَسۡتَجِيۡبُ الَّذِيۡنَ
درگزر فرماتا ہے اور جو وہ کرتے ہیں اُنہیں جانتا ہے۔(۲۵) اور ایمان لانے والوں اور
اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيۡدُهُمۡ مِّنۡ فَضۡلِهٖ ؕ وَالۡكٰفِرُوۡنَ
صالح عمل کرنے والوں کی دُعا قبول فرماتا ہے اور اپنے فضل سے اُنہیں مزید بھی عطا فرماتا ہے۔ اور کافروں کے لیے
لَهُمۡ عَذَابٌ شَدِيۡدٌ ﴿۲۶﴾ وَلَوۡ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزۡقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوۡا
شدید عذاب ہے۔(۲۶) اور اگر اللہ تعالیٰ اپنے تمام بندوں کا رزق کشادہ کر دیتا تو وہ زمین میں نازیبا
فِى الۡاَرۡضِ وَلٰـكِنۡ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيۡرٌۢ
حرکات کرتے لیکن وہ اپنے مقرر شدہ اندازے کے مطابق جتنا چاہتا ہے اُتارتا ہے، بیشک وہ اپنے بندوں سے باخبر ہے۔
بَصِيۡرٌ ﴿۲۷﴾ وَهُوَ الَّذِىۡ يُنَزِّلُ الۡغَيۡثَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا قَنَطُوۡا وَيَنۡشُرُ
سب کچھ دیکھنے والا ہے۔(۲۷) اور وہی ہے جو لوگوں کے مایوس ہونے کے بعد ان پر بارش برساتا ہے
رَحۡمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الۡوَلِىُّ الۡحَمِيۡدُ ﴿۲۸﴾ وَمِنۡ اٰيٰتِهٖ خَلۡقُ السَّمٰوٰتِ
اور اپنی رحمت کو پھیلا دیتا ہے،اور وہی کارساز ہے تعریف کیا گیا ہے۔(۲۸) آسمانوں اور زمین کی
وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَثَّ فِيۡهِمَا مِنۡ دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰى جَمۡعِهِمۡ
تخلیق اسی کی نشانیوں میں سے ہے اور اسی نے اُن کے درمیان جانداروں کو پھیلا دیا ہے۔اور وہ اپنے چاہنے پر
اِذَا يَشَآءُ قَدِيۡرٌ ﴿۲۹﴾ وَمَاۤ اَصَابَكُمۡ مِّنۡ مُّصِيۡبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتۡ ع ۳ ربع ۳
اُنہیں جمع کرنے پر قادر ہے۔(۲۹) اور جو مصیبت تم پر آتی ہے اس کی وجہ تمہارے ہاتھوں ہی کا کسب ہے
اَيۡدِيۡكُمۡ وَيَعۡفُوۡا عَنۡ كَثِيۡرٍ ؕ﴿۳۰﴾ وَمَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ فِى الۡاَرۡضِ ۖۚ
اور وہ تمہاری کثیر باتوں سے درگزر فرماتا ہے۔(۳۰) اور تم زمین میں اللہ تعالیٰ کے دائرہ اختیار سے باہر نہیں نکل سکتے،
وَمَا لَكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مِنۡ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيۡرٍ ﴿۳۱﴾ وَمِنۡ اٰيٰتِهِ
اور اللہ کے سوا تمہارا نہ کوئی دوست ہے اور نہ کوئی مددگار ہے۔(۳۱) اور سمندر میں چلنے والے

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ ﴿٣٢﴾ إِنْ يَشَأْ يُسْكِنِ الرِّيحَ فَيَظْلَلْنَ

پہاڑوں کی مانند جہاز اس کی نشانیوں میں سے ہیں۔(۳۲) اور اگر وہ چاہے تو ہوا کو ساکن کردے

رَوَاكِدَ عَلَىٰ ظَهْرِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ﴿٣٣﴾

پس وہ سمندر کی سطح پر کھڑے ہی رہ جائیں بیشک اس میں حددرجے کے صابر اور شاکر کے لیے نشانیاں ہیں۔ (۳۳)

أَوْ يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيرٍ ﴿٣٤﴾ وَيَعْلَمَ الَّذِينَ

یا اُن جہازوں کے مسافروں کو اُن کے کسب کے باعث تباہ کردے اور بہت سے لوگوں کو معاف کردے۔(۳۴) اور وہ لوگ جان لیں

يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِنَا مَا لَهُمْ مِنْ مَحِيصٍ ﴿٣٥﴾ فَمَا أُوتِيتُمْ مِنْ

جو ہماری آیتوں کے متعلق جھگڑتے ہیں۔اُن کے لیے چھٹکارے کی کوئی صورت نہیں ہے۔(۳۵) پس تمہیں جو کچھ دے دیا گیا ہے

شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَمَا عِنْدَ اللَّهِ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ لِلَّذِينَ

وہ دنیا کی چند روزہ زندگی کا سروسامان ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہنے والا ہے یہ اُن کے لیے ہے

آمَنُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ﴿٣٦﴾ وَالَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ

جو ایمان لاتے ہیں اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں۔ (۳۶) اور وہ لوگ جوکبیرہ گناہوں اور فحاشیوں سے

الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ ﴿٣٧﴾ وَالَّذِينَ

اجتناب کرتے ہیں اور غصہ آنے کی حالت میں معاف کر دیتے ہیں۔(۳۷) اور وہ لوگ جو

اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ

اپنے رب کا حکم مانتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں۔اور وہ اپنے معاملات کو باہمی مشورے سے سرانجام دیتے ہیں

وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِينَ إِذَا أَصَابَهُمُ الْبَغْيُ

اور جو رزق ہم نے انہیں دیاہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ (۳۸) اور جب اُن کے ساتھ زیادتی ہوتی ہے

هُمْ يَنْتَصِرُونَ ﴿٣٩﴾ وَجَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِثْلُهَا ۖ فَمَنْ

تو وہ اس کا تدارک کرتے ہیں۔(۳۹) اور بُرائی کا بدلہ اسی کی مثل بُرائی ہی ہے پس جس نے معاف کردیا

عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ ﴿٤٠﴾ وَلَمَنِ

اور اصلاح کرلی پس اس کا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے اللہ ظلم کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔(۴۰)اور جس نے مظلوم

انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهِ فَأُولَٰئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِنْ سَبِيلٍ ﴿٤١﴾ إِنَّمَا

ہونے پر بدلہ لے لیا پس ایسے لوگوں پر کوئی مؤاخذہ کی راہ نہیں۔ (۴۱) بلاشبہ

السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ

مؤاخذہ تو اُنھی لوگوں کا ہوگا جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور زمین میں ناجائز فساد برپا

بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۴۲ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ

کرتے رہتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہے۔(۴۲) اور جو شخص صبر کرے اور معاف کردے

اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝۴۳ع وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ ع ۴ ۱۴ ۵

تو بلاشبہ یہ بڑے عزم والے کام ہیں۔(۴۳) اور جس کو اللہ تعالیٰ راہ حق سے دُور کردے

مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ

تو اس کے بعد اس کا کوئی چارہ ساز نہیں ہے اور آپ ظالموں کو دیکھیں گے کہ جب وہ عذاب کو دیکھ لیں گے

يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝۴۴ج وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا

تو کہیں گے کہ کیا واپس جانے کی کوئی صورت ہے۔(۴۴) اور آپ ان کو دیکھیں گے کہ جب اُنھیں دوزخ میں

خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ

بڑی ذلت آمیز حالت میں لاکر حاضر کیا جائے گا تو وہ ذلت کے باعث دبی اور نیچی نگاہوں سے دیکھ رہے ہوں گے اور ایمان والے کہیں گے

اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ

کہ یہ لوگ خسارہ پانے والے ہیں کیونکہ اُنھوں نے اپنے آپ اور اہل وعیال کو قیامت کے روز خسارے میں ڈالا ہے

الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ۝۴۵ وَمَا كَانَ لَهُمْ

سُن لو کہ ظالم مستقل عذاب میں مبتلا رہیں گے۔(۴۵) اور اُن کے حمایتی نہیں ہوں گے

مِّنْ اَوْلِيَاۗءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

جو اللہ کے سوا اُن کی مدد کرتے۔ اور جسے اللہ راہ حق سے دُور کردے

فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ۝۴۶ط اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ

تو اس کے لیے کوئی ہدایت والی راہ نہیں ہے۔(۴۶) اس دن کے آنے سے پہلے اپنے رب کے حکم پر

يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَىِٕذٍ وَّمَا لَكُمْ

عمل پیرا ہو جاؤ جو اللہ کی طرف سے ٹلنے والا نہیں ہے تمہارے لیے کوئی پناہ کا مقام نہ ہوگا اور نہ ہی تمہارے لیے کوئی

مِّنْ نَّكِيْرٍ ۝۴۷ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۭ اِنْ

روکنے والا ہوگا۔(۴۷) پس اگر وہ روگردانی کریں تو ہم نے تمہیں ان پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجا۔ آپ کے لیے

عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَ اِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ

صرف تبلیغ کردینا ہی کافی ہے۔ اور جب ہم انسان کو اپنی رحمت سے عطا فرماتے ہیں تو وہ اس سے خوش ہوجاتا ہے۔

وَ اِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿٤٨﴾

اور اگرانہیں اپنے ہاتھوں کے کیے کی بنا پر کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو بلاشبہ انسان بہت ناشکرا بن جاتاہے۔(۴۸)

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ

آسمانوں اور زمین کی مملکت اللہ ہی کے لیے ہے وہ اپنی مرضی کے مطابق تخلیق کرتاہے، وہ جس کو چاہے

اِنَاثًا وَّ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿٤٩﴾ لا اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّ اِنَاثًا ۚ

بیٹیاں دے دے اور جس کو چاہے بیٹے عطا فرما دے۔(۴۹) یا انہیں ملا جلا کر بیٹے اور بیٹیاں عطا کردیتاہے

وَ يَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿٥٠﴾ وَ مَا كَانَ لِبَشَرٍ

اور جسے چاہتا ہے بے اولاد رکھتا ہے ، بیشک وہ جاننے والا قدرت والا ہے۔(۵۰)اور کسی آدمی کے لائق نہیں ہے

اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا

کہ اللہ اس سے وحی کے سوا یا پردے کے پیچھے سے کلام کرے یا کوئی فرشتہ بھیجے

فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿٥١﴾ وَ كَذٰلِكَ اَوْحَيْنَاۤ

جو اس کے حکم سے کلام کرے بیشک وہ بلند وبالا حکمت والا ہے۔(۵۱) اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف وحی بھیجی

اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَ لَا الْاِيْمَانُ

جوہمارے حکم کے مطابق ایک روح ہے۔ اس سے پہلے آپ کتاب اور ایمان کی تفصیل کے بارے میں خاموش تھے

وَ لٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَ اِنَّكَ

ہم نے اسے نور بنا دیا اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں ہدایت دے دیتے ہیں۔اور اے محبوب! بلاشبہ آپ

لَتَهْدِيْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٥٢﴾ لا صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي

صراط مستقیم کی طرف ہدایت فرماتے ہیں۔ (۵۲)یہ اللہ ہی کا راستہ ہے آسمانوں اور زمین میں جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ﴿٥٣﴾ ع ٥ ع ١٠ ٦

ہے اسی کا ہے۔ سن لو تمام اُمور اسی کی طرف لوٹ کرجاتے ہیں۔(۵۳)

سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ ٤٣ ٦٣

اٰيَاتُهَا ٨٩ رُكُوْعَاتُهَا ٧

سورۃ الزخرف مکی ہے اس میں ۸۹ آیات اور ۷ رکوع ہیں۔

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واو کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

ع حٰمٓ ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

حاء،میم۔(۱)۔ اس روشن کتاب کی قسم ہے ۔(۲)بیشک ہم نے قرآن کو عربی میں اُتارا ہے تاکہ تم عقل

تَعْقِلُوْنَ ﴿۳﴾ وَاِنَّهٗ فِيْۤ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿۴﴾ اَفَنَضْرِبُ

سے سمجھ جاؤ۔(۳) اور بیشک یہ قرآن ہمارے پاس لوحِ محفوظ میں ہے جو بلند وبالا حکمت آمیز ہے۔ (۴) تو کیا ہم اپنی

عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ﴿۵﴾ وَكَمْ اَرْسَلْنَا

نصیحت کو تم سے روک لیں اس کی وجہ یہ ہے کہ تم حد سے بڑھنے والی قوم ہو۔(۵) اور ہم نے پہلے لوگوں میں

مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶﴾ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

سے کتنے نبی بھیجے۔(۶) اور جب اُن کے پاس نبی آتا تو وہ اس کے ساتھ

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۷﴾ فَاَهْلَكْنَاۤ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸﴾

مذاق کرتے۔(۷) تو ہم نے اُنہیں ہلاک کردیا جو پہلے لوگوں کی مثل طاقت میں بڑھ کرتھے۔(۸)

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ

اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیاہے تو ضرور کہیں گے کہ ان کو عزت والے

الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿۹﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

علم والے نے تخلیق کیاہے۔(۹) جس نے تمہارے لیے زمین کو بچھونا بنایا اور اس میں تمہارے لیے راستے بنائے

فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰﴾ وَالَّذِيْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ

تاکہ تم اس میں راہ پا سکو۔ (۱۰)اور وہ جس نے آسمان سے مقررہ مقدار کے مطابق پانی نازل فرمایا۔

بِقَدَرٍ ۚ فَاَنْشَرْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَالَّذِيْ

تو ہم نے اس سے ایک مردہ شہر کو زندہ کردیا، اسی طرح تم بھی ایک دن نکالے جاؤ گے۔(۱۱) اور اس نے

خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا

ہر طرح کی مخلوق کے جوڑے پیدا کیے اور تمہارے لیے کشتیوں اور چوپایوں کو بطور سواریاں

تَرْكَبُوْنَ ﴿۱۲﴾ لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا

بنایا ہے۔(۱۲) تاکہ تم اُن کی پیٹھوں پر آسانی سے بیٹھو پھر اپنے رب کی نعمت کو یاد کرو، جب ان پر

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مد: تین الف کے برابر - پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَ تَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَ مَا

اچھی طرح بیٹھ جاؤ تو یوں کہو کہ پاک ہے وہ ذات جس نے ہمارے لیے ان سواریوں کو مسخر کردیا کیونکہ ہم اُنہیں

كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَ اِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَ جَعَلُوْا لَهٗ مِنْ

تابع کرنے کی قوت نہ رکھتے تھے۔(۱۳) اور بیشک ہم نے اپنے رب کی طرف پلٹ کر واپس جانا ہے۔(۱۴) اوراس کے بندوں میں سے اس کے لیے

ع ۱۵ ۷ عِبَادِهٖ جُزْءًا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ؕ اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ

اس کا جز بنا ڈالا۔ بیشک انسان صریحاً ناشکرا ہے۔(۱۵) کیا اس نے اپنی مخلوق میں سے

بَنٰتٍ وَّ اَصْفٰكُمْ بِالْبَنِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَ اِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ

اپنے لیے بیٹیاں بنائیں اور تمہارے لیے بیٹوں کو خاص کردیا؟۔(۱۶) اور جب ان میں سے کسی کو بیٹی کی خوشخبری دی جاتی ہے

لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّ هُوَ كَظِيْمٌ ﴿۱۷﴾ اَوَ مَنْ يُّنَشَّؤُا

جسے اُنہوں نے رحمٰن کی طرف منسوب کررکھا ہے تو اس کے چہرے پر سیاہی چھاجاتی ہے اور وہ غم سے بھر جاتا ہے۔(۱۷) اللہ کی طرف اُنہوں نے

فِي الْحِلْيَةِ وَ هُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ﴿۱۸﴾ وَ جَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ

اس اولاد کو منسوب کیا جو زیور میں پرورش پاتی ہے اور بحث میں واضح بات نہیں کرسکتی۔(۱۸) اور اُنہوں نے فرشتوں کو

الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ

جو رحمٰن کے بندے ہیں عورتیں قرار دے دیا۔ کیا یہ اُن کی تخلیق کے وقت حاضر تھے۔ اب اُن کی گواہی لکھ لی جائے گی

شَهَادَتُهُمْ وَ يُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَ قَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ

اور اس کا اُنہیں جواب دینا ہوگا۔(۱۹) اور ان کا کہنا ہے کہ اگر رحمٰن چاہتا تو ہم اُن کی عبادت نہ کرتے۔

مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۗ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۲۰﴾ؕ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا

اس حقیقت کا اُنہیں بالکل علم نہیں ہے۔ وہ صرف قیاس آرائیاں کرتے ہیں۔(۲۰) کیا ہم نے اُنہیں پہلے کوئی کتاب دی ہے

مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ﴿۲۱﴾ بَلْ قَالُوْۤا اِنَّا وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا

جس کی بنا پر اُنہوں نے یہ جواز قائم کررکھا ہے۔(۲۱) بلکہ ان کا کہنا ہے کہ بلاشبہ ہم نے اپنے باپ دادا کو

عَلٰۤى اُمَّةٍ وَّ اِنَّا عَلٰۤى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَ كَذٰلِكَ مَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ

جس طریقے پر پایا اور بیشک ہم بھی اُنہی آثار پر عمل پیرا ہوکر ہدایت پانے والے ہیں۔(۲۲) اور اس طرح جس بستی میں بھی ہم نے

قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَاۤ ۙ اِنَّا وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا

کوئی ڈرانے والا بھیجا تو وہاں کے اہل ثروت لوگوں نے یہی کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو

عَلٰۤى اُمَّةٍ وَّ اِنَّا عَلٰۤى اٰثٰرِهِمۡ مُّقۡتَدُوۡنَ ﴿٢٣﴾ قٰلَ اَوَلَوۡ جِئۡتُكُمۡ

جس دین پر پایا ہے ہم انھی کے نقش قدم پر عمل پیرا ہوگئے ہیں۔ (۲۳) ہر نبی نے کہا کہ میری لائی ہوئی

بِاَهۡدٰى مِمَّا وَجَدۡتُّمۡ عَلَيۡهِ اٰبَآءَكُمۡ‌ ؕ قَالُوۡۤا اِنَّا بِمَاۤ اُرۡسِلۡتُمۡ بِهٖ

ہدایت بہتر ہے بہ نسبت اس کے جس پر تم نے اپنے آباؤ اجداد کو پایا ہے۔ تو انہوں نے کہا بیشک جودین آپ لے کرآئے

كٰفِرُوۡنَ ﴿٢٤﴾ فَانۡتَقَمۡنَا مِنۡهُمۡ فَانۡظُرۡ كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿٢٥﴾ ع ١٠ ٨ النصف

ہم اس کے منکر ہیں۔(۲۴) تو ہم نے ان سے بدلہ لے لیا پس دیکھ لیجیے کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا۔(۲۵)

وَاِذۡ قَالَ اِبۡرٰهِيۡمُ لِاَبِيۡهِ وَقَوۡمِهٖۤ اِنَّنِىۡ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعۡبُدُوۡنَ ﴿٢٦﴾ لا اِلَّا

اور جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا کہ تم جن کی پرستش کرتے ہو میں ان سے بیزار ہوں۔(۲۶) سوائے

الَّذِىۡ فَطَرَنِىۡ فَاِنَّهٗ سَيَهۡدِيۡنِ ﴿٢٧﴾ وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِىۡ

اس کی عبادت کے جس نے مجھے پیدا کیا ہے بیشک وہ بہت جلد میری راہنمائی فرمائے گا۔(۲۷) اور حضرت ابراہیمؑ نے کلمۂ توحید اپنی نسل میں

عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُوۡنَ ﴿٢٨﴾ بَلۡ مَتَّعۡتُ هٰٓؤُلَاۤءِ وَاٰبَآءَهُمۡ حَتّٰى

قائم کردیا تاکہ وہ اسے تھامے رہیں۔(۲۸) بلکہ میں نے اُنہیں اور اُن کے باپ دادا کو مال واسباب دیا حتیٰ کہ

جَآءَهُمُ الۡحَـقُّ وَرَسُوۡلٌ مُّبِيۡنٌ ﴿٢٩﴾ وَلَـمَّا جَآءَهُمُ الۡحَـقُّ قَالُوۡا هٰذَا

اُن کے پاس حق آگیا اور کھول کر بیان کرنے والے رسول آگئے۔ (۲۹) اور جب اُن کے پاس حق آیا تو اُنہوں نے کہا یہ

سِحۡرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوۡنَ ﴿٣٠﴾ وَقَالُوۡا لَوۡلَا نُزِّلَ هٰذَا الۡقُرۡاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ

تو کھلا جادو ہے ہم اسے تسلیم نہیں کرتے۔ (۳۰) اور کہتے ہیں کہ یہ قرآن دو بڑے شہروں یعنی مکہ اور طائف میں سے کسی عظیم آدمی پر

مِّنَ الۡقَرۡيَتَيۡنِ عَظِيۡمٍ ﴿٣١﴾ اَهُمۡ يَقۡسِمُوۡنَ رَحۡمَتَ رَبِّكَ‌ ؕ نَحۡنُ قَسَمۡنَا

کیوں نہیں نازل ہوا ۔ (۳۱) کیا وہ آپ کے رب کی رحمت کو منقسم کرتے ہیں ہم نے خود اُن کی

بَيۡنَهُمۡ مَّعِيۡشَتَهُمۡ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَرَفَعۡنَا بَعۡضَهُمۡ فَوۡقَ بَعۡضٍ

دنیا کی زندگی کا سامان ان کے درمیان تقسیم کردیا ہے اور ہم نے اُن کے درجات ایک دوسرے پر بلند کردیے ہیں تاکہ ان میں سے لوگ

دَرَجٰتٍ لِّيَـتَّخِذَ بَعۡضُهُمۡ بَعۡضًا سُخۡرِيًّا‌ ؕ وَرَحۡمَتُ رَبِّكَ خَيۡرٌ مِّمَّا

آپس میں ایک دوسرے سے کام لے سکیں اورآپ کے رب کی رحمت اس سے بڑی خوب ہے

يَجۡمَعُوۡنَ ﴿٣٢﴾ وَلَوۡلَاۤ اَنۡ يَّكُوۡنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلۡنَا لِمَنۡ

جو وہ جمع کرتے ہیں۔(۳۲) اور اگر یہ خیال نہ ہوتا کہ تمام لوگ واحد اُمت بن جائیں تو جو لوگ

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ ،، ۔تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّ مَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ﴿۳۳﴾ لا

رحمٰن کے منکر ہیں۔تو ہم اُن کے مکانوں کی چھتیں اور سیڑھیاں جن سے وہ اپنے بالا خانوں پر چڑھتے ہیں۔(۳۳)

وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا وَّ سُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ﴿۳۴﴾ لا وَزُخْرُفًا ؕ وَاِنْ كُلُّ

اور اُن کے گھروں کے دروازے اور تخت جن پر ٹیک لگاتے ہیں سب سونے اور چاندی کے بنوا دیتے۔(۳۴)اور تمام اشیاء دُنیوی زندگی

ع ۳ ۱۰ ۹ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۵﴾ ع

کا سامان ہے۔ اور آپ کے رب کے نزدیک آخرت صرف اہلِ تقویٰ کے لیے ہے۔(۳۵)

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾

اور جو کوئی رحمٰن کے ذکر کو پسِ پشت ڈالتا ہے توہم اس کے ساتھ ایک شیطان لگا دیتے ہیں جو اس کا ساتھی بن جاتا ہے۔(۳۶)

وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۷﴾

اور وہ شیطان اُنہیں سیدھی راہ سے روکتا ہے اور یہ لوگ یہ سوچنے لگتے ہیں کہ وہ ہدایت کی راہ پر ہیں۔(۳۷)

حَتّٰۤى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ

حتیٰ کہ جب وہ ہمارے پاس آئے گا تووہ شیطان سے کہے گا کہ کاش میرے اورتیرے درمیان مشرق اورمغرب کا فاصلہ ہوتا، تو

الْقَرِيْنُ ﴿۳۸﴾ وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ

بہت بُرا ساتھی ہے۔(۳۸) اور تمہارا ظلم کرنا آج کے دن ہرگز نفع بخش نہ ہوگا بلکہ تم عذاب میں برابر کے

مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۹﴾ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ

حِصّہ دار ہو۔(۳۹) تو کیا آپ بہروں کو سُنائیں گے یا اندھوں کو راہ پر چلائیں گے یا ان کو جوصریحاً

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۰﴾ فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾ لا اَوْ

گمراہی میں مبتلا ہیں۔(۴۰) پس اگر ہم آپ کودُنیا سے لے جائیں تو بلاشبہ ہم ان سے بدلہ لیں گے۔ (۴۱) یا

نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾ فَاسْتَمْسِكْ

ہم آپ کوان کا وہ انجام دکھا دیں گے جس کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہوا ہے پس بیشک ہم ان پر قادر ہیں۔(۴۲) پس جو قرآن آپ پر بذریعہ وحی بھیجا

بِالَّذِيْۤ اُوْحِيَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ

گیاہے اس پر مضبوطی سے عمل پیرا رہیے بیشک آپ کی راہ ہی صراط مستقیم ہے۔ (۴۳) اور بیشک یہ قرآن آپ کے لیے

وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ

اور آپ کی قوم کے لیے مشعل راہ ہے۔(۴۴) اور عنقریب تم سے پوچھا جائے گا اوران سے پُوچھو جن کو ہم نے آپ سے پہلے رسول بنا کر بھیجا ہے

مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَقَدْ ع ۱۰

کیا ہم نے رحمٰن کے علاوہ کچھ اور معبود بنائے تھے یہ کہ ان کو پوجا جائے۔(۴۵) اور بلاشبہ ہم نے

اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ رَبِّ

موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف بھیجا تو اُنھوں نے فرمایا کہ بیشک میں رب العالمین کی

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا

طرف سے رسول ہوں۔(۴۶) پھر جب وہ اُن کے پاس ہماری نشانیاں لے کر آئے تو وہ اُن کی ہنسی اُڑانے لگے۔(۴۷) اور ہم

نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۫ وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ

ان پر جو نشانی بھی ظاہر کرتے وہ پہلے کی نسبت بہت بڑی ہوتی۔ آخر ہم نے ان کو عذاب میں پکڑ لیا

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ

تاکہ وہ باز آجائیں۔(۴۸) اور وہ کہنے لگے اے ساحر ہمارے لیے اپنے رب کے ہاں اس عہد کے باعث دُعا کیجیے جو عہد تمہارے پاس ہے

اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۵۰﴾

بلاشبہ ہم ہدایت پاجائیں گے۔ (۴۹) پھر جب ہم نے ان سے عذاب کو ختم کر دیا تو اُنھوں نے اپنے عہد کو توڑ دیا۔(۵۰)

وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ وَ

اور فرعون نے اپنی قوم میں اعلان کیا کہ اے میری قوم! کیا میں مصر کا حکمران نہیں ہوں

هٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۱﴾ ط اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ

اور یہ نہریں جو میرے نیچے بہہ رہی ہیں کیا تمہیں دکھائی نہیں دیتیں۔(۵۱) کیا میں اس سے بہتر ہوں

هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ﴿۵۲﴾ فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ

یا یہ جسے مجھ جیسی حیثیت حاصل نہیں ہے اور وہ واضح بات بھی نہیں کرسکتا۔(۵۲) تو اسے سونے کے کنگن کیوں نہیں عطا کیے گئے

مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ

یا اس کے ساتھ ملائکہ آتے جو اس کے پاس رہتے۔(۵۳) پس اس نے اپنی قوم کو نادان بنالیا

فَاَطَاعُوْهُ ط اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا

تو اس کی اطاعت کرنے لگے۔ بیشک وہ فاسقوں کی قوم تھی۔(۵۴) پھر جب اُنھوں نے ہمیں ناراض کردیا تو ہم نے ان سے بدلہ لے لیا۔

مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۵﴾ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ ع ۵ ۱۱

پس ہم نے ان تمام کو غرق کر دیا۔(۵۵) پھر ہم نے اُنھیں نابود کردیا اور بعد میں آنے والوں کے لیے باعثِ مثال بنادیا۔(۵۶)

غُنّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب، ہو) اپنی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ... تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز، کھڑی زیر یائی کی آواز، اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ﴿۵۷﴾ وَ

اور جب عیسیٰ ابن مریم(علیہا السلام) کی مثال بیان کی گئی تو ان میں سے قوم کے کچھ لوگوں نے شور مچادیا۔(۵۷) اور

قَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ؕ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ

کہنے لگے کہ ہمارے معبود بہتر ہیں یا وہ جنھوں نے یہ مثال صرف جھگڑنے کے لیے بیان کی بلکہ وہ قوم بڑی

خَصِمُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ

جھگڑالو ہے۔(۵۸) حضرت عیسیٰ اللہ کے بندے ہیں جن پر اللہ نے انعام فرمایاہے اور اُنھیں بنی اسرائیل کے لیے ایک مثال بنا

اِسْرَآءِيْلَ ؕ ﴿۵۹﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ﴿۶۰﴾

دیاہے۔(۵۹) اوراگر ہم چاہتے تو تمہاری جگہ پر زمین میں فرشتوں کو آباد کردیتے جو تمہارے جانشین ہوتے۔(۶۰)

وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ

اور بیشک حضرت عیسیٰ علامات قیامت میں سے ہیں، پھر اس میں ہرگز شبہ نہ کیاجائے اور میری اتباع کرو یہی

مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۲﴾ وَلَمَّا

صراط مستقیم ہے۔ (۶۱) اور کہیں شیطان تمھیں اس راہ سے روک نہ دے بیشک وہ تمہارا اعلانیہ دشمن ہے۔(۶۲) اورجب

جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نشانیوں کے ساتھ آئے تو اُنھوں نے فرمایا کہ میں تمہارے پاس حکمت لے کر آیا ہوں

بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ

تاکہ وہ بات بیان کردوں جس میں تمہارا اختلاف ہے۔ لہٰذا اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔(۶۳) یقیناً اللہ ہی میرا

رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۴﴾ فَاخْتَلَفَ

اور تمہارا رب ہے پس اس کی عبادت کرو۔ یہی صراط مستقیم ہے۔(۶۴) پھر اُن کے گروہ

الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ

آپس میں اختلاف کرنے لگے۔ پس دردناک عذاب کے دن ظلم کرنے والوں کے لیے

اَلِيْمٍ ﴿۶۵﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ

تباہی ہے۔(۶۵) کیا یہ لوگ قیامت کے انتظار میں ہیں جو ان پر اچانک آجائے گی اور اُنھیں

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۶﴾ اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۭ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا

پتہ نہ چلے گا۔ (۶۶) اس دن اہلِ تقویٰ کے علاوہ باقی سب ایک دُوسرے کے دشمن

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر - پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز الٹا پیش واو کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

الْمُتَّقِيْنَ ﴿۶۷﴾ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۶۸﴾ اَلَّذِيْنَ ع ۶ ۱۱ ۱۲

بن جائیں گے۔(۶۷) اے میرے بندو! آج تم پر کوئی خوف نہیں ہے اور نہ ہی تمہیں کسی قسم کا غم ہے۔(۶۸) جو

اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿۶۹﴾ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ

ہماری آیتوں پر ایمان لانے والے ہی دراصل مسلمان تھے۔ (۶۹) تم اور تمہاری ازواج خوشی کے ساتھ جنت میں

تُحْبَرُوْنَ ﴿۷۰﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ ۚ وَفِيْهَا

داخل ہوجاؤ۔(۷۰)ان پر سونے کے تھال اور گلاس لائے جائیں گے اور ہر وہ چیز جسے ان کا دل پسند کرے گا موجود ہوگی

مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَ

اور آنکھوں کو لذّت حاصل ہوگی اور تم اس میں ہمیشہ رہو گے۔(۷۱) اور

تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۲﴾ لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ

یہی وہ جنت ہے جس کے تم اپنے اعمال کی بناء پر وارث بن گئے ہو۔(۷۲) تمہارے لیے اس میں کھانے کے لیے

كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۳﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۷۴﴾

کثرت سے پھل موجود ہیں۔ (۷۳) بیشک جرم کرنے والے جہنم کے عذاب میں ہمیشہ رہیں گے۔(۷۴)

لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا

ان سے وہ عذاب کبھی کم نہ کیا جائے گا اور وہ اُس میں نا اُمید ہو کر موجود رہیں گے۔(۷۵)اور ہم نے ان پر زیادتی نہیں کی لیکن وہ

هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۶﴾ وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ؕ قَالَ اِنَّكُمْ

خود ہی اپنے اوپر ظلم کرتے رہے۔ (۷۶) اور وہ پکاریں گے اے مالک تمہارا رب ہمیں بالکل ختم کردے۔ وہ کہے گا تمہیں

مّٰكِثُوْنَ ﴿۷۷﴾ لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۸﴾

تو یہاں ہمیشہ قیام کرنا ہے۔(۷۷) بیشک ہم تمہارے پاس حق لے کر آئے تھے لیکن تمہاری اکثریت حق کو ناپسند کرنے والی تھی۔(۷۸)

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَ

کیا اُنھوں نے اپنے کسی کام کے کرنے کا فیصلہ کر رکھا ہے۔(۷۹) تو ہم بھی اپنے فیصلے کو پکا کر لیتے ہیں۔ کیا یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ اُن کے پوشیدہ

نَجْوٰىهُمْ ؕ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۸۰﴾ قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ

رازوں اور سرگوشیوں کو ہم نہیں سنتے۔ ہاں ہم سنتے ہیں اور ہمارے فرشتے اُن کے پاس موجود رہتے ہیں جو اُن کی باتیں لکھتے رہتے ہیں۔(۸۰) آپ

وَلَدٌ ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ

فرما دیجئے بالفرض رحمٰن کی اگر کوئی اولاد ہوتی تو سب سے پہلے میں ہی اسے تسلیم کرنے والا ہوتا۔(۸۱) آسمانوں اور زمین کا رب

غُنّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفاء: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، ۔تین الف کے برابر - پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واو کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

الۡعَرۡشِ عَمَّا یَصِفُوۡنَ ﴿۸۲﴾ فَذَرۡهُمۡ یَخُوۡضُوۡا وَ یَلۡعَبُوۡا حَتّٰی یُلٰقُوۡا

پاک ہے جو عرش کا بھی رب ہے وہ اُن کی باتوں سے مبرّا ہے۔(۸۲) پس اے محبوب! آپ اُنہیں فضول باتوں اور کھیل میں مبتلا رہنے دیں حتیٰ کہ وہ

یَوۡمَهُمُ الَّذِیۡ یُوۡعَدُوۡنَ ﴿۸۳﴾ وَ هُوَ الَّذِیۡ فِی السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّ فِی

دن آجائے جس کا ان سے وعدہ ہے۔(۸۳) اور آسمان میں وہی ایک معبود ہے اور زمین میں بھی

الۡاَرۡضِ اِلٰهٌ ؕ وَ هُوَ الۡحَکِیۡمُ الۡعَلِیۡمُ ﴿۸۴﴾ وَ تَبٰرَکَ الَّذِیۡ لَهٗ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ

وہی معبود ہے، وہ حکمت والا علم والا ہے۔(۸۴) اور وہ بہت بابرکت ہے آسمانوں اورزمین میں جوکچھ ہے

وَ الۡاَرۡضِ وَ مَا بَیۡنَهُمَا ۚ وَ عِنۡدَهٗ عِلۡمُ السَّاعَةِ ۚ وَ اِلَیۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۸۵﴾

اور جو اُن کے درمیان ہے اُسی کی مملکت ہے اور قیامت کا علم اُسی کے پاس ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔(۸۵)

وَ لَا یَمۡلِکُ الَّذِیۡنَ یَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنۡ شَهِدَ

اللہ کے سوا جن کو یہ پوجتے ہیں اُنہیں شفاعت کا اختیار حاصل نہیں ہے ہاں شفاعت کا حق اُنہیں حاصل ہے جو حق کی گواہی دیں

بِالۡحَقِّ وَ هُمۡ یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۸۶﴾ وَ لَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَهُمۡ لَیَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ

اوروہ علم رکھتے ہوں۔(۸۶) اور اگر آپ ان سے سوال کریں کہ اُنہیں کس نے پیدا کیا ہے تو وہ ضرور کہیں گے ہمیں اللہ نے پیدا کیا ہے

وقف لازم فَاَنّٰی یُؤۡفَکُوۡنَ ﴿۸۷﴾ۙ وَ قِیۡلِهٖ یٰرَبِّ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوۡمٌ لَّا یُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۸۸﴾ۘ فَاصۡفَحۡ

تو پھر یہ کہاں پھرے جاتے ہیں۔(۸۷) قسم ہے رسول کے اس قول کی کہ اے میرے رب! یہ ایمان لانے والی قوم نہیں ہے۔(۸۸) پس ان سے

ع ۲۲ ۱۳ عَنۡهُمۡ وَ قُلۡ سَلٰمٌ ؕ فَسَوۡفَ یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۸۹﴾ ع

درگزر کیا جائے اور کہہ دیں کہ تمہیں سلام ہے، پس بہت جلد اُنہیں معلوم ہوجائے گا۔(۸۹)

رُکُوۡعَاتُهَا	اٰیٰتُهَا		سُوۡرَةُ الدُّخَانِ
۳	۵۹	بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ	۶۴ مَکِّیَّةٌ ۴۴

اس میں ۵۹ آیات اور ۳ رکوع ہیں۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ سورۃ الدخان مکی ہے

۱۲ع حٰمٓ ﴿۱﴾ۚ وَ الۡکِتٰبِ الۡمُبِیۡنِ ﴿۲﴾ۙ اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰهُ فِیۡ لَیۡلَةٍ مُّبٰرَکَةٍ اِنَّا کُنَّا

حا ،میم۔(۱) اور اس کتاب مبین کی قسم۔ (۲) بیشک ہم نے اُسے ایک مبارک رات میں اُتارا، بلاشبہ ہم باخبر

مُنۡذِرِیۡنَ ﴿۳﴾ فِیۡهَا یُفۡرَقُ کُلُّ اَمۡرٍ حَکِیۡمٍ ﴿۴﴾ۙ اَمۡرًا مِّنۡ عِنۡدِنَا ؕ اِنَّا کُنَّا

کرنے والے ہیں۔(۳) اس رات میں حکمت کے تمام اُمور کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔(۴) ہر حکم ہماری طرف سے ہے۔ بیشک ہم ہی رسول

مُرۡسِلِیۡنَ ﴿۵﴾ۚ رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّکَ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ﴿۶﴾ۙ رَبِّ السَّمٰوٰتِ

بھیجنے والے ہیں۔(۵) یہ تمہارے رب کی رحمت ہے، بلاشبہ وہ سننے والا علم والا ہے۔(۶) آسمانوں اور زمین

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واو کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وَ الۡاَرۡضِ وَ مَا بَیۡنَهُمَا ۘ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّوۡقِنِیۡنَ ﴿۷﴾ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحۡیٖ وَ یُمِیۡتُ ؕ وقف لازم

اور جو کچھ ان میں ہے وہ ان سب کا رب ہے بشرطیکہ تمہیں یقین ہو۔(۷) اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی زندگی اور موت دینے والا ہے،

رَبُّكُمۡ وَ رَبُّ اٰبَآئِكُمُ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۸﴾ بَلۡ هُمۡ فِیۡ شَكٍّ یَّلۡعَبُوۡنَ ﴿۹﴾ فَارۡتَقِبۡ

تمہارا رب ہے اور تم سے پہلے تمہارے آباؤاجداد کا بھی رب ہے۔(۸) بلکہ وہ شک کر کے کھیل میں مبتلا ہو گئے ہیں۔(۹) پس اس دن کا انتظار

یَوۡمَ تَاۡتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیۡنٍ ﴿۱۰﴾ لا یَّغۡشَی النَّاسَ ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ﴿۱۱﴾

کیا جائے جس دن آسمان پر واضح طور پر دھواں آجائے گا۔(۱۰) جو لوگوں پر چھا جائے گا یہی دردناک عذاب ہوگا۔(۱۱)

رَبَّنَا اكۡشِفۡ عَنَّا الۡعَذَابَ اِنَّا مُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۲﴾ اَنّٰی لَهُمُ الذِّكۡرٰی وَ قَدۡ

اس دن کہیں گے اے ہمارے رب ہم سے اس عذاب کو ٹال دے بیشک ہم مومن ہو گئے۔(۱۲) اس وقت اُن کے لیے نصیحت قبول کرلینا کہاں کا فائدہ

جَآءَهُمۡ رَسُوۡلٌ مُّبِیۡنٌ ﴿۱۳﴾ لا ثُمَّ تَوَلَّوۡا عَنۡهُ وَ قَالُوۡا مُعَلَّمٌ مَّجۡنُوۡنٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّا وقف لازم

ہے حالانکہ اُن کے پاس رسول مبین تشریف لائے۔(۱۳) پھر بھی اُن کی طرف متوجہ نہ ہوئے اور کہنے لگے کہ یہ ایسے معلم ہیں جن پر عشقِ الٰہی کے غلبہ کا اثر ہے۔(۱۴) بیشک

كَاشِفُوا الۡعَذَابِ قَلِیۡلًا اِنَّكُمۡ عَآئِدُوۡنَ ﴿۱۵﴾ یَوۡمَ نَبۡطِشُ الۡبَطۡشَةَ وقف لازم

ہم تھوڑے عرصہ کے لیے تم سے عذاب کو روک دیتے ہیں۔ مگر تم پھر بھی کفر کی طرف رغبت کرنے والے ہو۔(۱۵) جس دن ہم انہیں پوری شدت کے

الۡكُبۡرٰی ۚ اِنَّا مُنۡتَقِمُوۡنَ ﴿۱۶﴾ وَ لَقَدۡ فَتَنَّا قَبۡلَهُمۡ قَوۡمَ فِرۡعَوۡنَ وَ جَآءَهُمۡ

ساتھ پکڑیں گے بیشک اس دن ان سے انتقام لیں گے۔(۱۶) اور ہم ان سے پہلے فرعون کی قوم کو آزما چکے ہیں اور اُن کے پاس ہمارے معزز رسول

رَسُوۡلٌ كَرِیۡمٌ ﴿۱۷﴾ لا اَنۡ اَدُّوۡۤا اِلَیَّ عِبَادَ اللّٰهِ ؕ اِنِّیۡ لَكُمۡ رَسُوۡلٌ اَمِیۡنٌ ﴿۱۸﴾ لا وَّ

حضرت موسیٰ تشریف لائے۔(۱۷) اُنہوں نے کہا تھا کہ اللہ کے بندوں یعنی بنی اسرائیل کو میرے حوالے کردو بیشک میں تمہارے لیے رسول امین ہوں۔(۱۸)

اَنۡ لَّا تَعۡلُوۡا عَلَی اللّٰهِ ۚ اِنِّیۡۤ اٰتِیۡكُمۡ بِسُلۡطٰنٍ مُّبِیۡنٍ ﴿۱۹﴾ ج وَ اِنِّیۡ عُذۡتُ

اور اللہ کے سامنے سرکشی نہ کرو۔ بیشک میں تمہارے پاس واضح سند لایا ہوں۔(۱۹) اور بلاشبہ میں اپنے رب

بِرَبِّیۡ وَ رَبِّكُمۡ اَنۡ تَرۡجُمُوۡنِ ﴿۲۰﴾ ز وَ اِنۡ لَّمۡ تُؤۡمِنُوۡا لِیۡ فَاعۡتَزِلُوۡنِ ﴿۲۱﴾

اور تمہارے رب کی پناہ لے چکا ہوں اس سے کہ تم مجھے سنگسار کرو۔(۲۰) اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے کنارہ کش ہو جاؤ۔(۲۱)

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوۡمٌ مُّجۡرِمُوۡنَ ﴿۲۲﴾ الثلثة فَاَسۡرِ بِعِبَادِیۡ لَیۡلًا اِنَّكُمۡ الثلثة

پس اُنہوں نے اپنے رب کے حضور دعا کی کہ یہ مجرم لوگوں کی قوم ہے۔(۲۲) تو حکم ہوا کہ ہمارے بندوں کو رات کے وقت لے کر چل پڑو

مُّتَّبَعُوۡنَ ﴿۲۳﴾ لا وَ اتۡرُكِ الۡبَحۡرَ رَهۡوًا ؕ اِنَّهُمۡ جُنۡدٌ مُّغۡرَقُوۡنَ ﴿۲۴﴾ كَمۡ تَرَكُوۡا

یقیناً تمہارا پیچھا کیا جائے گا۔(۲۳) دریا کو ٹھہرا ہوا چھوڑ کر پار کر جاؤ۔ بیشک وہ ایک غرق ہونے والا لشکر تھا۔(۲۴) کتنے باغ

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

مِنۡ جَنّٰتٍ وَّ عُیُوۡنٍ ﴿۲۵﴾ وَّ زُرُوۡعٍ وَّ مَقَامٍ کَرِیۡمٍ ﴿۲۶﴾ وَّ نَعۡمَۃٍ کَانُوۡا فِیۡهَا

اور چشمے چھوڑ گئے۔(۲۵) اور کھیت اور عالیشان محلات بھی چھوڑ گئے۔(۲۶) اور بہت سا سامانِ آرائش بھی چھوڑ گئے جس میں وہ بڑے مزے

فٰکِهِیۡنَ ﴿۲۷﴾ کَذٰلِکَ ۟ وَ اَوۡرَثۡنٰهَا قَوۡمًا اٰخَرِیۡنَ ﴿۲۸﴾ فَمَا بَکَتۡ عَلَیۡهِمُ السَّمَآءُ

سے رہتے تھے۔(۲۷) ان کا انجام اسی طرح کا تھا اور ہم نے بعد میں آنے والی قوم کو اُن کی اشیاء کا وارث بنا دیا۔(۲۸) اُن کے برباد ہونے پر نہ آسمان

وَ الۡاَرۡضُ وَ مَا کَانُوۡا مُنۡظَرِیۡنَ ﴿۲۹﴾ وَ لَقَدۡ نَجَّیۡنَا بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ مِنَ ع ۲۹ ۱۴

اور نہ ہی زمین کو رونا آیا اور نہ ہی اُنہیں مہلت دی گئی۔(۲۹) بیشک ہم نے بنی اسرائیل کو ذلت آمیز عذاب سے

الۡعَذَابِ الۡمُهِیۡنِ ﴿۳۰﴾ مِنۡ فِرۡعَوۡنَ ؕ اِنَّهٗ کَانَ عَالِیًا مِّنَ الۡمُسۡرِفِیۡنَ ﴿۳۱﴾

نجات دی۔(۳۰) یعنی فرعون سے۔ بلاشبہ وہ بڑا سرکش اور حد کو پس پشت ڈالنے والا تھا۔(۳۱)

وَ لَقَدِ اخۡتَرۡنٰهُمۡ عَلٰی عِلۡمٍ عَلَی الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۳۲﴾ وَ اٰتَیۡنٰهُمۡ مِّنَ الۡاٰیٰتِ

اور بیشک ہم نے بنی اسرائیل کو علم کے مطابق تمام دنیا پر ترجیح دی تھی۔(۳۲) اور اُنہیں ایسی نشانیاں دی تھیں

مَا فِیۡهِ بَلٰٓـؤٌا مُّبِیۡنٌ ﴿۳۳﴾ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ لَیَقُوۡلُوۡنَ ﴿۳۴﴾ اِنۡ هِیَ اِلَّا مَوۡتَتُنَا

جن میں صریحاً آزمائش تھی۔(۳۳) بیشک یہ لوگوں یعنی کفار مکہ کا کہنا ہے۔(۳۴) یہ کہ پہلی موت کے سوا کچھ نہیں

الۡاُوۡلٰی وَ مَا نَحۡنُ بِمُنۡشَرِیۡنَ ﴿۳۵﴾ فَاۡتُوۡا بِاٰبَآئِنَاۤ اِنۡ کُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ ﴿۳۶﴾

اور ہم دوبارہ اُٹھنے والوں سے نہیں ہیں۔(۳۵) پس اگر تم میں صداقت ہے تو ہمارے آباؤاجداد کو زندہ کرکے لے آؤ۔(۳۶)

اَهُمۡ خَیۡرٌ اَمۡ قَوۡمُ تُبَّعٍ ۙ وَّ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ اَهۡلَکۡنٰهُمۡ ۫ اِنَّهُمۡ کَانُوۡا

کیا وہ بہتر ہیں یا تبع کی قوم اور جو لوگ ان سے پہلے تھے ہم نے اُن کو ہلاک کردیا۔ بیشک وہ

مُجۡرِمِیۡنَ ﴿۳۷﴾ وَ مَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ وَ مَا بَیۡنَهُمَا لٰعِبِیۡنَ ﴿۳۸﴾ مَا

جرم کرنے والے تھے۔(۳۷) اور ہم نے آسمان اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے ان کو کھیل کے طور پر پیدا نہیں کیا۔(۳۸) ہم نے

خَلَقۡنٰهُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ وَ لٰکِنَّ اَکۡثَرَهُمۡ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّ یَوۡمَ الۡفَصۡلِ

اُنہیں حق کے ساتھ پیدا کیا ہے لیکن اُن کی اکثریت اس سے لاعلم ہے۔(۳۹) ان تمام کے لیے فیصلے کا دن

مِیۡقَاتُهُمۡ اَجۡمَعِیۡنَ ﴿۴۰﴾ یَوۡمَ لَا یُغۡنِیۡ مَوۡلًی عَنۡ مَّوۡلًی شَیۡئًا وَّ لَا هُمۡ

مقرر شدہ ہے۔(۴۰) جس دن کوئی قریبی عزیز کسی دوست کے کام نہیں آسکے گا اور نہ اُن کی

یُنۡصَرُوۡنَ ﴿۴۱﴾ اِلَّا مَنۡ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡعَزِیۡزُ الرَّحِیۡمُ ﴿۴۲﴾ اِنَّ شَجَرَتَ ع ۱۳ ۲ ۱۵

مدد کی جائے گی۔(۴۱) سوائے اس کے کہ جن پر اللہ رحم فرمادے بلاشبہ وہ غلبے والا رحم والا ہے۔(۴۲) بیشک زقوم

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مد: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا کر کے پڑھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

معانقة ١٢

الزَّقُّوۡمِ ۝٤٣ طَعَامُ الۡاَثِيۡمِ ۝٤٤ كَالۡمُهۡلِ ۛۚ يَغۡلِىۡ فِى الۡبُطُوۡنِ ۝٤٥ كَغَلۡىِ

کا درخت ۔(۴۳) گنہگار کا طعام ہے۔(۴۴) پگھلا ہوا تانبا۔ پیٹوں میں اس طرح جوش مارے گا ۔(۴۵) جس طرح کھولتا

الۡحَمِيۡمِ ۝٤٦ خُذُوۡهُ فَاعۡتِلُوۡهُ اِلٰى سَوَآءِ الۡجَحِيۡمِ ۝٤٧ ثُمَّ صُبُّوۡا فَوۡقَ

ہوا پانی جوش مارتا ہے۔(۴۶) حکم ہوگا کہ اسے پکڑ کر گھسیٹتے ہوئے جہنم کے درمیان تک لے جاؤ۔(۴۷) پھر اسے عذاب دینے کے لیے

رَاۡسِهٖ مِنۡ عَذَابِ الۡحَمِيۡمِ ۝٤٨ ذُقۡ ۙۚ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الۡكَرِيۡمُ ۝٤٩ اِنَّ

اس کے سر پر کھولتا ہوا پانی ڈالو۔ (۴۸) مزہ چکھو، بیشک تم بڑے معزز اور مکرم آدمی تھے۔ (۴۹) بیشک

هٰذَا مَا كُنۡتُمۡ بِهٖ تَمۡتَرُوۡنَ ۝٥٠ اِنَّ الۡمُتَّقِيۡنَ فِىۡ مَقَامٍ اَمِيۡنٍ ۝٥١

یہ وہی جہنم ہے جس کے متعلق تم شک میں مبتلا تھے۔(۵۰) بلاشبہ اہلِ تقویٰ امن کے مقام پر ہوں گے۔(۵۱)

فِىۡ جَنّٰتٍ وَّعُيُوۡنٍ ۝٥٢ يَّلۡبَسُوۡنَ مِنۡ سُنۡدُسٍ وَّاِسۡتَبۡرَقٍ

باغوں اور چشموں میں ہوں گے۔(۵۲) باریک ریشم اور موٹے ریشم کے لباس پہنیں گے اورآمنے سامنے

مُّتَقٰبِلِيۡنَ ۝٥٣ كَذٰلِكَ وَزَوَّجۡنٰهُمۡ بِحُوۡرٍ عِيۡنٍ ۝٥٤ يَدۡعُوۡنَ فِيۡهَا

بیٹھیں گے۔(۵۳) وہاں اسی طرح کی سہولتیں ہوں گی اور ہم بڑی آنکھوں والی حوروں کو اُن کی بیویاں بنادیں گے۔(۵۴) وہاں بڑے اطمینان کے

بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيۡنَ ۝٥٥ لَا يَذُوۡقُوۡنَ فِيۡهَا الۡمَوۡتَ اِلَّا الۡمَوۡتَةَ

ساتھ ہر قسم کے کھانے کی چیز منگوالیا کریں گے۔(۵۵) پس پہلی موت کے سوا وہاں وہ موت کا مزہ نہ چکھیں گے

الۡاُوۡلٰى ۚ وَوَقٰهُمۡ عَذَابَ الۡجَحِيۡمِ ۝٥٦ فَضۡلًا مِّنۡ رَّبِّكَ ؕ ذٰلِكَ

اور جہنم کے عذاب سے بچ جائیں گے۔(۵۶) یہ آپ کے رب کا فضل ہے یہی دراصل بہت

هُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ۝٥٧ فَاِنَّمَا يَسَّرۡنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمۡ يَتَذَكَّرُوۡنَ ۝٥٨

بڑی کامیابی ہے۔(۵۷) پس اے محبوب! ہم نے اس قرآن کو آپ کی زبان میں آسان کردیا ہے تاکہ یہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔(۵۸)

فَارۡتَقِبۡ اِنَّهُمۡ مُّرۡتَقِبُوۡنَ ۝٥٩ ع ٣ ١٧ ١٢

پس آپ انتظار فرمائیں، یہ بھی منتظر ہیں۔(۵۹)

سُوۡرَةُ الۡجَاثِيَة ٤٥ مَكِّيَّةٌ ٦٥ — بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ — اٰيَاتُهَا ٣٧ رُكُوۡعَاتُهَا ٤

سورۃ الجاثیہ مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۳۷ آیات اور ۴ رکوع ہیں۔

حٰمٓ ۝١ تَنۡزِيۡلُ الۡكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الۡعَزِيۡزِ الۡحَكِيۡمِ ۝٢ اِنَّ فِى السَّمٰوٰتِ

حامیم۔(۱) یہ کتاب اللہ کی طرف سے نازل کردہ ہے جو غلبے والا حکمت والا ہے۔(۲) بیشک آسمانوں اور

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا — تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا — قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفاء: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا — کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

وَالۡاَرۡضِ لَاٰیٰتٍ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۳﴾ وَفِیۡ خَلۡقِكُمۡ وَمَا یَبُثُّ مِنۡ دَآبَّةٍ

زمین میں مومنوں کے لیے نشانیاں ہیں۔(۳) اور تمہاری تخلیق اور پھیلائے ہوئے جانوروں میں یقین کرنے والی

اٰیٰتٌ لِّقَوۡمٍ یُّوۡقِنُوۡنَ ﴿۴﴾ وَاخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنۡزَلَ اللّٰهُ

قوم کے لیے نشانیاں ہیں۔(۴) رات اور دن کے مختلف ہونے میں اور آسمان سے نازل کیے ہوئے اللہ کے

مِنَ السَّمَآءِ مِنۡ رِّزۡقٍ فَاَحۡیَا بِهِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا وَتَصۡرِیۡفِ

رزق میں زمین کو مردہ ہونے کے بعد زندہ کرنے میں اور ہواؤں کے چلنے میں

الرِّیٰحِ اٰیٰتٌ لِّقَوۡمٍ یَّعۡقِلُوۡنَ ﴿۵﴾ تِلۡكَ اٰیٰتُ اللّٰهِ نَتۡلُوۡهَا عَلَیۡكَ بِالۡحَقِّ ۚ

عقل رکھنے والی قوم کے لیے نشانیاں ہیں۔(۵) یہ اللہ تعالیٰ کی آیات ہیں جنھیں ہم آپ پر حق کے ساتھ پڑھتے ہیں

فَبِاَیِّ حَدِیۡثٍۢ بَعۡدَ اللّٰهِ وَاٰیٰتِهٖ یُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۶﴾ وَیۡلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِیۡمٍ ﴿۷﴾

پس اللہ اور اس کی آیات کے بعد وہ کس بات پر ایمان لائیں گے۔(۶) ہر جھوٹے گنہگار کے لیے تباہی ہے۔ (۷)

یَّسۡمَعُ اٰیٰتِ اللّٰهِ تُتۡلٰی عَلَیۡهِ ثُمَّ یُصِرُّ مُسۡتَكۡبِرًا كَاَنۡ لَّمۡ یَسۡمَعۡهَا ۚ

اللہ کی آیتوں کو سنتا ہے جبکہ اُن کی تلاوت کی جاتی ہے پھر تکبر کی بنا پر وہ اپنے کفر پر اڑا رہتا ہے غرضیکہ اس نے آیتوں کو سنا ہی نہیں،

فَبَشِّرۡهُ بِعَذَابٍ اَلِیۡمٍ ﴿۸﴾ وَاِذَا عَلِمَ مِنۡ اٰیٰتِنَا شَیۡـًٔا ۨ اتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ

پس اس کے لئے دردناک عذاب کی خبر ہے۔(۸) اور پھر جب اسے ہماری آیات میں سے کسی چیز کا علم ہوتا ہے تو ان کا مذاق اُڑانے لگتا ہے

اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ مُّهِیۡنٌ ﴿۹﴾ مِنۡ وَّرَآئِهِمۡ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا یُغۡنِیۡ عَنۡهُمۡ مَّا

اُن کے لئے رسوائی والا عذاب ہے۔(۹) اُن کے پیچھے جہنم ہے اور جو اُنھوں نے کمایا

كَسَبُوۡا شَیۡـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اَوۡلِیَآءَ ۚ وَلَهُمۡ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ ﴿۱۰﴾

اس میں سے کسی چیز نے بھی اُنہیں غنی نہ کیا اور اللہ کے سوا جن کو اُنھوں نے حمایتی بنایا تھا وہ کام نہ آئے اور اُن کے لیے عذاب عظیم ہے۔(۱۰)

ع ۱۱/۱۷ هٰذَا هُدًی ۚ وَالَّذِیۡنَ كَفَرُوۡا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمۡ لَهُمۡ عَذَابٌ مِّنۡ رِّجۡزٍ اَلِیۡمٌ ﴿۱۱﴾

یہ قرآن ہدایت ہے اور اپنے رب کی آیتوں کا انکار کرنے والوں کے لیے انتہائی دردناک عذاب ہے۔(۱۱)

اَللّٰهُ الَّذِیۡ سَخَّرَ لَكُمُ الۡبَحۡرَ لِتَجۡرِیَ الۡفُلۡكُ فِیۡهِ بِاَمۡرِهٖ وَلِتَبۡتَغُوۡا

اللہ نے تمہارے لیے بحر کو مسخر کردیا ہے تاکہ اس میں اُس کے حکم کے مطابق کشتیاں چلائی جائیں جس سے اس کا فضل

مِنۡ فَضۡلِهٖ وَلَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ﴿۱۲﴾ وَسَخَّرَ لَكُمۡ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی

تلاش کیا جائے تاکہ تم شکر کرو۔(۱۲) آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے ان تمام کو تمہارے لیے

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا مِّنۡهُ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ ﴿۱۳﴾ قُلْ لِّلَّذِيۡنَ

مسخر کردیا گیا ہے۔ غوروفکر کرنے والی قوم کے لیے بیشک اس میں نشانیاں ہیں۔(۱۳) آپ اہلِ ایمان سے فرمادیں کہ

اٰمَنُوۡا يَغۡفِرُوۡا لِلَّذِيۡنَ لَا يَرۡجُوۡنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجۡزِىَ قَوۡمًا ۢ بِمَا كَانُوۡا

جو لوگ اللہ کے دنوں کی اُمید نہیں رکھتے ان سے درگزر کریں تاکہ اللہ اُن لوگوں کو اُن کے اعمال کا

يَكۡسِبُوۡنَ ﴿۱۴﴾ مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفۡسِهٖ ۚ وَمَنۡ اَسَآءَ فَعَلَيۡهَا ۫ ثُمَّ

بدلہ دے۔ (۱۴) جوکوئی صالح عمل کرے گا تو وہ اس کی اپنی ذات کے لیے ہے اور جس نے بُرا کیا تو اس کا وبال اسی پر ہوگا پھر

اِلٰى رَبِّكُمۡ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۱۵﴾ وَلَـقَدۡ اٰتَيۡنَا بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ الۡكِتٰبَ وَالۡحُكۡمَ

تمہیں لوٹ کر اپنے رب ہی کی طرف جانا ہے۔ (۱۵)اور بیشک ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب حکومت

وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقۡنٰهُمۡ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلۡنٰهُمۡ عَلَى الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۱۶﴾ ۚ

اور نبوت عطا فرمائی اورہم نے ان کو پاکیزہ چیزوں کارزق دیا اورہم نے اُنہیں تمام دنیاپر فضیلت بھی عطا کی۔ (۱۶)

وَاٰتَيۡنٰهُمۡ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الۡاَمۡرِ‌ ۚ فَمَا اخۡتَلَفُوۡۤا اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ

اورہم نے اُنہیں دین کے متعلق واضح ثبوت بھی عطا کیے پس اُنہوں نے علم آجانے کے بعد جو اختلاف کیا

الۡعِلۡمُ ۙ بَغۡيًاۢ بَيۡنَهُمۡ‌ ؕ اِنَّ رَبَّكَ يَقۡضِىۡ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ فِيۡمَا

اس کی وجہ آپس میں ایک دوسرے سے ضد تھی۔ بیشک آپ کارب قیامت کے دن کی اختلاف شدہ باتوں میں اُن کے درمیان

كَانُوۡا فِيۡهِ يَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ جَعَلۡنٰكَ عَلٰى شَرِيۡعَةٍ مِّنَ الۡاَمۡرِ فَاتَّبِعۡهَا

فیصلہ فرما دے گا۔(۱۷) پھر ہم نے آپ کو دین کے معاملے میں شریعت پر قائم کردیا پس اسی کی اتباع کی جائے

وَلَا تَتَّبِعۡ اَهۡوَآءَ الَّذِيۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۸﴾ اِنَّهُمۡ لَنۡ يُّغۡنُوۡا عَنۡكَ مِنَ

اور بے علم لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کی جائے۔(۱۸) بیشک وہ اللہ کے مقابلے میں آپ کے کچھ بھی کام نہ آسکیں گے۔

اللّٰهِ شَيۡـئًا‌ ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيۡنَ بَعۡضُهُمۡ اَوۡلِيَآءُ بَعۡضٍ‌ ۚ وَاللّٰهُ وَلِىُّ الۡمُتَّقِيۡنَ ﴿۱۹﴾

اور بیشک ظلم کرنے والے آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ اور اہلِ تقویٰ کا دوست اللہ ہے۔(۱۹)

هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّ رَحۡمَةٌ لِّقَوۡمٍ يُّوۡقِنُوۡنَ ﴿۲۰﴾ اَمۡ حَسِبَ

یہ لوگوں کے لیے بصیرت افروز قرآن ہے جوہدایت اور رحمت ہے یہ اُن کے لیے بھی ہے جویقین لاتے ہیں۔(۲۰) کیا برائیوں کے مرتکب

الَّذِيۡنَ اجۡتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنۡ نَّجۡعَلَهُمۡ كَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ

لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ کیا ہم اُن کواُن لوگوں کی مانند کردیں گے جو صاحب ایمان ہیں اور صالح عمل کرنے والے ہیں۔

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مد ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

سَوَآءً مَّحۡيَاهُمۡ وَمَمَاتُهُمۡ ؕ سَآءَ مَا يَحۡكُمُوۡنَ ﴿۲۱﴾ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ ع ۱۰ ۲ ۱۸

تاکہ اُن کی زندگی اور موت ایک جیسی ہوجائے جو حکم یہ لگاتے ہیں بہت ہی بُرا ہے۔(۲۱) اور اللہ نے آسمانوں اور

وَالۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ وَلِتُجۡزٰى كُلُّ نَفۡسٍۢ بِمَا كَسَبَتۡ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُوۡنَ ﴿۲۲﴾

زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے تاکہ ہر شخص کو اس کے کیے ہوئے کا بدلہ دیا جائے اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔(۲۲)

اَفَرَءَيۡتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰٮهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلۡمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى

تو کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا ہے جس نے اپنی خواہشات کو اپنا معبود بنالیا ہے اور اللہ نے علم کے باوجود اُسے بے راہ ہی رہنے دیا ہے

سَمۡعِهٖ وَقَلۡبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنۡ يَّهۡدِيۡهِ مِنۡۢ بَعۡدِ

اور اس کے کانوں اور دل پر مہر لگادی ہے اوراس کی آنکھوں پر پردہ آگیا ہے۔پس اللہ کے بعد اسے کون ہدایت دے

اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوۡنَ ﴿۲۳﴾ وَقَالُوۡا مَا هِىَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنۡيَا نَمُوۡتُ وَنَحۡيَا

کیا پھر بھی تم سبق حاصل نہیں کرتے۔ (۲۳) اور اُنہوں نے کہا ہماری زندگی تو صرف دنیا ہی کی زندگی ہے جس میں ہم نے مرنا

وَمَا يُهۡلِكُنَاۤ اِلَّا الدَّهۡرُ ۚ وَمَا لَهُمۡ بِذٰلِكَ مِنۡ عِلۡمٍ ۚ اِنۡ هُمۡ اِلَّا

اور جینا ہے زمانے کے علاوہ ہمیں کوئی چیز ہلاک نہیں کرتی۔ اور اُنہیں اس کا کوئی علم

يَظُنُّوۡنَ ﴿۲۴﴾ وَاِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمۡ اِلَّاۤ اَنۡ

نہیں ہے۔(۲۴) یہ تو صرف قیاس ہی سے کام لے رہے ہیں۔اور جب اُن کے سامنے ہماری روشن آیات پڑھی جاتی ہیں تو اُن کے پاس سوائے

قَالُوا ائۡتُوۡا بِاٰبَآئِنَاۤ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ يُحۡيِيۡكُمۡ ثُمَّ يُمِيۡتُكُمۡ

یہ کہنے کے اور کچھ وجہ دلیل نہیں ہوتی کہ اگر تم سچے ہو تو ہمارے پاس باپ دادا کو لے آؤ۔(۲۵) آپ فرما دیجیے کہ اللہ ہی تمہیں زندگی عطا کرتا ہے

ثُمَّ يَجۡمَعُكُمۡ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ لَا رَيۡبَ فِيۡهِ وَلٰـكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ

پھر وہی تمہیں مارتا ہے پھر وہی تمہیں قیامت کے دن جس کے متعلق شک نہیں ہے تم سب کو جمع کرے گا لیکن اُن کی اکثریت

لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۶﴾ وَلِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ وَيَوۡمَ تَقُوۡمُ السَّاعَةُ ع ۵ ۳ ۱۹

لاعلم ہے۔(۲۶) اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اللہ ہی کی ہے۔ اور قیامت قائم ہونے والے دن

يَوۡمَئِذٍ يَّخۡسَرُ الۡمُبۡطِلُوۡنَ ﴿۲۷﴾ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۛ كُلُّ اُمَّةٍ

اہلِ باطل ہی خسارے میں رہ جائیں گے۔(۲۷) آپ ہر اُمت کو گھٹنوں کے بل گرا دیکھیں گے۔

تُدۡعٰۤى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلۡيَوۡمَ تُجۡزَوۡنَ مَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۸﴾ هٰذَا كِتٰبُنَا

ہر اُمت کو اپنے اعمال نامے کی طرف بلایا جائے گا۔آج کے دن تمہیں اس کا بدلہ دیا جائے گا جو کچھ تم کیا کرتے تھے۔(۲۸) ہمارا یہ لکھا ہوا

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

مدّ ،، تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا

قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

يَنۡطِقُ عَلَيۡكُمۡ بِالۡحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا نَسۡتَنۡسِخُ مَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۹﴾ فَاَمَّا

اعمال نامہ تمہارے بارے میں حق بیان کردے گا جو کچھ تم کرتے تھے ہم اسے لکھواتے رہے۔ (۲۹) پس

الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدۡخِلُهُمۡ رَبُّهُمۡ فِىۡ رَحۡمَتِهٖ ؕ

ایمان لانے والوں اور صالح عمل کرنے والوں کوان کارب اپنی رحمت میں داخل فرمادے گا۔

ذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡمُبِيۡنُ ﴿۳۰﴾ وَاَمَّا الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ۟ اَفَلَمۡ تَكُنۡ اٰيٰتِىۡ

یہی نمایاں کامیابی ہے۔(۳۰) اور کفر کرنے والوں سے کہا جائے گا کہ کیا میری آیات تمہیں پڑھ کر

تُتۡلٰى عَلَيۡكُمۡ فَاسۡتَكۡبَرۡتُمۡ وَكُنۡتُمۡ قَوۡمًا مُّجۡرِمِيۡنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا قِيۡلَ

نہ سنائی جاتی تھیں اس کے باوجود تم نے تکبر کیا اور مجرموں کی قوم بن گئے۔(۳۱) اور جب یہ بات کہی جاتی تھی

اِنَّ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيۡبَ فِيۡهَا قُلۡتُمۡ مَّا نَدۡرِىۡ مَا

کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت کے آنے میں کچھ شک نہیں ہے تو اس کے جواب میں تم یہی کہتے تھے کہ ہمیں قیامت کے متعلق

السَّاعَةُ ۙ اِنۡ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحۡنُ بِمُسۡتَيۡقِنِيۡنَ ﴿۳۲﴾ وَبَدَا لَهُمۡ

بالکل معلوم نہیں ہے ہم اسے محض گمان تصور کرتے ہیں اور ہمیں اس کا یقین نہیں ہے۔ (۳۲) اوراُن کے عملوں کی برائیاں

سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوۡا وَحَاقَ بِهِمۡ مَّا كَانُوۡا بِهٖ يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ﴿۳۳﴾ وَقِيۡلَ

ان پر نمایاں ہوگئیں اور اس عذاب نے آکر انہیں گھیر لیا جس کا وہ مذاق اُڑایا کرتے تھے۔(۳۳) اور ان سے کہہ دیا جائے گا

الۡيَوۡمَ نَنۡسٰٮكُمۡ كَمَا نَسِيۡتُمۡ لِقَآءَ يَوۡمِكُمۡ هٰذَا وَمَاۡوٰٮكُمُ النَّارُ وَ

کہ جس طرح تم نے آج کے دن کی ملاقات کوفراموش کیے رکھا اسی طرح ہم بھی فراموش کیے ہوئے ہیں اور تمہارا ٹھکانا

مَا لَـكُمۡ مِّنۡ نّٰصِرِيۡنَ ﴿۳۴﴾ ذٰلِكُمۡ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذۡتُمۡ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتۡكُمُ

جہنم ہے اور تمہارا کوئی مددگار نہیں ہے۔(۳۴) اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ کی آیتوں کو تم نے مذاق بنا لیا تھا اور دنیوی زندگی نے تمہیں دھوکے میں

الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا ۚ فَالۡيَوۡمَ لَا يُخۡرَجُوۡنَ مِنۡهَا وَلَا هُمۡ يُسۡتَعۡتَبُوۡنَ ﴿۳۵﴾

مبتلا کیا ہوا تھا۔پس آج یہ دوزخ سے نکالے نہیں جائیں گے اور نہ ہی انہیں توبہ کی توفیق ملے گی۔ (۳۵)

فَلِلّٰهِ الۡحَمۡدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الۡاَرۡضِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۳۶﴾ وَلَهُ

پس تمام حمد اللہ کے لیے ہے جو آسمانوں کارب ہے اور زمین کارب ہے رب العالمین بھی وہی ہے۔ (۳۶) اور

الۡكِبۡرِيَآءُ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۖ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۳۷﴾ ع ۱۱ ۲۰

آسمانوں وزمین کی کبریائی اسی کے شایانِ شان ہے، وہی غلبے والا حکمت والا ہے۔(۳۷)

سُوۡرَةُ الۡاَحۡقَافِ ٤٦ مَكِّيَّةٌ ٢٦ | اٰيَاتُهَا ٣٥ رُكُوۡعَاتُهَا ٤

سورۃ الاحقاف مکی ہے — اس میں ۳۵ آیات اور ۴ رکوع ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ۚ ﴿١﴾ تَنۡزِيۡلُ الۡكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الۡعَزِيۡزِ الۡحَكِيۡمِ ﴿٢﴾ مَا خَلَقۡنَا

حٰمٓ۔ (١) اس کتاب کا نزول اللہ کی طرف سے ہے جو عزت والا حکمت والا ہے۔(٢) آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ وَ مَا بَيۡنَهُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ وَ اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ

زمین میں جو کچھ ہے انہیں حق کے ساتھ پیدا کیا گیا ہے اور اُن کی مدت مقرر ہے۔ اور

وَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا عَمَّاۤ اُنۡذِرُوۡا مُعۡرِضُوۡنَ ﴿٣﴾ قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ مَّا تَدۡعُوۡنَ

کفر کرنے والوں کو جس بات سے ڈرایا جاتا ہے اسے وہ پس پشت ڈال دیتے ہیں۔(٣) فرمادیں کہ ذرا یہ تو دکھاؤ کہ اللہ کے سوا

مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اَرُوۡنِىۡ مَاذَا خَلَقُوۡا مِنَ الۡاَرۡضِ اَمۡ لَهُمۡ شِرۡكٌ

جن کو تم پوجتے ہو انہوں نے زمین میں کیا پیدا کیا ہے یا آسمانوں میں اُن کی کچھ حصہ داری ہے۔

فِى السَّمٰوٰتِ ؕ اِيۡتُوۡنِىۡ بِكِتٰبٍ مِّنۡ قَبۡلِ هٰذَاۤ اَوۡ اَثٰرَةٍ مِّنۡ عِلۡمٍ

میرے پاس وہ کتاب لے آؤ جو اس سے پہلے نازل ہوئی ہو یا علم کے آثار لے آؤ

اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿٤﴾ وَ مَنۡ اَضَلُّ مِمَّنۡ يَّدۡعُوۡا مِنۡ دُوۡنِ

اگر تم سچے ہو۔(٤) اور اس سے بڑھ کر کون گمراہ ہوگا جو اللہ کے سوا اس کو پکارے

اللّٰهِ مَنۡ لَّا يَسۡتَجِيۡبُ لَهٗۤ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ وَ هُمۡ عَنۡ دُعَآئِهِمۡ

جو قیامت تک اسے جواب نہ دے سکے اور وہ اُن کے پکارنے ہی سے

غٰفِلُوۡنَ ﴿٥﴾ وَ اِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوۡا لَهُمۡ اَعۡدَآءً وَّ كَانُوۡا بِعِبَادَتِهِمۡ

غافل ہیں۔(٥) اور حشر کے دن جب لوگوں کو جمع کیا جائے گا اُن کے معبود اُن کے دشمن ہوں گے اور اس سے انکار کریں گے کہ وہ ان

كٰفِرِيۡنَ ﴿٦﴾ وَ اِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا

کی پوجا کرتے تھے۔(٦) اوران پر جب ہماری روشن آیات پڑھی جاتی ہیں تو ان میں سے کافر حق آجانے کے بعد کہتے ہیں

لِلۡحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمۡ ۙ هٰذَا سِحۡرٌ مُّبِيۡنٌ ؕ ﴿٧﴾ اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰٮهُ ؕ قُلۡ

یہ تو صریحاً جادو ہے۔(٧) کیا وہ یہ بات کہتے ہیں کہ نبی نے اسے اپنی طرف سے بنا لیا ہے آپ اُس کے جواب میں فرمادیں کہ

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر – پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا

اگر میں نے اسے اپنی طرف سے بنایا ہے تو تم مجھے اللہ سے چھڑا لینے کا کچھ اختیار نہیں رکھتے ہو، اور جو باتیں تم بناتے ہو وہ انہیں جانتا ہے

تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ

میرے اور تمہارے درمیان وہ بحیثیت گواہ کے کافی ہے اور وہ بڑی بخشش والا

الرَّحِيْمُ ﴿٨﴾ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَاۤ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ

رحم والا ہے۔(۸) آپ فرما دیں کہ میں کوئی نیا رسول نہیں ہوں اور یہ کہ مجھے ادراک ہو جائے کہ میرے ساتھ

بِيْ وَلَا بِكُمْ ؕ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰۤى اِلَيَّ وَمَاۤ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٩﴾

اور تمہارے ساتھ کیا ہوگا۔ میں صرف اس کی اتباع کرتا ہوں جو میری طرف وحی کی جاتی ہے اور میں تو واضح طور پر ڈرسنانے والا ہوں۔(۹)

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ

آپ فرما دیں کہ اگر یہ قرآن اللہ کی طرف سے ہو اور تم اس کا انکار کردو تو دیکھو پھر کیا ہوگا اور بنی اسرائیل میں سے اسی کی مثل

شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ؕ

ایک گواہ گواہی دے چکا ہے جو ایمان لے آیا اور تم نے تکبر کیا۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠﴾ ع وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ ع ١٠ ١

بیشک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔ (۱۰) اور کفر کرنے والے ایمان لانے والوں کے بارے میں کہتے ہیں

اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَاۤ اِلَيْهِ ؕ وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ

اگر یہ اسلام بہتر ہوتا تو وہ اس کی طرف سبقت نہ لے جاتے اور جب انہیں اس سے ہدایت حاصل نہ ہوئی تو وہ کہیں گے

هٰذَاۤ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ﴿١١﴾ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰۤى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ وَ

کہ یہ تو قدیم بہتان ہے۔(۱۱) اس سے پہلے حضرت موسیٰ (علیہ السلام) کی کتاب موجود ہے جو باعث رہنمائی اور رحمت ہے اور

هٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖۗ وَبُشْرٰى

یہ کتاب اس کی تصدیق کرنے والی ہے جو عربی میں ہے تاکہ ظالموں کو ڈرایا جائے اور احسان کرنے والوں کو

لِلْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٢﴾ ج اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ

بشارت دے۔(۱۲) بیشک جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر اس پر ثابت قدم ہوگئے تو انہیں کوئی خوف نہیں ہے

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿١٣﴾ ج اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ

اور نہ ہی وہ غمزدہ ہوں گے۔ (۱۳) یہی لوگ اصحاب جنت ہیں ہمیشہ اس میں رہیں گے۔

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٤﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ

یہ اُن کے اعمال کی جزاء ہے۔(۱۴) اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ اچھا سلوک

اِحْسٰنًا ؕ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ؕ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ

کرنے کا حکم دیا ہے۔اس کی والدہ نے بڑی تکلیف سے اسے اُٹھائے رکھا اور اسے جنم دینے میں بھی تکلیف برداشت کی اور اُس کے حمل اور دودھ

ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ

چھڑانے تک تین مہینے گزر گئے حتیٰ کہ جب وہ پوری طرح نشوونما پاگیا اور چالیس سال کا ہوگیا

قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْۤ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ

تو اس نے عرض کیا اے میرے رب مجھے اپنی نعمت کا شکر کرنے کی توفیق عطا فرمادے وہ نعمت جو تو نے

وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ

مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کی ہے اور میں تیری رضا کے مطابق صالح عمل کروں اور میری اولاد کو اصلاح پر قائم رکھ۔

ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٥﴾ اُولٰٓئِكَ

بیشک میں تیرے حضور توبہ کرتا ہوں اور بلاشبہ میں مسلمانوں میں سے ہوں۔(۱۵) یہی وہ لوگ ہیں

الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ

جن کے ہم اچھے اعمال کو قبول کرتے ہیں اور اُن کی بُرائیوں سے درگزر کرتے ہیں

فِيْۤ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ؕ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿١٦﴾ وَالَّذِيْ

یہی اصحاب جنت سے ہیں۔ یہی سچا وعدہ ہے جو اُنھیں دیا جاتا تھا۔(۱۶) اور جس نے

قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَاۤ اَتَعِدٰنِنِيْۤ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ

اپنے ماں باپ کے سامنے اُف کہا کیا تم مجھے دھمکی دیتے ہوکہ مجھے قیامت کے روز نکالا جائے گا حالانکہ مجھ سے پہلے بہت سی

مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۖ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

صدیاں گزر چکی ہیں مگر کوئی زندہ نہ ہوا۔ اور اُس کے ماں باپ اللہ سے فریاد کرتے ہیں اور کہتے ہیں خرابی ہوایمان لے آ۔ بیشک اللہ کا وعدہ

حَقٌّ ۚ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٧﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

سچا ہے۔ تو وہ کہتا ہے کہ یہ تو پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔(۱۷) یہی وہ لوگ ہیں

حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْۤ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ

جن پر عذاب ثابت ہو چکا ہے یہ ان اُمتوں میں سے ہیں جو جنوں اور انسانوں میں سے

● غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
● اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
● مدّ ،، ۔تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿١٨﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ

پہلے گزر چکی ہیں۔ بیشک وہی خسارہ پانے والوں میں سے تھے۔ (١٨) اور ہر ایک کے لیے اُن کے عملوں کے مطابق درجے ہیں۔

وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٩﴾ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ

اور اللہ اُنہیں اُن کے اعمال کی پوری جزا دے گا اور ان پر زیادتی نہ ہوگی۔ (١٩) اور جس دن کفر کرنے والوں کو آگ کے

كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ

سامنے لاکر کہا جائے گا۔ تم نے اپنے حصے کی پاک چیزوں کو دنیا کی زندگی ہی میں لے لیا اور اس سے خوب فائدہ اُٹھالیا

بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي

پس آج تمہیں اس کے عوض ذلّت والا عذاب دیا جائے گا کیونکہ تم زمین میں ناحق تکبر کیا کرتے تھے

الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ؕ اِذْ ع ١٠/٢

اور اس کی وجہ یہ ہے کہ تم نافرمانیاں بھی کرتے تھے۔ (٢٠) اور عاد کے قومی بھائی حضرت ہود کو یاد کرو جب

اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ

کہ اُنہوں نے اپنی قوم کو احقاف میں اللہ سے ڈرنے کا پیغام دیا اور بیشک اس سے قبل بھی ڈرانے والے گزر چکے تھے اور

مِنْ خَلْفِهٖۤ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّيْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ

اُن کے بعد بھی ڈرانے والے آئے جن کا پیغام تھا کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، بیشک مجھے تمہارے متعلق بڑے دن کے عذاب

عَظِيْمٍ ﴿٢١﴾ قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ

آنے کا خوف ہے۔ (٢١) اُنہوں نے کہا کہ کیا آپ ہمارے پاس اس لیے آئے ہیں کہ ہمیں ہمارے معبودوں سے پھیر دیں پس اگر

كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٢٢﴾ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ وَاُبَلِّغُكُمْ مَّاۤ

آپ سچے ہیں تو جس عذاب کے لانے کا ہمیں وعدہ دیتے ہو اُسے لے آؤ۔ (٢٢) حضرت ہود نے فرمایا کہ بلاشبہ عذاب کے نازل ہونے کا علم اللہ کے

اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّيْۤ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿٢٣﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا

پاس ہے اور میں تو صرف تمہیں اللہ کے پیغام کی تبلیغ کرنے آیا ہوں لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم جاہلوں کی قوم ہو۔ (٢٣) پھر جب اُنہوں نے بادل کی

مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ؕ بَلْ هُوَ مَا

صورت میں عذاب کو اپنی وادیوں کی طرف آتے دیکھا تو کہنے لگے کہ یہ تو بادل ہے جو ہم پر بارش کرے گا نہیں بلکہ یہ تو وہ عذاب ہے

اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ؕ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٢٤﴾ تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۢ بِاَمْرِ

جس کے آنے کے بارے میں تمہارا جلدی کا مطالبہ تھا یہ ہوا کا طوفان ہے جس میں دردناک عذاب چھپا ہے۔ (٢٤) جو اپنے رب کے حکم کے مطابق

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰۤى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِى الْقَوْمَ

ہر چیز کو نیست ونابود کر دے گا پس اگلی صبح کو اُن کے خالی مکانوں کے سوا کچھ نظر نہ آتا تھا۔ مجرموں کی قوم کو ہم اسی طریقے سے

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَاۤ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ وَجَعَلْنَا

سزا دیتے ہیں۔(۲۵) اور ہم نے اُنہیں ایسا اقتدار دیا تھا جو تمہیں نہیں دیا ہے اور ہم نے اُنہیں کان

لَهُمْ سَمْعًا وَّ اَبْصَارًا وَّ اَفْـِٕدَةً ۖ فَمَاۤ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَاۤ

اور آنکھیں اور دل بھی دیے تھے۔ پس نہ اُن کے کان اور نہ اُن کی آنکھیں اور نہ

اَبْصَارُهُمْ وَلَاۤ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَیْءٍ اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِ

اُن کے دل کچھ بھی کام نہ آئے جب کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے

ع ۳ ۲ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا

اور اُنہیں اس عذاب نے آکر گھیر لیا جس کا آنا اُن کے نزدیک مذاق تھا۔(۲۶) اور بیشک ہم نے تمہارے گردونواح

حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَوْلَا

کی بستیوں کو ہلاک کردیا اور ہم نے پے درپے اپنی نشانیوں کو ظاہر کیا تاکہ وہ حق کی طرف راجع ہوجائیں۔(۲۷) پھر ان معبودوں نے

نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ؕ بَلْ ضَلُّوْا

اُن کی مدد کیوں نہ کی جن کو اُنہوں نے اللہ کے سوا قربِ الٰہی کے لیے پرستش کے لائق بنا رکھا تھا، بلکہ وہ ان سے رُوپوش ہوگئے

عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَاِذْ صَرَفْنَاۤ اِلَيْكَ

اور یہ ان کا بہتان تھا جسے وہ اپنی طرف سے جھوٹ کی بنا پر بنا لیتے تھے۔(۲۸) اور جب ہم نے جنوں میں سے کچھ کو آپ کی

نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْۤا اَنْصِتُوْا ۚ

طرف متوجہ کیا تاکہ وہ قرآن سُنیں تو جب وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپس میں کہنے لگے کہ خاموش ہوکر سُنو،

فَلَمَّا قُضِیَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا يٰقَوْمَنَاۤ اِنَّا

پھر جب قرآن پڑھا جاچکا تو اپنی قوم کی طرف واپس لوٹے تاکہ اُنہیں ڈرائیں۔(۲۹) اُنہوں نے کہا اے ہماری قوم ہم نے

سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

ایک کتاب سُنی ہے جو حضرت موسیٰ (علیہ السلام) کے بعد نازل ہوئی ہے اپنے سے پہلی کتابوں کی مصدق ہے

يَهْدِیْۤ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۰﴾ يٰقَوْمَنَاۤ اَجِيْبُوْا دَاعِیَ

حق اور صراط مستقیم کی طرف راہنمائی کرتی ہے۔ (۳۰) اے ہماری قوم! اللہ کی طرف دعوت دینے والے کی

اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ

بات کو قبول کرلو اور اس پر ایمان لے آؤ تاکہ وہ تمہارے گناہوں کو بخش دے اور تمہیں دردناک عذاب

اَلِيْمٍ ﴿۳۱﴾ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَ

سے بچالے۔(۳۱) اور جو اللہ کی طرف دعوت دینے والے کی بات کو نہ مانے تو وہ زمین میں اس کے اختیار سے نکل کر کہیں نہیں جاسکتا اور

لَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءُ ۭ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۲﴾ اَوَلَمْ

اللہ کے سوا اس کا کوئی مددگار نہیں ہے۔ وہی لوگ صریحاً گمراہی میں ہیں۔ (۳۲) کیا انہوں نے

يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ

یہ نہیں سوچا کہ وہ اللہ جس نے آسمانوں اورزمین کو بنایا ہے اور اُن کی تخلیق میں

بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ۭ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۳﴾

اسے ذرا بھی تھکن نہ ہوئی وہ قادر ہے کہ مُردوں کو زندہ کر دے ہاں بیشک وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ (۳۳)

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ۭ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۭ

اور جس دن کافروں کو آگ کے سامنے لایا جائے گا تو ان سے کہا جائے گا کہ کیا یہ حق نہیں ہے،

قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ۭ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۴﴾

وہ کہیں گے ہاں ہمارے رب کی قسم۔ان سے کہا جائے گا کہ اپنے کفر کے باعث عذاب کا مزہ چکھو۔(۳۴)

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ۭ

پس اے محبوب آپ صبر کیجیے جس طرح اولوالعزم رسولوں نے صبر کیا ہے اور اُن کے لیے جلدی نہ کریں

كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ۭ

غرضیکہ جس دن وہ اس عذاب کو دیکھیں گے جس کا اُن سے وعدہ کیا جاتا تھا تو وہ خیال کریں گے کہ وہ دنیا میں صرف ایک گھڑی ہی ٹھہرے تھے

بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ ع ۹

یہ قرآن کی تبلیغ ہے پس فاسقوں کی قوم ہی ہلاک ہو کر رہے گی۔(۳۵)

سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ ۴۷ | ۹۵ | مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اٰيٰتُهَا ۳۸ | رُكُوْعَاتُهَا ۴

سورۃ محمد مدنی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ | اس میں ۳۸ آیات اور ۴ رکوع ہیں۔

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۱﴾

جنھوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے دوسروں کو روکا تو اُن کے اعمال کو اس نے بے فائدہ کردیا۔(۱)

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ

اور جو لوگ صاحب ایمان ہو گئے اور صالح عمل کرتے رہے اور اُس پر ایمان لائے جو حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر نازل ہوا ہے اور اُن کے

الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ﴿٢﴾ ذٰلِكَ

رب کی طرف سے وہی حق ہے، اللہ تعالیٰ نے اُن کی برائیوں کو مٹا دیا اور اُن کے احوال کی اصلاح کردی۔(۲) یہ اس لیے

بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا

کہ کفر کرنے والوں نے باطل کی پیروی کی اور بلاشبہ ایمان لانے والوں نے اپنے رب کی طرف سے حق کی اتباع کی

الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ﴿٣﴾ فَاِذَا لَقِيْتُمُ

اسی طرح اللہ تعالیٰ لوگوں کے لیے اُن کی مثالیں بیان فرماتا ہے۔(۳) پھر جب اہلِ کفر سے تمہارا مقابلہ ہو

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ۭ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا

تو اُن کی گردنیں اُڑا دو یہاں تک کہ جب اُنہیں اچھی طرح جان سے مارلو تو جو پکڑے جائیں تو اُن کو مضبوطی سے باندھ کر قید کرلو

الْوَثَاقَ ڰ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَاۗءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ڐ ﴿ؔ﴾ ع ٣

پھر اس کے بعد احسان کی بناء پر اُنہیں چھوڑ دو یا اُن سے فدیہ لے لو یہاں تک کہ مخالف لشکر جنگ کے ہتھیار ڈال دے

ذٰلِكَ ڔ وَلَوْ يَشَاۗءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا۟ بَعْضَكُمْ

یہی حکم ہے اور اللہ چاہتا تو اُن سے بدلہ لے لیتا لیکن وہ تم میں سے بعض لوگوں کو

بِبَعْضٍ ۭ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿٤﴾

آزمانا چاہتا ہے اور جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنی جان دے بیٹھے تو اللہ اُن کے اعمال کو ضائع نہیں کرے گا۔(۴)

سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ﴿٥﴾ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ﴿٦﴾

عنقریب اُنہیں راہ مل جائے گا اور اُن کے حال کو سنوار دے گا۔(۵) اور اُنہیں جنت میں داخل کرے گا جس کا تعارف اُس نے کروا دیا تھا۔(۶)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ﴿٧﴾

اے ایمان والو! اگر تم اللہ کی یعنی اللہ کے دین کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد فرمادے گا اور تمہیں ثابت قدم رکھے گا۔(۷)

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿٨﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا

اور کفر کرنے والے نیست و نابود ہو جائیں اور وہ اُن کے اعمال کو ضائع کردے۔(۸) اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ نے جو نازل کیا ہے

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿٩﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا

اسے اُنہوں نے ناپسند کیا پس اس نے اُن کے اعمال کو ضائع کردیا۔(۹) تو کیا اُنہوں نے زمین کی سیاحت نہیں کی ہے تا کہ وہ پہلے لوگوں کا انجام

وقد یبیدا بقول ذٰلک ولکن حسن اتصاله بما قبله ویوقف علی ذٰلک ۱۲

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مد ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ ۚ وَلِلۡكٰفِرِيۡنَ

اپنی آنکھوں سے خود دیکھ لیتے، اللہ تعالیٰ نے ان کو نیست ونابود کر دیا۔ اور کافروں کے لیے

اَمۡثَالُهَا ﴿۱۰﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوۡلَى الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَاَنَّ الۡكٰفِرِيۡنَ

اسی کی مثل سزائیں ہیں۔(۱۰) یہ اس لیے کہ اللہ ایمان لانے والوں کا مولیٰ ہے اور یہ کہ کفر کرنے والوں کا

لَا مَوۡلٰى لَهُمۡ ﴿۱۱﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدۡخِلُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ع ۱۱ ۵

کوئی مولیٰ نہیں ہے۔(۱۱) بیشک اللہ ایمان لانے والوں اور صالح عمل کرنے والوں کو

جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ ؕ وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا يَتَمَتَّعُوۡنَ وَ

جنت میں داخل فرمائے گا جس میں درختوں کے نیچے نہریں جاری ہیں اوراہل کفر دنیوی زندگی سے خوب لطف اندوز ہوتے ہیں

يَاۡكُلُوۡنَ كَمَا تَاۡكُلُ الۡاَنۡعَامُ وَالنَّارُ مَثۡوًى لَّهُمۡ ﴿۱۲﴾ وَكَاَيِّنۡ مِّنۡ قَرۡيَةٍ

اور جانوروں کی طرح کھاتے ہیں اور اُن کا ٹھکانا آگ ہے۔ (۱۲) اور کتنے ہی شہر اس شہر سے

هِىَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنۡ قَرۡيَتِكَ الَّتِىۡۤ اَخۡرَجَتۡكَ ۚ اَهۡلَكۡنٰهُمۡ فَلَا نَاصِرَ

شان وشوکت میں بڑھ کرتھے جس کے رہنے والوں نے آپ کو نکال دیا۔ہم نے ان کوہلاک کردیا پس اُن کا کوئی مددگار

لَهُمۡ ﴿۱۳﴾ اَفَمَنۡ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّهٖ كَمَنۡ زُيِّنَ لَهٗ سُوۡۤءُ عَمَلِهٖ

نہیں ہے۔(۱۳) تو کیا جواپنے رب کی طرف سے واضح دلائل پر ہواس شخص کی مانند ہوگا جس کے لیے اس کے بُرے اعمال کومزین کردیا

وَاتَّبَعُوۡۤا اَهۡوَآءَهُمۡ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الۡجَـنَّةِ الَّتِىۡ وُعِدَ الۡمُتَّقُوۡنَ ؕ فِيۡهَاۤ اَنۡهٰرٌ

گیا ہواور وہ اپنی خواہشوں کی پیروی کرتا ہو۔(۱۴) جنت کا حال یوں ہے جس کا اہل تقویٰ سے وعدہ کیا گیا ہے، اس میں ایسی نہریں ہیں

مِّنۡ مَّآءٍ غَيۡرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنۡهٰرٌ مِّنۡ لَّبَنٍ لَّمۡ يَتَغَيَّرۡ طَعۡمُهٗ ۚ وَاَنۡهٰرٌ مِّنۡ

جن کے پانی کا ذائقہ بدمزہ نہیں ہوتا۔ اور دودھ کی ایسی نہریں ہیں جن کے مزے میں تبدیلی نہیں ہوتی۔ اور شراب کی ایسی نہریں ہیں

خَمۡرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيۡنَ ۚ وَاَنۡهٰرٌ مِّنۡ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَلَهُمۡ فِيۡهَا

جو پینے والوں کے لیے بڑی لذت آمیز ہیں۔ اور مصفّٰی شہد کی نہریں ہیں۔ اور اہل جنت کے لیے اس میں ہر قسم کے

مِنۡ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغۡفِرَةٌ مِّنۡ رَّبِّهِمۡ ؕ كَمَنۡ هُوَ خَالِدٌ فِى النَّارِ

پھل ہوں گے اور اُن کے رب کی طرف سے مغفرت ہوگی۔ کیا ان لوگوں کی آسودگی ہمیشہ آگ میں رہنے والوں کی مانند ہے

وَسُقُوۡا مَآءً حَمِيۡمًا فَقَطَّعَ اَمۡعَآءَهُمۡ ﴿۱۵﴾ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّسۡتَمِعُ اِلَيۡكَ ۚ

نہیں اورانہیں کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا جس سے اُن کی آنتیں ٹکڑے ٹکڑے ہوجائیں گی۔(۱۵) اوران میں کچھ ایسے لوگ ہیں جوآپ کی باتیں سنتے

حَتّٰٓى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا

ہیں حتیٰ کہ جب وہ آپ کے پاس سے نکل کر علم والوں سے کہتے ہیں کہ بھلا انہوں نے ابھی کیا کہا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ

یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں پر اللہ نے مہر لگا دی ہے اور وہ اپنی خواہشات کی اتباع کرتے ہیں۔(۱۶) اور جو لوگ

اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا

ہدایت پر ہیں تو اللہ اُن کی ہدایت میں اضافہ فرماتا ہے اور اُنہیں تقویٰ عطا کر دیتا ہے۔(۱۷) پس کیا یہ لوگ قیامت کے انتظار میں ہیں کہ

السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ

وہ اچانک اُن پر آجائے بلاشبہ اس کی علامات آچکی ہیں۔ پھر جب وہ آجائے گی تو پھر کہاں سے اُنہیں نصیحت

ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ

حاصل ہوگی۔(۱۸) پس آپ کو معلوم ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ دعا کیا کریں کہ اللہ آپ کو اپنی حفاظت میں رکھے اور مومنین اور مومنات

وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ع ۸ ۲

کے لئے استغفار کیا کریں اور اللہ تمہارے چلنے پھرنے اور آرام کے مقامات کو جانتا ہے۔(۱۹) اور ایمان لانے والے کہتے ہیں کہ

اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا

جہاد کے متعلق کوئی نئی سورت کیوں نازل نہیں کی گئی۔ پھر جب کوئی واضح سورت نازل کی جاتی ہے اور جس میں جہاد کا ذکر ہوتا ہے۔

الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ

تو آپ دل میں نفاق کی بیماری رکھنے والوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ آپ کو اس نظر سے دیکھتے ہیں جس طرح کہ وہ شخص دیکھتا ہے

الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ؕ فَاَوْلٰى لَهُمْ ﴿۲۰﴾ طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ

جس پر موت کی غشی طاری ہو پس اُن کے لیے بہتر تھا۔(۲۰) کہ وہ اطاعت کرتے اور اچھی بات کہتے،

فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ﴿۲۱﴾ فَهَلْ عَسَيْتُمْ

پھر جب جہاد کا قطعی حکم ہوگیا تو اگر وہ اللہ سے سچے رہتے تو یہ اُن کے لیے بہت بہتر تھا۔(۲۱) پھر تم (منافقوں) سے یہی

اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ﴿۲۲﴾ اُولٰٓئِكَ

توقع ہے کہ اگر تمہیں حکومت مل جائے تو زمین میں فساد پھیلاؤ اور اپنی رشتہ داریوں کو قطع کرو۔(۲۲) انہی لوگوں پر

الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿۲۳﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ

اللہ نے لعنت کی ہے پھر اُنہیں بہرا اور آنکھوں سے اندھا کر دیا۔(۲۳) کیا یہ قرآن میں غور نہیں کرتے

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مد: تین الف کے برابر – پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴿۲۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ

یا اُن کے دلوں پر قفل لگ چکے ہیں۔(۲۴) پھر بیشک جو لوگ ہدایت ظاہر ہونے کے بعد پیٹھ پھیر کر پیچھے پھر گئے

مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ۭ وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿۲۵﴾

شیطان نے اُنھیں فریب میں مبتلا کیا۔ اور اُنھیں لمبی عمر کی اُمید دلائی۔(۲۵)

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ

یہ اس لیے کہ اُنھوں نے ان لوگوں سے کہا جو اللہ کے نازل کردہ کو ناپسند کرتے تھے کہ بعض امور میں عنقریب

الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿۲۶﴾ فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰۤىِٕكَةُ يَضْرِبُوْنَ

ہم تمہاری بات مان لیں گے اور اللہ اُن کی خفیہ باتوں کو جانتا ہے۔(۲۶) پس اس وقت اُن کا حال کیسا ہوگا جب کہ فرشتے ان کو موت دینے کے لئے

وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿۲۷﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا

روحیں قبض کریں گے اور اُن کے چہروں اور پیٹھوں پر ماریں گے۔(۲۷) اُس کی وجہ یہ ہے کہ اُنھوں نے اُس کی پیروی کی جو اللہ کو ناپسند تھا اور اُس کی

رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿۲۸﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ع ۳ ۹ ۷

رضا کو نہ چاہا تو اللہ نے اُن کے اعمال ضائع کردیے۔(۲۸) کیا منافقوں نے یہ گمان کرلیا ہے کہ یہ نفاق کا مرض اُن کے دلوں میں ہے

اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿۲۹﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ

کہ اللہ اُن کی دلی عداوت کو ظاہر نہیں کرے گا۔(۲۹) اور اگر ہم چاہیں تو تمہیں ان لوگوں کو دکھادیں جنھیں آپ اُن کی صورتوں سے پہچان چکے ہیں۔

بِسِيْمٰهُمْ ۭ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۰﴾

اور آپ اُن کو اُن کی باتوں کے انداز سے بھی پہچان لیں گے اور اللہ تمہارے عملوں کو جانتا ہے۔(۳۰)

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَا۟ اَخْبَارَكُمْ ﴿۳۱﴾

اور ہم ضرور تمہیں آزمائیں گے تاکہ تم میں سے ہمیں مجاہدوں اور صابروں کا پتہ چل جائے اور ہم تمہاری خبروں کو مدنظر رکھیں گے۔(۳۱)

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ

بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ کے راستے سے روکا اور اُنھوں نے راہ ہدایت ظاہر ہونے کے بعد رسول اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) کی مخالفت کی۔

مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـــًٔا ۭ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿۳۲﴾

وہ ہرگز اللہ کا کوئی بھی نقصان نہیں کرسکتے اور اللہ اُن کے اعمال کو اکارت کردے گا۔(۳۲)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾

اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اطاعت کرو اور اپنے عملوں کو باطل نہ کرو۔(۳۳)

اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَصَدُّوۡا عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوۡا وَهُمۡ كُفَّارٌ

بیشک جنھوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا پھر حالتِ کفر ہی میں مر گئے تو اللہ تعالیٰ

فَلَنۡ يَّغۡفِرَ اللّٰهُ لَهُمۡ ﴿۳۴﴾ فَلَا تَهِنُوۡا وَتَدۡعُوۡۤا اِلَى السَّلۡمِ ۖ وَاَنۡتُمُ الۡاَعۡلَوۡنَ ۖ

ان کو ہرگز نہیں بخشے گا۔(۳۴) پس کم ہمت نہ ہو اور نہ ہی کافروں کو صلح کی طرف بلاؤ۔ حالانکہ تم ہی غلبہ پانے والے ہو،

وَاللّٰهُ مَعَكُمۡ وَلَنۡ يَّتِرَكُمۡ اَعۡمَالَكُمۡ ﴿۳۵﴾ اِنَّمَا الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا لَعِبٌ وَّلَهۡوٌ ؕ

اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ ہرگز تمہارے عملوں کو ضائع نہیں ہونے دے گا۔(۳۵) دنیا کی زندگی تو صرف کھیل اور تماشا ہے۔

وَاِنۡ تُؤۡمِنُوۡا وَتَتَّقُوۡا يُؤۡتِكُمۡ اُجُوۡرَكُمۡ وَلَا يَسۡـَٔـلۡكُمۡ اَمۡوَالَكُمۡ ﴿۳۶﴾

اور اگر ایمان لے آؤ اور متقی بن جاؤ تو وہ تمہارے اجر تمہیں عطا کردے گا اور وہ تم سے تمہارے مال نہیں مانگے گا۔ (۳۶)

اِنۡ يَّسۡـَٔـلۡكُمُوۡهَا فَيُحۡفِكُمۡ تَبۡخَلُوۡا وَيُخۡرِجۡ اَضۡغَانَكُمۡ ﴿۳۷﴾ هٰۤاَنۡتُمۡ

اگر وہ تم سے تمہارا مال طلب کرے پس سب کچھ مانگ لے تو تم بخل کرنے لگو گے اور وہ تمہارے دلوں کی عداوت کو ظاہر کردے گا۔(۳۷) ہاں تم ہی وہ

هٰۤؤُلَاۤءِ تُدۡعَوۡنَ لِتُنۡفِقُوۡا فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنۡكُمۡ مَّنۡ يَّبۡخَلُ ۚ وَ

ہو جنھیں اس طرف بلایا جاتا ہے کہ اپنے مال کو اللہ کی راہ میں خرچ کرو پھر تم میں ایسے بھی ہیں جو خرچ کرنے میں بخل کرتے ہیں اور

مَنۡ يَّبۡخَلۡ فَاِنَّمَا يَبۡخَلُ عَنۡ نَّفۡسِهٖ ؕ وَاللّٰهُ الۡغَنِىُّ وَاَنۡتُمُ الۡفُقَرَآءُ ۚ

جو بخل کرتا ہے تو دراصل وہ اپنی ذات ہی سے بخل کرتا ہے۔ اور اللہ تو غنی ہے یہ کہ تم بھی اس کے محتاج ہو

ع ۱۰ ۸ وَاِنۡ تَتَوَلَّوۡا يَسۡتَبۡدِلۡ قَوۡمًا غَيۡرَكُمۡ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوۡنُوۡۤا اَمۡثَالَكُمۡ ﴿۳۸﴾

اور اگر تم منہ پھیرو گے تو وہ تمہاری جگہ پر کسی اور قوم کو بدل کر لے آئے گا پھر وہ تمہاری مثل نہ ہوں گے۔(۳۸)

سُوۡرَةُ الۡفَتۡحِ ۴۸ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۱ | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ | اٰيَاتُهَا ۲۹ | رُكُوۡعَاتُهَا ۴

سورۃ الفتح مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۲۹ آیات اور ۴ رکوع ہیں۔

اِنَّا فَتَحۡنَا لَكَ فَتۡحًا مُّبِيۡنًا ۙ﴿۱﴾ لِّيَغۡفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنۡ ذَنۡۢبِكَ

بلاشبہ ہم نے آپ کو باکمال فتح عطا فرمائی۔(۱) تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کے باعث آپ سے مقدم اور موخر (حضرات) کے گناہ

وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعۡمَتَهٗ عَلَيۡكَ وَيَهۡدِيَكَ صِرَاطًا مُّسۡتَقِيۡمًا ۙ﴿۲﴾ وَّ

معاف فرمادے اور آپ پر اپنی نعمت مکمل کردے اور آپ کو صراط مستقیم پر قائم رکھے۔(۲) اور

يَنۡصُرَكَ اللّٰهُ نَصۡرًا عَزِيۡزًا ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِىۡۤ اَنۡزَلَ السَّكِيۡنَةَ فِىۡ قُلُوۡبِ

اللہ آپ کی زبردست امداد کرنے والا ہے۔(۳) وہی ہے جس نے مومنوں کے دلوں پر اطمینان عطا کیا

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ

تاکہ اُن کے ایمان میں ایمانی قوت سے مزید اضافہ ہو جائے ، اور آسمانوں اور زمین کے تمام لشکر

وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿۴﴾ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

اللہ ہی کے ہیں۔ اوراللہ تعالیٰ علیم ہے حکمت والا ہے۔ (۴) تاکہ اللہ مؤمنین اور مؤمنات کو

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ

باغوں میں داخل کردے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں وہ ہمیشہ اُس میں رہیں گے اور وہ ان سے اُن کے عیبوں کو

سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ﴿۵﴾ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ

دُور کردے اور اللہ کی بارگاہ میں یہ عظیم کامیابی ہے۔ (۵) اور یہ کہ منافق مردوں

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ

اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کوعذاب میں مبتلا کردے جواللہ کے بارے میں بدظن ہیں۔

عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ

ان پر بری گردش کاوقت ہے۔ اور اُن پر اللہ کا غضب ہوا اور اُن پر لعنت ہے اور اُنہی کے لیے جہنم تیار کیا گیا ہے۔

جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۶﴾ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ

جو بہت ہی برا ٹھکانا ہے۔(۶) اور آسمانوں اور زمین کے تمام لشکر اللہ ہی کے ہیں اور

اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۷﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۙ﴿۸﴾

اللہ غلبے والا حکمت والا ہے۔(۷) بیشک ہم نے آپ کو شاہد اور مبشر اور نذیر بنا کر بھیجا ہے۔(۸)

لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ

تاکہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لے آؤ اور حضور(صلی اللہ علیہ وسلم) کی تعظیم اور اُن کی توقیر کرو اور صبح و شام اللہ کی

اَصِيْلًا ﴿۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ

بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ

یہ تو صرف اپنے گمان کے پیچھے چلتے ہیں اور خواہشات نفس کی پیروی کرتے ہیں۔

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ؕ﴿۲۳﴾ اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ۫ۖ﴿۲۴﴾

حالانکہ اُن کے پاس اُن کے رب کی طرف سے ہدایت آچکی ہے۔(۲۳) کیا انسان کو ہر چیز مل جاتی ہے جس کی وہ آرزو کرتا ہے۔(۲۴)

فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾ وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِى السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِىْ ع ۲۵ ۵

پس آخرت اور دُنیا اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے۔ (۲۵) اور آسمانوں میں کتنے فرشتے ہیں کہ اُن کی سفارش کسی طرح بھی

شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ﴿۲۶﴾

فائدہ نہیں پہنچا سکتی مگر اللہ تعالیٰ جس کے لیے چاہے سفارش کی اجازت دے اور اسے پسند فرمائے۔(۲۶)

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿۲۷﴾

بیشک جولوگ آخرت پرایمان نہیں لاتے وہ ملائکہ کو عورتوں کے نام سے منسوب کرتے ہیں۔(۲۷)

وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ

حالانکہ انہیں اُن کے متعلق علم نہیں ہے۔ وہ تو صرف گمان کی پیروی کرتے ہیں۔ اور بیشک گمان حق کے مقابلے میں

مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ﴿۲۸﴾ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا

کچھ بھی کام نہیں دے سکتا۔(۲۸) پس آپ اپنے چہرۂ اقدس کو اس سے پھیر لیں جو ہمارے ذکر سے پھرا ہے اور اسے دنیوی زندگی کے سوا

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ

اور کچھ خواہش نہیں ہے۔(۲۹) اُن کے علم کی انتہا یہیں تک ہے۔ بلاشبہ آپ کا رب اسے جانتا ہے جو اُس کی راہ سے

ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۙ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ﴿۳۰﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ الربع

بھٹک گیا اور جسے ہدایت حاصل ہوئی اسے بھی وہ جانتا ہے۔(۳۰) اور آسمانوں اور زمین

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ

میں جو کچھ ہے اسی کا ہے۔ تاکہ وہ برے لوگوں کو اُن کے برے اعمال کی سزا دے اور نیک لوگوں کو

اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ﴿۳۱﴾ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا

اُن کی نیکیوں کا بدلہ دے۔(۳۱) جو لوگ صغیرہ گناہوں کے علاوہ کبیرہ گناہوں اور فاحشی سے اجتناب کرتے ہیں مگر

اللَّمَمَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ

اتنا کہ ان سے انجانے میں کچھ ہوجائے بیشک آپ کے رب کی مغفرت بڑی وسیع ہے، اور وہ تمہیں اچھی طرح جانتا ہے جبکہ تمہیں

الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ

مٹی سے بنایا اورجب کہ تم اپنی ماؤں کے پیٹوں میں حمل کے دوران تھے۔ پس اپنے نفس کی پاکیزگی کا اظہار نہ کرو۔

هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿۳۲﴾ اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ تَوَلّٰى ﴿۳۳﴾ وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّ ۲ ع ۷ ۲

وہ اہلِ تقویٰ کو اچھی طرح جانتا ہے۔ (۳۲) تو کیا آپ نے دیکھا جو پھر گیا ہے۔(۳۳) اور تھوڑا سامال دیا پھر اُسے

اَكْدٰى ﴿۳۴﴾ اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى ﴿۳۵﴾ اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا فِيْ

روک لیا۔(۳۴) کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے پس وہ دیکھتا ہے۔(۳۵) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے صحیفوں میں جو کچھ ہے کیا اُسے

صُحُفِ مُوْسٰى ﴿۳۶﴾ وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰٓى ﴿۳۷﴾ اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ

اُس کی خبر نہیں ہوئی۔(۳۶) اور جو حضرت ابراہیمؑ کے صحیفوں میں ہے جنھوں نے اطاعت کا حق ادا کیا۔(۳۷) کوئی بوجھ اُٹھانے والا کسی دوسرے

اُخْرٰى ﴿۳۸﴾ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ﴿۳۹﴾ وَاَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ

کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا۔(۳۸) اور یہ کہ انسان کو وہی ملتا ہے جس کے لیے وہ کوشش کرتا ہے۔ (۳۹) اور یہ کہ اُس کی کوشش کا نتیجہ

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

يُرٰى ﴿٤٠﴾ ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى ﴿٤١﴾ وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى ﴿٤٢﴾ وَ

جلد ہی نظر آجائے گا۔(۴۰) پھر اُس کو پوری پوری جزا دی جائے گی۔(۴۱) اور یہ کہ آپ کے رب کی طرف ہی انتہا ہے۔(۴۲)

اَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى ﴿٤٣﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَاَحْيَا ﴿٤٤﴾ وَاَنَّهٗ خَلَقَ

اور یہ کہ وہی ہنساتا ہے اور وہی رُلاتا ہے۔(۴۳) اور یہ کہ وہی مارتا ہے اور وہی زندہ کرتا ہے۔(۴۴) اور یہ کہ اس نے دونوں جوڑوں

الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿٤٥﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰى ﴿٤٦﴾ وَاَنَّ عَلَيْهِ

یعنی نر اور مادہ کی تخلیق کی ہے۔(۴۵) جب کہ نطفہ ٹپکتا ہے۔(۴۶) اور یہ کہ قیامت کو دوبارہ

النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى ﴿٤٧﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَاَقْنٰى ﴿٤٨﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ

پیدا فرمانا اسی کے ذمے ہے۔(۴۷) اور یہ کہ وہی امیر بناتا ہے اور وہی غریب کرتا ہے۔(۴۸) اور یہ کہ وہی ستارا الشعریٰ

الشِّعْرٰى ﴿٤٩﴾ وَاَنَّهٗٓ اَهْلَكَ عَادًا الْاُوْلٰى ﴿٥٠﴾ وَثَمُوْدَاۡ فَمَآ اَبْقٰى ﴿٥١﴾ وَقَوْمَ

کا رب ہے۔(۴۹) اور یہ کہ اسی نے قوم عاد کو پہلے ہلاک کیا ہے۔(۵۰) اور ثمود کو بھی ہلاک کیا پھر کسی کو باقی نہ رکھا۔(۵۱) اور ان سے

نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ﴿٥٢﴾ وَالْمُؤْتَفِكَةَ

پہلے قوم نوح کو بھی ہلاک کیا۔ بیشک وہ بڑے ہی ظالم اور سرکش لوگ تھے۔(۵۲) اور اسی نے حضرت لُوط کی اُلٹنے والی بستی کو

اَهْوٰى ﴿٥٣﴾ فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ﴿٥٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ﴿٥٥﴾ هٰذَا

نیچے گرایا۔(۵۳) تو ان پر چھا گیا جو چھانا تھا۔(۵۴) اسے سننے والے! پس اپنے رب کی کونسی نعمتوں میں شک کرے گا۔(۵۵) یہ

نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿٥٦﴾ اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿٥٧﴾ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ

ڈرانے والے نبی محترم بھی پہلے ڈرانے والے نبیوں ہی کی طرح ہیں۔(۵۶) آنے والی قیامت قریب آچکی ہے۔(۵۷) اللہ کے سوا اسے کوئی کھولنے

اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿٥٨﴾ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَتَضْحَكُوْنَ

والا نہیں ہے۔(۵۸) کیا یہ وہی بات ہے جسے تم عجب سمجھتے تھے۔(۵۹) اور ہنستے ہو

وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿٦٠﴾ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿٦١﴾ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿٦٢﴾ السجدة ۳ ع ۳ ۷ ۱۲

اور روتے نہیں ہو۔(۶۰) اور تم اسے مذاق سمجھے ہوئے ہو۔(۶۱) پس اللہ کے لیے سجدہ کرو اور اسی کی عبادت کرو۔(۶۲)

سُوْرَةُ الْقَمَرِ ٥٤ مَكِّيَّةٌ ٣٧	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اٰيَاتُهَا ٥٥	رُكُوْعَاتُهَا ٣
سورۃ القمر مکی ہے	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔	اس میں ۵۵ آیات اور ۳ رکوع ہیں۔	

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ﴿١﴾ وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا

قیامت قریب آگئی اور چاند شق ہوگیا۔(۱) اور اگر نہ ماننے والے کوئی نشانی دیکھتے تو منہ پھیر لیتے اور کہتے ہیں کہ

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ﴿٢﴾ وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ﴿٣﴾

آہستہ اثر انداز ہونے والا جادو ہے۔ (۲) اور اُنہوں نے جھٹلا دیا اور اپنی خواہشات کے پیچھے چل دیے اور ہر کام کا وقت متعین ہے۔ (۳)

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ﴿٤﴾ حِكْمَةٌ ۢ بَالِغَةٌ فَمَا

اور بلاشبہ اُن کے پاس وہ خبریں آچکی ہیں جن میں عبرت ہے۔(۴) مکمل حکمت کی باتیں ہیں پھر ان کو ڈرانا

تُغْنِ النُّذُرُ ﴿٥﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ﴿٦﴾

وقف لازم

نفع بخش ثابت نہ ہوا۔(۵) پس آپ ان سے توجہ ہٹالیں جس دن ایک پکارنے والا فرشتہ ناپسند چیز کی طرف بلائے گا۔(۶)

خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ

اُن کی آنکھیں جھکی ہوئی ہوں گی وہ قبروں سے اس طرح نکلیں گے جیسے کہ وہ منتشر

مُّنْتَشِرٌ ﴿٧﴾ مُّهْطِعِيْنَ اِلَى الدَّاعِ ۭ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ﴿٨﴾

ٹڈیاں ہیں۔(۷) پکارنے والے کی طرف دوڑتے جائیں گے، کافر لوگ کہیں گے یہ دن بڑا ہی سخت ہے۔ (۸)

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ ﴿٩﴾

ان سے پہلے حضرت نوح (علیہ السلام) کی قوم نے جھٹلایا پس ہمارے بندے ہی کو جھٹلایا اور اُنہوں نے اُنہیں دیوانہ کہا اور اُنہیں ڈرایا دھمکایا گیا۔(۹)

فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿١٠﴾ فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ

تو اُنہوں نے اپنے رب کے حضور دُعا کی بیشک میں مغلوب ہوں پس میری مدد فرما۔(۱۰) تو ہم نے زور سے ہونے والی بارش کے لئے آسمان کے

مُّنْهَمِرٍ ﴿١١﴾ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ

دروازے کھول دیے۔(۱۱) اور زمین سے ہم نے چشمے بہا دیے، پس بارش اور زمین کا پانی اس کام پر مل گیا جو اُن کے مقدر میں لکھا

قُدِرَ ﴿١٢﴾ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰي ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ﴿١٣﴾ تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا ۚ جَزَآءً

جاچکا تھا۔(۱۲) اور ہم نے حضرت نوح کو تختوں اور کیلوں والی کشتی پر بٹھادیا۔(۱۳) جو ہماری آنکھوں کے سامنے چلتی تھی۔ یہ سب کچھ اُن کے بدلے

لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ﴿١٤﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿١٥﴾ فَكَيْفَ

کے لیے تھا جس سے اُنہوں نے کفر کیا تھا۔(۱۴) اور ہم نے اُس کو ایک نشانی کے طور پر رہنے دیا تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے۔(۱۵) پس میرا

كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿١٦﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ

عذاب اور میرا ڈرانا کیسا ہوا۔(۱۶) اور بلاشبہ ہم نے قرآن کو یاد کرنے کے لیے آسان کردیا ہے تو کیا کوئی یاد

مُّدَّكِرٍ ﴿١٧﴾ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿١٨﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا

کرنے والا ہے۔(۱۷) قوم نے عاد کو جھٹلایا پس میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا ہوا۔(۱۸) بیشک ہم نے ان پر

غنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اخفاء: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

مدّ: ،، تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واو کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ۝١٩ تَنْزِعُ النَّاسَ ۙ

نحوست کے دن شدید طوفان بھیجا جو چلتا گیا۔(۱۹) اس نے لوگوں کو اُڑا کر اس طرح

كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ۝٢٠ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ۝٢١ وَ

پھینک ڈالا جس طرح وہ اُکھڑی ہوئی کھجور کے تنے ہیں۔(۲۰) پس ہمارا عذاب اور ہمارا ڈرانا کیسا ہوا۔(۲۱)اور بلاشبہ ہم

ع ۲۲ ۸ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝٢٢ كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِالنُّذُرِ ۝٢٣

نے قرآن کو نصیحت قبول کرنے کے لیے آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی نصیحت قبول کرنے والا ہے۔(۲۲) قوم ثمود نے بھی ڈرانے والے نبیوں کو جھٹلایا۔(۲۳)

فَقَالُوا أَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهُ ۙ إِنَّا إِذًا لَّفِي ضَلَالٍ وَّسُعُرٍ ۝٢٤ أَؤُلْقِيَ

پس کہنے لگے کہ کیا ہم اپنے میں سے ایک بشر کی اطاعت کرنے لگیں، پھر تو ہم گمراہی اور دیوانگی میں آجائیں گے۔(۲۴) کیا ہم تمام میں

الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ أَشِرٌ ۝٢٥ سَيَعْلَمُونَ غَدًا مَّنِ

اسی پر وحی نازل ہوئی ہے بلکہ وہ جھوٹا خود پسند طرح کا آدمی ہے۔ (۲۵) پس انہیں کل معلوم ہو جائے گا کہ

الْكَذَّابُ الْأَشِرُ ۝٢٦ إِنَّا مُرْسِلُو النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ

جھوٹا شریر کون ہے۔ (۲۶) اے صالح! ہم ان کی آزمائش کے لیے ایک اونٹنی بھیجنے والے ہیں پس آپ انتظار کریں اور صبر

وَاصْطَبِرْ ۝٢٧ وَنَبِّئْهُمْ أَنَّ الْمَاءَ قِسْمَةٌ بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ۝٢٨

کریں۔(۲۷) اور انہیں اس بات سے آگاہ کردیں کہ پانی کی تقسیم میں باری مقرر کردی گئی ہے ہر کوئی اپنی باری کے دن پانی کے لیے حاضر ہو۔(۲۸)

فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطَىٰ فَعَقَرَ ۝٢٩ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ۝٣٠

پس قوم ثمود نے اپنے ایک صاحب کو بلایا تو اس نے اونٹنی کو پکڑا پھر اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں۔(۲۹) پھر میرا عذاب اور ڈرانا کیسا تھا۔(۳۰)

إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ ۝٣١

بلاشبہ ہم نے ان پر ایک خوفناک دھماکہ بھیجا تو وہ اس طرح ہوگئے جیسے روندی ہوئی سوکھی باڑ ہوتی ہے۔ (۳۱)

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝٣٢ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ

اور بیشک ہم نے نصیحت حاصل کرنے والے کے لیے قرآن کو آسان کردیا ہے تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے۔(۳۲) قوم لوط نے بھی رسولوں کو

بِالنُّذُرِ ۝٣٣ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا إِلَّا آلَ لُوطٍ ۖ نَّجَّيْنَاهُمْ بِسَحَرٍ ۝٣٤

جھٹلایا۔(۳۳) ہم نے حضرت لوط (علیہ السلام) کے اہل وعیال کے سوا پتھر برسانے والی ہوا اُن پر بھیجی مگر ہم نے آل لوط کو رات کے پچھلے پہر بچالیا۔(۳۴)

نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي مَنْ شَكَرَ ۝٣٥ وَلَقَدْ أَنْذَرَهُمْ

یہ ہماری نعمت تھی۔ شکر کرنے والے کی جزا یہی ہوتی ہے۔(۳۵) اور بلاشبہ حضرت لوط (علیہ السلام) نے انہیں ہماری پکڑ سے

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، ـ تین الف کے برابر ـ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واو کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ﴿٣٦﴾ وَلَقَدْ رَاوَدُوهُ عَنْ ضَيْفِهِ فَطَمَسْنَا

باخبر کیا تھا پس اُنھوں نے ڈرانے میں شک کیا۔(۳۶) اور ان سے اُن کے مہمانوں کو بری نیت سے لینا چاہا تو ہم نے اُن کی آنکھوں کو

أَعْيُنَهُمْ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿٣٧﴾ وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ

بے نور کردیا۔ پس میرے عذاب اور ڈرانے کا مزہ چکھو۔(۳۷) اور بیشک صبح کو میرے مستقل عذاب نے اُنھیں اپنی

مُسْتَقِرٌّ ﴿٣٨﴾ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿٣٩﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ

لپیٹ میں لے لیا۔(۳۸) پس میرے عذاب اور ڈرانے کا مزہ چکھو۔(۳۹) اور بلاشبہ ہم نے نصیحت حاصل کرنے کے لئے قرآن کو آسان کردیا

ع ۲ ۱۸ ۹ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ ﴿٤٠﴾ وَلَقَدْ جَاءَ آلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿٤١﴾ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كُلِّهَا

تو کیا ہے کوئی جو نصیحت حاصل کرے۔(۴۰) اور بلاشبہ فرعونیوں کے پاس ہمارے رسول آئے۔(۴۱) اُنھوں نے ہماری تمام نشانیوں کو جھٹلایا

فَأَخَذْنَاهُمْ أَخْذَ عَزِيزٍ مُقْتَدِرٍ ﴿٤٢﴾ أَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِنْ أُولَٰئِكُمْ أَمْ لَكُمْ

تو ہم نے اُنھیں پکڑ لیا جس طرح غلبے والا صاحب اقتدار پکڑتا ہے۔(۴۲) کیا تمہارے کافر اُن سے بہتر ہیں یا کتابوں میں تمہارے لیے

بَرَاءَةٌ فِي الزُّبُرِ ﴿٤٣﴾ أَمْ يَقُولُونَ نَحْنُ جَمِيعٌ مُنْتَصِرٌ ﴿٤٤﴾ سَيُهْزَمُ

معافی نامہ لکھ دیا گیا ہے؟(۴۳) کیا اُن کا کہنا ہے کہ ہماری جمعیت بڑی مضبوط ہے؟(۴۴) جلد ہی اُن کی

الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ ﴿٤٥﴾ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهَىٰ

جمعیت کو پسپا کردیا جائے گا اور وہ پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے۔(۴۵) بلکہ اُن کے وعدے کا وقت قیامت کا دن ہے اور قیامت بڑی سخت

وقف لازم

وَأَمَرُّ ﴿٤٦﴾ إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ ﴿٤٧﴾ يَوْمَ يُسْحَبُونَ فِي

اور تلخ ہے۔(۴۶) بیشک مجرمین گمراہی اور غلط فہمی کا شکار ہیں۔(۴۷) اس دن اُنھیں آگ میں چہرے کے بل

النَّارِ عَلَىٰ وُجُوهِهِمْ ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ ﴿٤٨﴾ إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ

گھسیٹا جائے گا۔ اب دوزخ کی آگ کا مزہ چکھو۔(۴۸) بیشک ہم نے تمام اشیاء کو ایک اندازے کے مطابق

بِقَدَرٍ ﴿٤٩﴾ وَمَا أَمْرُنَا إِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ ﴿٥٠﴾ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا

پیدا کیا ہے۔(۴۹) اور ہمارا حکم آنکھ جھپکنے کی مانند ہے جو اٹل بات ہوتی ہے۔(۵۰) اور ہم نے بہت سے منکروں کو ہلاک کردیا ہے

أَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ ﴿٥١﴾ وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوهُ فِي الزُّبُرِ ﴿٥٢﴾ وَ

تو کیا کوئی نصیحت قبول کرنے والا ہے۔(۵۱) اور جو کچھ اُنھوں نے کیا ہے وہ نوشتوں میں درج ہے۔(۵۲) اور

كُلُّ صَغِيرٍ وَكَبِيرٍ مُسْتَطَرٌ ﴿٥٣﴾ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَنَهَرٍ ﴿٥٤﴾

ہر چھوٹی اور بڑی بات تحریر شدہ ہے۔(۵۳) بیشک اہل تقویٰ باغوں اور نہروں میں ہوں گے۔(۵۴)

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اخفاء: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۵۵﴾ ع ۳ ع ۱۵ ۱۰

سچائی کے اعلیٰ مقام جو ذی وقار بادشاہ کے پاس ہیں کے قریب ہوں گے۔(۵۵)

سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ ۵۵ ۹۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اٰيَاتُهَا ۷۸ رُكُوْعَاتُهَا ۳

سورۃ الرحمٰن مدنی ہے Bismillahir Rahmanir Raheem اس میں ۷۸ آیات اور ۳ رکوع ہیں۔

اَلرَّحْمٰنُ ﴿۱﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴿۲﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ﴿۳﴾ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿۴﴾

رحمٰن نے (اپنے محبوب کو)(۱) قرآن کا علم عطا فرمایا۔(۲) اسی نے انسان کو پیدا کیا۔(۳) اسی نے اسے بات کرنا سکھایا۔(۴)

اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿۵﴾ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ﴿۶﴾ وَالسَّمَآءَ

سورج اور چاند حساب کے پابند ہیں۔(۵) اور تارے اور درخت سربسجود ہیں ۔ (۶) اور اسی نے آسمان کو

رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ﴿۷﴾ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ﴿۸﴾ وَاَقِيْمُوا

بلند کیا اور میزانِ عدل قائم کی۔(۷) تاکہ تم میزان میں بے اعتدالی نہ کرو۔ (۸) اور انصاف کے ساتھ

الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ﴿۹﴾ وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ﴿۱۰﴾

پورا وزن تولو اور کم نہ تولو۔(۹) اور اسی نے زمین کو مخلوق کے لیے بنایا ہے۔(۱۰)

فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ﴿۱۱﴾ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ

اس میں ہر طرح کے پھل ہیں۔ اور کھجور کے درخت ہیں جن پر غلاف چڑھے ہوئے ہیں۔(۱۱) اور ہر طرح کا غلہ ہے جس میں

وَالرَّيْحَانُ ﴿۱۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۳﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ

بھوسہ ہوتا ہے اور خوشبو دار پھول ہیں۔(۱۲) تو جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۱۳) اس نے انسان کو بجنے والی

صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿۱۴﴾ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿۱۵﴾ فَبِاَيِّ

مٹی سے پیدا کیا ہے جو ٹھیکری کی مانند ہے۔(۱۴) اور جنوں کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا ہے۔(۱۵) تو تم دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۶﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿۱۷﴾ فَبِاَيِّ

اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۱۶) وہ مشرقین کا رب ہے اور مغربین کا بھی رب ہے۔(۱۷) تو تم دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۸﴾ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿۱۹﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ

اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۱۸) اس نے دو سمندر بہائے جو آپس میں ملتے ہیں۔ (۱۹) ان دونوں کے درمیان آڑ ہے

لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿۲۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۱﴾ يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ

جس کی بنا پر وہ ایک دوسرے کی طرف بڑھ نہیں سکتے ۔ (۲۰) تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۲۱) ان سے موتی اور

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، تین الف کے برابر - پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واو کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

وَالْمَرْجَانُ ﴿٢٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٣﴾ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ

مرجان نکلتے ہیں ۔(۲۲) تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۲۳)اور سمندر میں پہاڑوں کی طرح

النصف ع ٢٥ فِی الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿٢٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٥﴾ كُلُّ مَنْ

بلند چلنے والی کشتیاں اسی کی ہیں۔(۲۴) تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۲۵) یہاں کی ہر

عَلَيْهَا فَانٍ ﴿٢٦﴾ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٢٧﴾ فَبِاَيِّ

چیز فنا ہے۔(۲۶) اور آپ کے صاحب جلال اور اکرام والے رب کو بقا ہے۔(۲۷) تو تم

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٨﴾ يَسْئَلُهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلَّ يَوْمٍ

دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۲۸) آسمانوں اور زمین میں جو ہیں سب اُسی سے مانگتے ہیں۔ ہر آن اُس کی

هُوَ فِیْ شَاْنٍ ﴿٢٩﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٠﴾ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ

شان نرالی ہے۔(۲۹) تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۳۰) اے جن وانس ہم جلد ہی سب کاموں سے فارغ ہو کر تمہارے

الثَّقَلٰنِ ﴿٣١﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٢﴾ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ

حساب کا ارادہ کرتے ہیں۔(۳۱) تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۳۲) اے جنوں اور انسانوں کے گروہ اگر

اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ

تم میں نکل جانے کی طاقت ہے تو آسمانوں اور زمین کے کناروں سے نکل جاؤ، لیکن تم نکل نہیں سکو گے

لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿٣٣﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٤﴾ يُرْسَلُ

کیونکہ نکل کر جہاں جاؤ گے اُسی کی سلطنت ہے۔(۳۳) تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۳۴) تم پر آگ کے

عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ۬ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿٣٥﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

شعلے اور کالا دھواں چھوڑا جائے گا۔ تو تم اپنے آپ کو بچا نہ سکو گے۔ (۳۵) تو تم دونوں اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٦﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿٣٧﴾

کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۳۶) تو پھر جب آسمان پھٹ جائے گا تو وہ سرخ چمڑے کی مانند سرخ ہو جائے گا۔(۳۷)

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٨﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ

تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۳۸) تو اس دن کسی گنہگار سے کسی انسان اور جن کے متعلق گناہوں کے بارے

وَّلَا جَآنٌّ ﴿٣٩﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٠﴾ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ

میں سوال نہ کیا جائے گا۔(۳۹) تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۴۰) مجرموں کو اُن کے چہروں سے

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مد ،، تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

پہچان لیا جائے گا تو انہیں پیشانی اور پاؤں سے پکڑ کر دوزخ میں ڈال دیا جائے گا۔(۴۱) تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ يَطُوْفُوْنَ وقف لازم

جھٹلاؤ گے۔(۴۲) یہی وہ جہنم ہے جس کو مجرم لوگ جھٹلاتے تھے۔(۴۳) وہ جہنم اور کھولتے ہوئے گرم پانی کے

بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿۴۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۵﴾ وَلِمَنْ خَافَ ع ۲ ۲۰ ۱۲

درمیان گھومتے رہیں گے۔(۴۴) توتم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۴۵) اور جو اپنے رب کے حضور کھڑا ہونے سے ڈرتا ہے تو

مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿۴۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۷﴾ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿۴۸﴾

اس کے لیے دو باغ ہیں۔(۴۶) توتم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۴۷) دونوں باغ ہری بھری شاخوں سے لدے ہوں گے۔(۴۸)

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۹﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿۵۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۴۹) ان باغوں میں دو چشمے جاری ہوں گے۔(۵۰) تو تم دونوں اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۱﴾ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿۵۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۵۱) ان باغوں میں تمام پھل دو طرح کے ہوں گے۔(۵۲) تو تم دونوں اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۳﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۢ بَطَآىِٕنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ط

کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۵۳) وہ بچھونوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔ جن کا استر اعلیٰ قسم کے ریشم کا ہوگا۔

وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿۵۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۵﴾ فِيْهِنَّ

اور اُن کے پھل اتنے جھکے ہوں گے کہ انہیں ہاتھ سے پکڑلو۔(۵۴) توتم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۵۵) ان میں نیچی

قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۵۶﴾ فَبِاَيِّ

نگاہوں والی حوریں ہوں گی۔ ان کو اس سے پہلے نہ کبھی انسان اور نہ کسی جن نے چھوا ہوگا۔(۵۶) تو تم دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۷﴾ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۵۸﴾ فَبِاَيِّ

اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۵۷) غرضیکہ وہ یاقوت اور مرجان ہیں۔(۵۸) تو تم دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۹﴾ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿۶۰﴾ فَبِاَيِّ

اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۵۹) کیا احسان کا بدلہ احسان ہی ہے۔(۶۰) تو تم دونوں اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿۶۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۶۱) ان دو باغوں کے علاوہ اور بھی دو باغ ہیں۔(۶۲) تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا — تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا — قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾ مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾ فِيْهِمَا

نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۶۳) دونوں باغ سرسبز وشاداب ہیں۔(۶۴) توتم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۶۵) ان میں دو

عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿۶۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۷﴾ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ

چشمے بہتے ہیں۔(۶۶) تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۶۷) ان میں میوے

وَّ نَخْلٌ وَّ رُمَّانٌ ﴿۶۸﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۹﴾ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ

اور کھجوریں اور انار ہوں گے۔(۶۸) توتم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۶۹) ان میں نہایت ہی شریف خوبصورت

حِسَانٌ ﴿۷۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۱﴾ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ﴿۷۲﴾

حوریں ہیں۔(۷۰) توتم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۷۱) وہ حوریں خیموں میں پردہ نشین ہوں گی۔(۷۲)

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۳﴾ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَ

توتم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۷۳) اہل جنت سے قبل انہیں نہ کسی انسان نے نہ کسی جن نے

لَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۵﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ

ہاتھ لگایا ہوگا۔(۷۴) توتم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۷۵) اہل جنت سبز مسندوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے

خُضْرٍ وَّ عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾

جو بڑی خوبصورت جاذب نظر ہوں گی۔(۷۶) تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔(۷۷)

ع ۳ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَ الْاِكْرَامِ ﴿۷۸﴾

اے محبوب! آپ کے رب کا نام بڑی برکت والا ہے جو صاحب جلال اور صاحب اکرام ہے۔(۷۸)

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ ۵۶ مَكِّيَّةٌ ۴۶ | اٰيَاتُهَا ۹۶ | رُكُوْعَاتُهَا ۳

سورۃ الواقعہ مکی ہے — اس میں ۹۶ آیات اور ۳ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وقف لازم

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿۱﴾ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿۲﴾ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ﴿۳﴾

جب قیامت وقوع پذیر ہوجائے گی۔(۱) وقوع پذیری کے وقت اُسے کوئی جھٹلانے والا نہ ہوگا۔(۲) وہ تہ و بالا کرنے والی ہوگی۔(۳)

اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ﴿۴﴾ وَّ بُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿۵﴾ فَكَانَتْ هَبَآءً

جب زمین تھرتھرا کر کانپنے لگے گی۔(۴) اور پہاڑ پھٹ کر ریزہ ریزہ ہوجائیں گے۔(۵) پھر بکھرے ہوئے غبار کی مانند ہو

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا کر کے پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مُّنۢبَثًّا ۝٦ وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ۝٧ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ۬ مَآ اَصْحٰبُ

جائیں گے۔(٦) اور تمہاری تین قسم کے لوگوں میں درجہ بندی کردی جائے گی۔(٧) پس ایک گروہ دائیں ہاتھ والوں کا ہوگا۔ دائیں ہاتھ

الْمَيْمَنَةِ ۝٨ وَاَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ۙ۬ مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ۝٩ وَالسّٰبِقُوْنَ

والے بہت ہی اچھے ہوں گے۔(٨) اور دوسرا گروہ بائیں ہاتھ والوں کا ہوگا۔ بائیں ہاتھ والے بدبخت لوگ ہوں گے۔(٩) اور سبقت لے جانے

السّٰبِقُوْنَ ۝١٠ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝١١ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝١٢ ثُلَّةٌ مِّنَ

والے ہی سبقت والے ہیں۔(١٠) وہی لوگ اللہ کے مقرب ہیں۔(١١) نعمتوں کی جنت میں ہوں گے۔(١٢) بہت سے پہلے لوگوں میں سے ہوں

الْاَوَّلِيْنَ ۝١٣ وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ۝١٤ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ۝١٥ مُّتَّكِـِٕيْنَ

گے۔(١٣) اور تھوڑے پچھلے لوگوں میں سے ہوں گے۔ (١٤) مرصع تختوں پر ۔(١٥) ایک دوسرے کے سامنے تکیے

عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ۝١٦ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۝١٧ بِاَكْوَابٍ

لگائے بیٹھے ہوں گے۔(١٦) ہمیشہ جواں سال رہنے والے نوجوان خادم اُن کے اردگرد حاضر خدمت ہوں گے ۔(١٧) پیالے

وَّاَبَارِيْقَ ۙ۬ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ۝١٨ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ۝١٩

اور آفتابے اور شراب طہور کے چھلکتے ہوئے جام لیے پھریں گے۔(١٨) جنتیوں کا اس سے نہ سر درد ہوگا اور نہ اُن کی ہوش میں خلل آئے گا۔(١٩)

وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ۝٢٠ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ۝٢١ وَ

اور ان کو پسندیدہ میوے پیش کریں گے۔(٢٠) اور من بھاتے پرندوں کا گوشت بھی ملے گا۔(٢١) اور

حُوْرٌ عِيْنٌ ۝٢٢ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ۝٢٣ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا

خوبصورت آنکھوں والی حوریں ہوں گی۔(٢٢) جو مستور موتیوں جیسی ہوں گی۔(٢٣) یہ اُن کے کیے ہوئے اعمال کی

يَعْمَلُوْنَ ۝٢٤ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ۝٢٥ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا

جزا ہے۔(٢٤) وہ اس میں کسی طرح کی لغویات نہ سُنیں گے اور نہ گناہ ہوں گے۔ (٢٥) پس وہاں سلام ہی سلام کی

سَلٰمًا ۝٢٦ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۙ۬ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۝٢٧ فِيْ سِدْرٍ

آواز ہوگی۔(٢٦) اور اصحاب یمین یعنی دائیں ہاتھ والوں کا کیا مقام ہے۔(٢٧) بے خار بیریوں کے درخت کے پاس

مَّخْضُوْدٍ ۝٢٨ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ۝٢٩ وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ۝٣٠ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ۝٣١

ہوں گے۔(٢٨) اور کیلوں کے گچھے ہوں گے۔(٢٩) اور طویل قسم کے سائے ہوگے۔(٣٠) اور پانی کے آبشار ہوں گے۔(٣١)

وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ۝٣٢ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ۝٣٣ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ۝٣٤

اور کثرت سے پھل ہوں گے۔(٣٢) یہ تمام نعمتیں غیر مقطوعہ اور غیر ممنوعہ ہوں گی۔(٣٣) پرشکوہ پلنگوں پر اُن کے بستر لگے ہوں گے۔(٣٤)

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

إِنَّآ أَنشَأْنَٰهُنَّ إِنشَآءً ﴿٣٥﴾ فَجَعَلْنَٰهُنَّ أَبْكَارًا ﴿٣٦﴾ عُرُبًا أَتْرَابًا ﴿٣٧﴾

اُن کی بیویوں کو جواں سال کر دیں گے۔(۳۵) پس ہم انہیں کنواری کردیں گے۔(۳۶) اپنے شوہروں سے محبت کرنے والی ہوں گی۔(۳۷)

ع ٣٨ ١٤ لِّأَصْحَٰبِ ٱلْيَمِينِ ﴿٣٨﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ ٱلْأَوَّلِينَ ﴿٣٩﴾ وَثُلَّةٌ مِّنَ ٱلْءَاخِرِينَ ﴿٤٠﴾

یہ سب کچھ دائیں ہاتھ والوں کے لئے ہے۔(۳۸) اُن کی کچھ اکثریت پہلوں میں سے ہوگی۔(۳۹) اور کچھ اکثریت بعد والوں سے ہوگی۔(۴۰)

وَأَصْحَٰبُ ٱلشِّمَالِ مَآ أَصْحَٰبُ ٱلشِّمَالِ ﴿٤١﴾ فِى سَمُومٍ وَحَمِيمٍ ﴿٤٢﴾

اور اصحاب شمال یعنی بائیں ہاتھ والے جو بُرے لوگ ہیں۔(۴۱) اُن کے لیے گرم اور کھولتا ہوا پانی ہوگا۔(۴۲)

وَظِلٍّ مِّن يَحْمُومٍ ﴿٤٣﴾ لَّا بَارِدٍ وَلَا كَرِيمٍ ﴿٤٤﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا۟ قَبْلَ

اور اُن کے اوپر دھوئیں کا سایہ ہوگا۔(۴۳) نہ کوئی ٹھنڈک اور نہ ہی کوئی راحت ہوگی۔(۴۴) بیشک اس سے پہلے

ذَٰلِكَ مُتْرَفِينَ ﴿٤٥﴾ وَكَانُوا۟ يُصِرُّونَ عَلَى ٱلْحِنثِ ٱلْعَظِيمِ ﴿٤٦﴾

اُن کے پاس نعمتیں تھیں۔(۴۵) اور اس عظیم گناہ پر اَڑے ہوئے تھے۔(۴۶)

وَكَانُوا۟ يَقُولُونَ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَٰمًا أَءِنَّا

اورکہا کرتے تھے کہ جب ہم مرجائیں گے اورہماری ہڈیاں مٹی ہوجائیں گی تو کیا ہمیں دوبارہ

لَمَبْعُوثُونَ ﴿٤٧﴾ أَوَءَابَآؤُنَا ٱلْأَوَّلُونَ ﴿٤٨﴾ قُلْ إِنَّ ٱلْأَوَّلِينَ وَٱلْءَاخِرِينَ ﴿٤٩﴾

زندہ کرلیا جائے گا۔(۴۷) کیا ہمارے باپ دادا بھی زندہ ہوجائیں گے۔(۴۸) آپ فرمادیں تمام اگلے پچھلوں کو۔(۴۹)

لَمَجْمُوعُونَ إِلَىٰ مِيقَٰتِ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ ﴿٥٠﴾ ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا

ایک مقررہ دن پر ضرور جمع کر لیا جائے گا۔(۵۰) پھر بیشک اے

ٱلضَّآلُّونَ ٱلْمُكَذِّبُونَ ﴿٥١﴾ لَءَاكِلُونَ مِن شَجَرٍ مِّن زَقُّومٍ ﴿٥٢﴾ فَمَالِـُٔونَ

گمراہو! اور جھٹلانے والو!۔(۵۱) تمہیں زقوم یعنی تھوہر کے درخت سے کھانا پڑے گا۔(۵۲) پس تم اسی سے

مِنْهَا ٱلْبُطُونَ ﴿٥٣﴾ فَشَٰرِبُونَ عَلَيْهِ مِنَ ٱلْحَمِيمِ ﴿٥٤﴾ فَشَٰرِبُونَ

اپنے پیٹوں کو بھروگے۔ (۵۳) پھر اس پر کھولتا ہوا پانی پیو گے۔ (۵۴) پس اس طرح پیو گے

شُرْبَ ٱلْهِيمِ ﴿٥٥﴾ هَٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ ٱلدِّينِ ﴿٥٦﴾ نَحْنُ خَلَقْنَٰكُمْ

جیسے پیاسا اونٹ پیتا ہے۔(۵۵) جزا کے روز اُن کی خاطر مدارت اسی طرح ہوگی۔(۵۶) ہم نے تم کو پیدا کیا

فَلَوْلَا تُصَدِّقُونَ ﴿٥٧﴾ أَفَرَءَيْتُم مَّا تُمْنُونَ ﴿٥٨﴾ ءَأَنتُمْ تَخْلُقُونَهُۥٓ

پھر تم تصدیق کیوں نہیں کرتے۔(۵۷) بھلا دیکھو کہ جو مادہ حیات تم عورتوں کے رحموں میں گراتے ہو۔(۵۸) کیاتم اُس کو پیدا کرنے والے

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، ۔تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿٥٩﴾ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ

ہو یا ہم اس کے خالق ہیں۔(۵۹) ہم نے تمہارے درمیان موت کا وقت مقرر کیاہواہے اورہم اس سے

بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿٦٠﴾ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِىْ مَا

مجبور نہیں ہیں۔(۶۰) کہ تمہارا نعم البدل پیدا کر لیں اور تمہیں ایسی صورت دے دیں جس کا

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾

تمہیں علم نہیں ہے۔(۶۱) اور تم اپنی پیدائش کے متعلق اچھی طرح جانتے ہو پھر غوروفکر کیوں نہیں کرتے۔(۶۲)

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ﴿٦٣﴾ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿٦٤﴾

بھلا بتاؤ کہ جو چیز تم کاشت کرتے ہو۔(۶۳) کیا تم اس کو اُگانے والے ہو یا ہم اسے اُگانے والے ہیں۔(۶۴)

لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿٦٦﴾

اگرہم چاہیں تو اسے ریزہ ریزہ کردیں پھرتم صرف باتیں بنانے والے رہ جاؤ گے۔(۶۵) بیشک ہم تو تاوان بھرنے والے ہوگئے۔(۶۶)

بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِىْ تَشْرَبُوْنَ ﴿٦٨﴾ ءَاَنْتُمْ

بلکہ ہم تو محروم رہ گئے۔(۶۷) بھلا اس پانی کو دیکھو جسے تم پیتے ہو۔(۶۸) کیا تم نے

اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ

اسے بادلوں سے نازل کیاہے یاہم اسے برسانے والے ہیں۔(۶۹) اگر ہم چاہیں تو اسے کھاری

اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِىْ تُوْرُوْنَ ﴿٧١﴾ ءَاَنْتُمْ

کردیں پھر تم اللہ کا شکر کیوں نہیں کرتے۔(۷۰) بھلا بتاؤ کہ جو آگ تم جلاتے ہو ۔ (۷۱) کیا تم نے

اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّ

اس کے درخت کو پیدا کیا ہے یاہم اسے پیدا کرنے والے ہیں۔ (۷۲) ہم نے اسے یادگار بنا دیا ہے

مَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿٧٣﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾ ع الثلثة فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ ع

اور مسافروں کے لیے نفع بخش کردیاہے۔(۷۳) پس اپنے عظیم رب کے اسم کی تسبیح کریں۔(۷۴) پس مجھے تاروں کے ڈوبنے والے

النُّجُوْمِ ﴿٧٥﴾ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿٧٦﴾ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٧﴾

مقامات کی قسم۔ (۷۵) اور بلاشبہ یہ بہت بڑی قسم ہے اگر تم غور کرو ۔(۷۶) بیشک یہ قرآن کریم ہے۔(۷۷)

فِىْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿٧٨﴾ لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿٧٩﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ

جو کتاب مکنون میں موجود ہے۔(۷۸) اسے وضو کے بغیر ہاتھ نہ لگائیں۔(۷۹) یہ رب العالمین کی طرف سے نازل

غنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا · تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا · قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا · کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مدّ — تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٠﴾ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿٨١﴾ وَتَجْعَلُوْنَ

شدہ ہے۔(۸۰) تو کیا تم قرآن کے بارے میں سستی کرتے ہو۔(۸۱) اور کیا تم نے یہی طرز عمل اختیار کر رکھا ہے

رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿٨٣﴾ وَاَنْتُمْ

کہ اس کی تکذیب کرتے رہو۔(۸۲) موت کے وقت جب روح حلق تک پہنچ جاتی ہے تو تم روح کو نکلنے کیوں دیتے ہو۔(۸۳) حالانکہ

حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿٨٥﴾

تم اس وقت اُسے دیکھ رہے ہوتے ہو۔(۸۴) اور ہم اس مرنے والے کے تم سے زیادہ قریب ہوتے ہیں لیکن تم دیکھ نہیں سکتے ہو۔(۸۵)

فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿٨٦﴾ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ

تو کیوں نہیں اگر تم کسی کے ماتحت نہیں ہو۔(۸۶) تواس وقت مرنے والے کی روح کو واپس کیوں نہیں لے آتے

صٰدِقِيْنَ ﴿٨٧﴾ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٨٨﴾ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ

اگر تم سچے ہو۔(۸۷) پھر اگر وہ مرنے والا اللہ کے مقربین میں سے ہو۔(۸۸) تو اس کے لیے فرحت اور پاکیزہ رزق

وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿٨٩﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩٠﴾ فَسَلٰمٌ

اور نعمتوں والی جنت ہے۔(۸۹) بشرطیکہ وہ اصحاب یمین یعنی دائیں ہاتھ والوں سے ہو۔(۹۰) اصحاب یمین کو

لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩١﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ

کہا جاتاہے کہ تم پر سلام ہو۔ (۹۱) اور اگر وہ مرنے والا جھوٹ بولنے والے گمراہوں

الضَّآلِّيْنَ ﴿٩٢﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٩٣﴾ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿٩٤﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ

سے ہو۔(۹۲) تو اُن کی خاطر مدارت کھولتا ہوا پانی ہے۔(۹۳) اور اسے بھڑکتی ہوئی جہنم میں رہنا ہوگا۔ (۹۴) بیشک یہی حق

حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿٩٥﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٩٦﴾ ٣ ع ٢٢ ١٦

الیقین ہے۔(۹۵) پس اے محبوب! آپ اپنے عظیم رب کے نام کی تسبیح کریں۔ (۹۶)

سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ ٥٧ ٩٤ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ٢٩ | رُكُوْعَاتُهَا ٤

سورۃ الحدید مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۲۹ آیات اور ۴ رکوع ہیں۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١﴾ لَهٗ مُلْكُ

آسمانوں اور زمین کی ہر چیز اللہ کی تسبیح میں محو ہے۔ اور وہی غلبے والا حکمت والا ہے۔(۱) آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢﴾ هُوَ

زمین کی بادشاہت اس کی ہے وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے۔اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔(۲) اول

غنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، تین الف کے برابر - پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٣﴾ هُوَ
اور آخر میں وہی ہے وہی ظاہر اور باطن میں ہے۔ اور وہی سب کچھ جاننے والاہے۔(۳) وہی ہے
الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى
جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا ہے پھر عرش پر خود جلوہ افروز
الْعَرْشِ ۚ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ
ہوا۔ جو کچھ زمین کے اندر جاتا ہے اور اس سے باہر نکلتا ہے۔ اور جو آسمان سے نازل
مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۚ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا
ہوتاہے اور جو کچھ آسمان میں چڑھتاہے تمام کو جانتاہے۔ اور تم جہاں کہیں بھی ہوتے ہو وہ تمہارے ساتھ ہے اور اللہ تمہارے
تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٤﴾ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ
ہر عمل کو دیکھتاہے۔(۴) آسمانوں اور زمین کی مملکت اللہ کی ہے اور تمام امور کا رجوع اللہ ہی کی
الْاُمُوْرُ ﴿٥﴾ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۚ وَهُوَ
طرف ہے۔(۵) وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں وہی تبدیل کرتا ہے۔ اور وہ
عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٦﴾ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ
سینوں میں چھپی ہوئی باتوں کو جانتا ہے۔ (۶) اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لے آؤ اور اس مال کو خرچ کرو
مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ۚ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿٧﴾
جس پر اس نے تمہیں حق دیاہے۔ پس جولوگ تم میں سے ایمان لائے اورخرچ کیا تو اُن کے لیے بہت بڑا اجر ہے۔(۷)
وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَ
اور آخر تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے۔ حالانکہ اس کے رسول کریم تمہیں دعوت دیتے ہیں کہ اپنے رب پر ایمان لے آؤ، اور
قَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٨﴾ هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى
وہ تم سے وعدہ لے چکاہے بشرطیکہ تم مومن ہو۔(۸) وہی ہے جو اپنے بندے پر روشن
عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۚ وَاِنَّ اللّٰهَ
آیتوں کا نزول کرتاہے۔ تاکہ تمہیں اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لے آئے اور بیشک اللہ
بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩﴾ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ
تم پر مہربان ہے رحیم ہے۔(۹) اور تمہیں کیا ہوگیا ہے یہ کہ تم اللہ کی راہ پر خرچ نہیں کرتے حالانکہ

مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ

آسمانوں اورزمین کی میراث اللہ ہی کی ہے۔تم میں سے کوئی بھی اُن کے برابر نہیں ہے جنھوں نے فتح مکہ سے پہلے اللہ کی راہ

الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ

میں خرچ کیا اور جہاد کیا۔ اُن کا درجہ ان لوگوں سے بہت بڑا ہے جنھوں نے فتح مکہ کے بعد خرچ

وَقٰتَلُوْا ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۰﴾ ع ١٠ ١٧

اور جہاد کیا اور ان تمام کے ساتھ اللہ نے اچھا وعدہ کیا ہے۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔(١٠)

مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ

کون ہے جو اللہ تعالیٰ کو قرض حسنہ کے طور پر قرض دے پس اللہ اسے اس کے لیے بڑھا دے اور اس کے لیے

اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۱﴾ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ

اجر کریم بھی ہے۔(١١) جس روز آپ مومنین اور مومنات کواس حال میں دیکھیں گے کہ اُن کے ایمان کانور اُن کے

اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

سامنے سے اور دائیں جانب سے چمپل رہا ہوگا آج انہی کے لیے جنت کی بشارت ہے جس کے نیچے

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ يَقُوْلُ

نہریں جاری ہیں ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔(١٢) اُس دن منافق مرد

الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ

اورمنافق عورتیں اہلِ ایمان سے کہیں گے کہ ہماری طرف دیکھیں تاکہ ہم تمہارے نور سے کچھ نور حاصل کرلیں۔

قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ؕ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ

انھیں کہاجائے گا پیچھے کی طرف چلے جاؤ وہاں جاکر نور تلاش کرو۔ پھر اُن کے درمیان ایک دیوار مع دروازے کے بنادی

بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ﴿۱۳﴾ ط

جائے گی۔ اس دروازے کے اندر رحمت ہوگی اور اس کے باہر عذاب ہوگا۔(١٣)

يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ

منافق مسلمانوں سے کہیں گے کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے، وہ کہیں گے ہاں لیکن تم نے اپنے آپ کو فتنوں میں مبتلا کرلیا

وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَ

اور مسلمانوں کی تباہی کے منتظر رہے اور شک کرتے رہے اور لالچ نے تمہیں فریب میں ڈالے رکھا یہاں تک کہ اللہ کا حکم آگیااور

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

غَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۱۴﴾ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ

شیطان نے اللہ کے بارے میں تمہیں دھوکے میں رکھا۔(۱۴) پس آج تم سے نہ فدیہ لیا جائے گا اور نہ ہی کفر کرنے والوں سے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ هِيَ مَوْلٰىكُمْ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾

کچھ فدیہ لیا جائے گا۔ تمہارا ٹھکانا جہنم ہے تم اسی کے ساتھی بننے کے لائق ہو۔ اور یہ کیسا ہی برا ٹھکانا ہے۔(۱۵)

اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ

کیا ایمان والوں کے لیے ابھی وقت نہیں آیا کہ اُن کے دل اللہ کے ذکر میں محو ہوجائیں اورنازل شدہ حق کے لیے بھی

مِنَ الْحَقِّ ۙ وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ

جھک جائیں۔ اور وہ ان لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں جن کو پہلے کتاب دی گئی تھی پس جب ان پر

عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ

طویل عرصہ گزر گیا تواُن کے دل سخت ہوگئے۔ اور ان میں سے بہت سے فاسق ہیں۔(۱۶) تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ اللہ

اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ

ہی زمین کوموت کے بعد زندگی عطا کرتاہے۔ بلاشبہ ہم نے تمہارے لیے نشانیاں بیان فرمادی ہیں تاکہ تم

تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا

عقل سے کام لو۔(۱۷) بیشک صدقہ دینے والے مرداور صدقہ دینے والی عورتیں اور جنھوں نے اللہ کو قرضِ حسنہ

حَسَنًا يُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۸﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ

دیا اُن کے لیے کئی گنا اضافہ ہے اوراُن کے لیے اجر کریم بھی ہے۔ (۱۸) اور وہ لوگ جو اللہ اور اُس کے

رُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖۗ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ لَهُمْ

رسول پر ایمان لائیں وہ اپنے رب کی بارگاہ میں صدیق اور شہداء ہیں۔ اُن کے لیے

اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

ان کا اجر اور ان کا نور ہے۔اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ

الْجَحِيْمِ ﴿۱۹﴾ ع اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّ ع ۲ ۹ ۱۸

دوزخی ہیں۔(۱۹) اچھی طرح ذہن نشین کرلوکہ دنیا کی زندگی لعب ولہو اور زینت اور

تَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ؕ كَمَثَلِ غَيْثٍ

آپس میں اظہار خودنمائی اورکثرت مال اور اولاد کی ہوس ہے۔ اس کی مثال اس بارش کی طرح ہے جس سے کھیت

غُنَّه: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مَدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ◉ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واو کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا ؕ

اُگ آتے ہیں جو کاشت کار کو اچھے لگتے ہیں پھر فصل پک جاتی ہے پھر تم اسے دیکھتے ہو کہ وہ زرد پڑ جاتی ہے پھر وہ چورہ چورہ ہوجاتی

وَفِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ۙ وَّ مَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ؕ وَ

ہے۔ اور آخرت میں شدید عذاب ہے اور مومنوں کے لئے اللہ کی طرف سے بخشش اور رضا ہے۔ اور

مَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَاۤ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿٢٠﴾ سَابِقُوْۤا اِلٰی مَغْفِرَةٍ مِّنْ

دنیا کی زندگی کا مال و متاع فریب کے سوا کچھ نہیں۔(۲۰) اپنے رب کی مغفرت اور

رَّبِّكُمْ وَ جَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ

جنت کی طرف تیزی سے آجاؤ جس کی وسعت آسمانوں اور زمین جتنی ہے جو اللہ

لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ؕ

اور اُس کے رسول پر ایمان لانے والوں کے لیے تیار کی گئی ہے۔ یہ اللہ کا فضل ہے جسے وہ چاہے عطا فرما دیتا ہے

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ﴿٢١﴾ مَاۤ اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَةٍ فِی

اور اللہ عظیم فضل والا ہے۔(۲۱) اور کوئی مصیبت زمین پر

الْاَرْضِ وَلَا فِیْۤ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ؕ

اور تمہاری جانوں پر نہیں پہنچتی مگر یہ کہ ہم نے اسے پہلے ہی ایک کتاب میں ترتیب دے رکھا ہے۔

اِنَّ ذٰلِكَ عَلَی اللّٰهِ یَسِیْرٌ ﴿٢٢﴾ لِّكَیْلَا تَاْسَوْا عَلٰی مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا

بیشک ایسا کرنا اللہ پر آسان ہے۔ (۲۲) یہ کہ اگر تم سے کچھ چلا جائے تو اس پر اظہار افسوس نہ کرو اور جو اللہ کی طرف

بِمَاۤ اٰتٰىكُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا یُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ﴿٢٣﴾ الَّذِیْنَ یَبْخَلُوْنَ

سے مل جائے تو اس پر نہ اتراؤ کیونکہ اللہ کسی اترانے والے اور فخر جتانے والے کو پسند نہیں کرتا۔(۲۳) جو لوگ خود بخل کرتے

وَ یَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ یَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِیُّ

ہیں اور دوسروں کو بھی بخل کی ترغیب دیتے ہیں۔ اور جو منہ پھیرلے تو بیشک اللہ وہ ہے جو غنی ہے اور حمد

الْحَمِیْدُ ﴿٢٤﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَیِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ

کیا گیاہے۔(۲۴) بیشک ہم نے اپنے رسولوں کو روشن دلائل کے ساتھ بھیجا اور ہم نے اُن کے ساتھ کتاب

وَالْمِیْزَانَ لِیَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِیْدَ فِیْهِ بَاْسٌ

اور میزان عدل بھی اُتارا تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں۔ اور ہم نے لوہا بھی عطا فرمایا ہے اس میں بڑی

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، تین الف کے برابر ـ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا کرنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

شَدِيْدٌ وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ؕ

قوت ہے اور لوگوں کے لیے بہت سے فائدے ہیں تا کہ اللہ ظاہر فرمادے کہ کون بن دیکھے اس کی اور اُس کے رسولوں کی مدد کرتا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿٢٥﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ وَجَعَلْنَا فِيْ ع ٣ ٦ ١٩

بیشک اللہ قوی ہے عزیز ہے۔(٢٥) اور بیشک ہم نے حضرت نوح اور حضرت ابراہیم (علیہما السلام) کو بھیجا اور اُن کی اولاد

ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٢٦﴾

میں نبوت اور کتاب بھیجی ، پس ان میں سے چند تو ہدایت پر ہیں اور اُن کی اکثریت فاسق ہے۔(٢٦)

ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ

پھر ہم نے اُنہی کے نقش قدم پر اُن کے پیچھے اور رسول بھیجے اور اُن کے بعد ہم عیسٰی ابن مریم کو لائے اوران پر

اَمْوَالُكُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ

اور تمہاری اولاد کہیں تمہیں اللہ کے ذکر سے غافل نہ کردے۔ اور جو اس طرح کرے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٩﴾ وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ

تو وہ لوگ خسارہ پانے والے ہیں۔(۹) اور جو رزق ہم نے تم کو دیا اسے تصرف میں لاؤ قبل اس کے کہ

اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَاۤ اَخَّرْتَنِيْۤ اِلٰۤى اَجَلٍ

تم میں سے کسی پر موت آجائے پھر وہ کہنے لگے کہ اے میرے رب تونے مجھے کچھ مہلت اور کیوں

قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠﴾ وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ

نہ دی۔ تاکہ میں صدقہ دے لیتا اور صالحین میں سے ہوتا۔(۱۰) حالانکہ جب کسی کی موت کا مقررہ وقت آجاتا ہے تو اللہ

ع ٢ ١٤ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١١﴾ ع

ہرگز کسی شخص کو وقفہ نہیں دیتا اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے جانتا ہے۔(۱۱)

سُوْرَةُ التَّغَابُنِ ٦٤ مَدَنِيَّةٌ ١٠٨ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ١٨ رُكُوْعَاتُهَا ٢

سورۃ التغابن مدنی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ | اس میں ۱۸ آیات اور ۲ رکوع ہیں۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَ

آسمانوں اور زمین کی ہر چیز اللہ کی تسبیح کرتی ہے۔ مملکت اسی کی ہے اور

لَهُ الْحَمْدُ ۡ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ

حمد اسی کے لیے ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔(۱) وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا ہے

فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٢﴾

پھر تم میں سے کوئی منکر ہے اور تم میں سے کوئی مومن ہے اور اللہ تمہارے کاموں کو دیکھ رہا ہے۔(۲)

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ

اسی نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے اور اس نے جب صورتیں بنائیں تو تمہاری بڑی اچھی صورتیں بنائیں

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿٣﴾ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ

اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ (۳) آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ جانتا ہے اور

مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٤﴾

وہ تمہارے باطن اور ظاہر کو بھی جانتا ہے، اور اللہ سینوں کے رازوں کو بھی جاننے والا ہے۔(۴)

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر – پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا کر کے پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۫ فَذَاقُوْا وَبَالَ

کیا تمہیں اس کے متعلق خبر نہ ملی جنھوں نے اس سے قبل کفر کیا۔ تو اُنہوں نے اپنے کام کے وبال کا مزہ

اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ

چکھ لیا اور اُن کے لیے دردناک عذاب ہے۔(۵) یہ اس لیے کہ اُن کے پاس اُن کے رسول روشن

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۫ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا

دلائل لے کر آئے تو وہ کہنے لگے کہ کیا یہ بشرہمیں راہ ہدایت پر چلائیں گے پس وہ منکر ہوئے اور پھر گئے

وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۶﴾ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ

اور اللہ نے بھی ان سے توجہ ہٹالی اوراللہ بے نیاز ہے تعریف کیا گیا ہے۔(۶) اہلِ کفر کا زعم ہے کہ اُنھیں ہرگز دوبارہ زندہ

لَّنْ يُّبْعَثُوْا ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّىْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ؕ

نہ کیا جائے گا۔ آپ فرمادیں کیوں نہیں میرے رب کی قسم تمھیں ضرور زندہ کیا جائے گا پھر تمھیں تمہارے اعمال بتا دیے جائیں گے

وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۷﴾ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِىْٓ

اور ایسا کرنا اللہ کے لیے بالکل آسان ہے۔(۷) پس اللہ اور اس کے رسول پر اور اس نور پر ایمان لاؤ جسے ہم نے

اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۸﴾ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ

نازل کیا ہے اور اللہ تمہارے اعمال سے باخبر ہے۔(۸) جس دن تمھیں جمع کرنے کے دن جمع کرے گا

ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ

وہ تغابن یعنی ہارجیت کادن ہوگا۔ اور جو اللہ پرایمان لائے اور صالح عمل کرے تو اللہ اس کی

عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

برائیوں کو دُور کردے گا اور اللہ اسے جنتوں میں داخل فرمائے گا جہاں نہریں جاری ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۹﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وہ ہمیشہ اس میں تاابد رہیں گے، یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔ (۹) اور جنھوں نے کفر کیا

وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَبِئْسَ

اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ اصحاب نار ہیں ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے جو بہت برا

ع ۱۰ ۱۵ الْمَصِيْرُ ﴿۱۰﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ

ٹھکانا ہے۔(۱۰) جو مصیبت بھی آتی ہے وہ اللہ کے حکم ہی سے آتی ہے۔ جو شخص

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۱۱﴾ وَاَطِیْعُوا

اللہ پر ایمان رکھے تو اللہ اُس کے دل کو ہدایت کی طرف مائل کردیتا ہے اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔(۱۱) اوراللہ کی

اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰی رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ

اطاعت کرو اوررسول کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اطاعت کرو، پھر اگر تم منہ پھیرلو تو جان لو کہ ہمارے رسول پر صرف واضح

الْمُبِیْنُ ﴿۱۲﴾ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَی اللّٰهِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۳﴾

طور پر تبلیغ کردینا ہے۔(۱۲) اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور مومن اللہ ہی پر توکل کیا کریں۔(۱۳)

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ

اے ایمان والو! تمہاری کچھ ازواج اور اولاد تمہاری دشمن ہیں

فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

پس ان سے بچو اور اگر عفو اور درگزر کرو اور بخش دو تو بیشک اللہ بخشنے والا

رَّحِیْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَاۤ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ

رحم فرمانے والا ہے۔(۱۴) بلاشبہ تمہارے مال اورتمہاری اولاد باعث آزمائش ہیں۔ اور اللہ کے پاس اجر

عَظِیْمٌ ﴿۱۵﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِیْعُوْا وَاَنْفِقُوْا

عظیم ہے۔(۱۵) پس اپنی استطاعت کے مطابق اللہ سے ڈرتے رہو اور اللہ کی باتیں سنو اور اطاعت کرواور اللہ کی

خَیْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَنْ یُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۶﴾

راہ میں خرچ کرو یہی تمہاری ذات کے لیے بہتر ہے۔ اور جو اپنے نفس کے لالچ سے بچایا گیاتو وہی لوگ صاحب فلاح ہیں۔(۱۶)

اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا یُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

اگرتم اللہ کوقرض حسنہ کے طور پر قرض دوتو وہ اس میں تمہارے لیے کئی گنا اضافہ کردے گا اور تمہیں بخش دے گا، اور اللہ

شَكُوْرٌ حَلِیْمٌ ﴿۱۷﴾ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۸﴾ ع ٢ ٨ ١٦

بڑا قدردان ہے حلم والاہے۔(۱۷) وہ پوشیدہ اور ظاہر کوجاننے والا ہے غلبے والا حکمت والاہے۔(۱۸)

سُوْرَةُ الطَّلَاقِ ٦٥ مَدَنِيَّةٌ ٩٩

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اٰیَاتُهَا ١٢ رُكُوْعَاتُهَا ٢

سورۃ الطلاق مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۱۲ آیات اور ۲ رکوع ہیں۔

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا

اے نبی محترم! مسلمانوں سے فرمادیں کہ جب تم عورتوں کو طلاق دوتو عدت کے آغاز میں اُنہیں طلاق دو اور عدّت کی مدت کا

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

مدّ: تین الف کے برابر ـ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا

شمار رکھو اور اللہ سے ڈرتے رہو جو تمہارا رب ہے، دوران عدت اُنہیں گھروں سے نہ نکالو اور نہ وہ

يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ

خود نکلیں مگر یہ کہ ان سے کوئی واضح بے حیائی ہوجائے پھر اُنہیں نکال سکتے ہیں۔ اور یہ اللہ کی حدیں

اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ لَا تَدْرِيْ

ہیں اور جوکوئی اللہ کی حدوں سے تجاوز کرے تو بیشک اس نے اپنی جان پر ظلم کیا۔ اے طلاق دینے والے! تمہیں کیا خبر ہے

لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ﴿١﴾ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ

شاید کہ اُس کے بعد اللہ کوئی اور ذریعہ نکال دے۔(۱) پس جب اُن کی معیاد پوری ہونے لگے

فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ

تو اُنہیں اچھے انداز سے روک لو یا بہتر صورت میں ان سے علیحدگی کرلو اوراپنے میں سے دومنصف مردوں کو

عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ

گواہ بنالو اور گواہ بننے والے اللہ کے لیے گواہی دیں۔ اس سے اس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو

يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ۬ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ

اللہ اورآخرت کے دن پر ایمان رکھتاہے۔ اور جواللہ سے ڈرتا ہو۔ اللہ اس کے لیے نجات کے اسباب پیدا

مَخْرَجًا ﴿٢﴾ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ

کر دیتا ہے۔(۲) اور اسے وہاں سے روزی دیتاہے جہاں سے اسے گمان تک نہیں ہوتا۔ اور جو اللہ پر توکل

عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ

کرتاہے تواس کے لیے اللہ ہی کافی ہے۔ بیشک اللہ اپنے کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچاتاہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہرچیز کے لیے

شَيْءٍ قَدْرًا ﴿٣﴾ وَالّٰٓـئِْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ

تقدیر بنا رکھی ہے۔(۳) اور تمہاری طلاق شدہ عورتیں جو حیض سے ناامید ہوچکی ہوں تو شک کی

ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰٓـئِْ لَمْ يَحِضْنَ ؕ وَاُولَاتُ

صورت میں اُن کی عدت تین ماہ ہے اسی طرح اُن کی عدّت بھی تین ماہ ہے جنھیں حیض نہ آیا ہو اور حاملہ

الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ

عورتوں کی عِدت کی مدت بچے کو جنم دینے تک ہے۔ اور جو شخص اللہ سے ڈرتا رہتا ہے اللہ اس کے کام کو

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، تین الف کے برابر – پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ﴿٤﴾ ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ اِلَيْكُمْ ۭ وَمَنْ يَّتَّقِ

آسانی کے ساتھ کر دیتا ہے۔(۴) یہ اللہ کا امر ہے جو اس نے تمہاری طرف نازل کیا ہے اور جو اللہ سے

اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُعْظِمْ لَهٗٓ اَجْرًا ﴿٥﴾ اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ

ڈرتا ہے تو وہ اس سے اُس کی برائیوں کو دُور کر دیتا ہے اور اسے عظیم اجر دے گا۔(۵) اور عورتوں کو دورانِ عدت وہاں رکھو

حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا

جہاں خود تمہاری اپنی رہائش ہو غرضیکہ جو بھی تمہیں میسر ہو اور اُنہیں تنگ کرنے کے لیے تکلیف نہ

عَلَيْهِنَّ ۭ وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى

پہنچاؤ۔ اور اگر وہ حمل سے ہوں تو اُنہیں اس وقت تک خرچ دیتے رہو جب تک

يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ اَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَاْتَمِرُوْا

بچے کی پیدائش نہ ہوجائے۔ اور اگر وہ تمہارے لیے بچے کو دودھ پلائیں تو اُنہیں اُن کی اجرت ادا کردینی چاہیے اور عمدہ

بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهٗٓ اُخْرٰى ﴿٦﴾ ۭ

طریقے کے مطابق آپس میں اجرت کو طے کرلینا چاہیے اور اگر تم میں اجرت طے نہ ہو تو اسے کوئی دُوسری عورت دودھ پلالے۔(۶)

لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ۭ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ

صاحب ثروت کو اپنی حیثیت کے مطابق خرچ ادا کرنا چاہیے۔ اور جو غریب ہو یعنی اُس کے رزق میں تنگی ہو تو اسے اُس کے

فَلْيُنْفِقْ مِمَّآ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ۭ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ۭ

مطابق خرچ کرنا چاہیے جو اللہ نے اسے عطا کیا ہوا ہے اللہ تعالیٰ کسی شخص پر اتنا بوجھ نہیں ڈالتا سوائے اس کے جو اس نے اسے دیا ہے

سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ﴿٧﴾ ع وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ ع ١ ١٧

عنقریب اللہ تنگی کے بعد کشادگی سے نوازے گا۔(۷) اور بہت سی بستیوں والوں نے اپنے رب اور اس کے

عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّعَذَّبْنٰهَا

رسولوں کے احکام سے سرکشی کی تو ہم نے ان کا سختی سے محاسبہ کیا اور ہم نے اُنہیں شدید قسم کے عذاب میں

عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨﴾ فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهَا

مبتلا کر دیا۔(۸) پھر اُنہوں نے اپنے کاموں کے وبال کا مزہ چکھ لیا اور اُن کے کام کا انجام

خُسْرًا ﴿٩﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي

خسارہ ہوا۔(۹) اللہ نے اُن کے لئے شدید عذاب تیار کر رکھا ہے۔ پس اے عقل والو! جو ایمان لائے ہو اللہ

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ,, تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مٓ ١٤ الْاَلْبَابِ ۛۚ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ﴿١٠﴾ رَّسُوْلًا

سے ڈرو۔ بیشک اللہ نے تم پر کتاب نازل فرمائی ہے۔(۱۰) ایسا رسول

يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

بھیجا ہے جو تم پر اللہ کی روشن آیات کی تلاوت کرتے ہیں تاکہ وہ اہل ایمان اور صالح

الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ

عمل کرنے والوں کو ظلمت سے نکال کر نور یعنی روشنی میں لے آئیں اور جو اللہ پر ایمان لائے گا اور صالح

صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ

عمل کرے گا تو اللہ اسے باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں جن میں وہ ہمیشہ کے لیے تاابد

اَبَدًا ۭ قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ﴿١١﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّ

رہیں گے، بیشک اللہ نے اُن کے لیے احسن رزق رکھا ہے۔(۱۱) اللہ ہی نے سات آسمانوں کی تخلیق کی ہے اور

مِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ۭ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى

انہی کی مثل زمین بھی بنائی ہے۔حکم اُن کے مابین نازل ہوتا ہے تاکہ تمہیں علم ہو جائے بلاشبہ اللہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ڏ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿١٢﴾ ع ٢ ٥ ١٨

ہرچیز پر قادر ہے۔اور یہ کہ اللہ اپنے علم کی بنا پر ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔(۱۲)

سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ ٦٦ ١٠٧ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ١٢ | رُكُوْعَاتُهَا ٢

سورۃ التحریم مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۱۲ آیات اور ۲ رکوع ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ۭ

اے نبی مکرم! جو چیز اللہ نے آپ کے لیے حلال فرمائی ہے آپ اس سے کنارہ کش کیوں رہتے ہیں۔کیا اس سے اپنی ازواج کی رضا مندی مطلوب ہے،

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١﴾ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ

اور اللہ بخشنے والا رحم فرمانے والا ہے۔(۱) تحقیق اللہ نے تمہارے لیے تمہاری قسموں کا کھولنا مقرر کردیا ہے۔

وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿٢﴾ وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى

اوراللہ تمہارا مولیٰ ہے، اور وہی علیم ہے حکمت والا ہے۔(۲)اورجب نبی اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اپنی ایک زوجہ

بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ

کو راز کی بات بتادی ، پھر جب اس نے اس راز کو فاش کردیا تو اللہ نے آپ کو اس پر آگاہ کردیا تو آپ نے اس بیوی کو کچھ بتا دیا۔

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَ اَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ

کچھ بتانے سے اعراض کیا۔ پھر جب آپ نے اپنی اس بیوی کو خبردی کہ تم نے ایسا کیا ہے تو وہ کہنے لگی کہ

مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ؕ قَالَ نَبَّاَنِیَ الْعَلِیْمُ الْخَبِیْرُ ۝٣ اِنْ تَتُوْبَاۤ اِلَى

آپ کو کس نے اس کی خبر دی ہے تو آپ نے فرمایا کہ مجھے اُس اللہ نے آگاہ کیا ہے جو علیم ہے خبیر ہے۔ (۳) نبی پاک کی دونوں بیویو

اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَ اِنْ تَظٰهَرَا عَلَیْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ

اللہ کے حضور توبہ کرو کیونکہ تمہارے دل بے حجاب ہو گئے اور اگر تم آپس میں آپ کی مرضی کے خلاف چلوگی تو بیشک اللہ ان کا

مَوْلٰىهُ وَ جِبْرِیْلُ وَ صَالِحُ الْمُؤْمِنِیْنَ ۚ وَ الْمَلٰٓىِٕكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ

مولی ہے اور حضرت جبریل اور صالح مومن بھی آپ کے مددگار ہیں، اور اُن کے علاوہ سارے فرشتے بھی

ظَهِیْرٌ ۝٤ عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ یُّبْدِلَهٗۤ اَزْوَاجًا خَیْرًا

مددگار ہیں۔ (۴) کچھ بعید نہیں کہ اگر وہ تمھیں چھوڑ دیں تو آپ کا رب تمہارے بدلے میں اُنہیں تم سے بہتر ازواج عطا فرما دے

مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓىِٕبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓىِٕحٰتٍ

جو مسلمان ہوں صاحب ایمان ہوں، فرمانبردار توبہ کرنے والی عبادت گزار روزہ رکھنے والی کچھ

ثَیِّبٰتٍ وَّ اَبْكَارًا ۝٥ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَ اَهْلِیْكُمْ

شوہر دیدہ اور کچھ کنواریاں ہوں۔ (۵) اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل وعیال کو اس آگ سے

نَارًا وَّ قُوْدُهَا النَّاسُ وَ الْحِجَارَةُ عَلَیْهَا مَلٰٓىِٕكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ

بچاؤ جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں، اس پر ایسے فرشتے مقرر ہیں جو تندخو اور سخت مزاج ہیں

لَّا یَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَاۤ اَمَرَهُمْ وَ یَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ ۝٦ یٰۤاَیُّهَا

جو اللہ کا حکم نہیں ٹالتے اور جو حکم انہیں دیا جاتا ہے اسے بجالاتے ہیں۔(۶) اے

الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا الْیَوْمَ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٧ ع ١٩

کفر کرنے والو! آج بہانے نہ بناؤ، آج تمہیں تمہارے کیے ہوئے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا۔(۷)

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْۤا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰى رَبُّكُمْ

اے ایمان والو! اللہ کے حضور توبہ کرو جو توبۃ النصوح کہلاتی ہے یعنی سچی توبہ۔ شاید کہ تمہارا رب

اَنْ یُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَیِّاٰتِكُمْ وَ یُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا

تمہاری برائیاں تم سے دور کردے اور تمہیں جنتوں میں داخل فرمائے جن کے نیچے نہریں

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ ،، تین الف کے برابر - پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ لَا يُخْزِى اللّٰهُ النَّبِىَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ
بہتی ہیں۔ اس دن اللہ تعالی اپنے نبی اوراُن کے ساتھ ایمان لانے والوں کوباعزت رکھے گا، ان کا نور
يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا
اُن کے آگے اور اُن کے دائیں جانب پھیلتا جائے گا اور وہ کہیں گے اے ہمارے رب! ہمارے نور کو پایۂ تکمیل تک پہنچادے
وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٨﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِىُّ جَاهِدِ
اور ہمیں بخش دے۔ بیشک تو ہر چیز قادر ہے۔(٨) اے نبی محترم! کفار اور
الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۗ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۗ وَبِئْسَ
منافقین سے جہاد کریں اور اُن کے ساتھ سختی سے مقابلہ کریں۔ اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے۔ اور وہ
الْمَصِيْرُ ﴿٩﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّ
بہت ہی بُرا مقام ہے۔(٩) اللہ تعالی نے کافروں کے لیے حضرت نوح کی بیوی اور حضرت
امْرَاَتَ لُوْطٍ ۗ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ
لُوط کی بیوی کی مثال بیان کی ہے۔ وہ ہمارے دو عابد بندوں کے گھر میں تھیں جو صالح تھے
فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ
پھران دونوں نے اُن کی خیانت کی تو وہ اللہ کے سامنے اُن کی کچھ طرف داری نہ کرسکے۔ اورفرمایا گیا کہ تم دونوں عورتیں داخل ہونے والوں
مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ﴿١٠﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ
کے ساتھ جہنم میں داخل ہوجاؤ۔(١٠) اور اللہ اہل ایمان کے لیے فرعون کی عورت کی مثال بیان
فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِىْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِى الْجَنَّةِ وَنَجِّنِىْ وقف لازم
فرماتا ہے۔ جب اس نے اللہ کی بارگاہ میں عرض کی اے میرے رب! میرے لیے جنت میں اپنے ہاں ایک گھر بنا دے اور
مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِىْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١١﴾ وَمَرْيَمَ
مجھے فرعون اور اس کے اعمال سے بچالے اور مجھے ظالموں کی قوم سے نجات دے۔(١١) اور عمران
ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِىْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا
کی بیٹی مریم جس نے اپنی عصمت کی حفاظت کی تو ہم نے اس میں اپنی طرف سے روح پھونکی
وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ﴿١٢﴾ ع ٢ ٥ ٢٠
اور اس نے اپنے رب کے کلام اور اس کی کتابوں کی تصدیق کی اور وہ فرمانبرداروں میں سے تھیں۔ (١٢)

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مد: تین الف کے برابر۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

الجزء ۲۹۶

سُوۡرَۃُ الۡمُلۡکِ ۶۷ مَکِّیَّۃٌ ۷۷ | بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | اٰیٰتُہَا ۳۰ رُکُوۡعَاتُہَا ۲

سورۃ الملک مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۳۰ آیات اور ۲ رکوع ہیں۔

تَبٰرَکَ الَّذِیۡ بِیَدِہِ الۡمُلۡکُ ۫ وَ ہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرُۨ ۙ﴿۱﴾

وہ بڑی برکت والا ہے جس کے دائرہ اختیار میں بادشاہت ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔(۱)

الَّذِیۡ خَلَقَ الۡمَوۡتَ وَ الۡحَیٰوۃَ لِیَبۡلُوَکُمۡ اَیُّکُمۡ اَحۡسَنُ عَمَلًا ؕ

اُسی نے موت اور زندگی بنائی ہے تاکہ وہ تمھیں آزمائے کہ تم میں سے عمل کے اعتبار سے کون بہتر ہے۔

وَ ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡغَفُوۡرُ ۙ﴿۲﴾ الَّذِیۡ خَلَقَ سَبۡعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ

اور وہ غلبے والا بخشنے والا ہے۔(۲) جس نے سات آسمانوں کو اوپر نیچے بنایا

مَا تَرٰی فِیۡ خَلۡقِ الرَّحۡمٰنِ مِنۡ تَفٰوُتٍ ؕ فَارۡجِعِ الۡبَصَرَ ۙ ہَلۡ

ہے۔ تو تمھیں رحمٰن کی تخلیق میں تضاد نظر نہیں آئے گا۔ پھر نگاہ اٹھا کر دیکھ۔ بھلا

تَرٰی مِنۡ فُطُوۡرٍ ﴿۳﴾ ثُمَّ ارۡجِعِ الۡبَصَرَ کَرَّتَیۡنِ یَنۡقَلِبۡ اِلَیۡکَ

تجھے کوئی کمی نظر آتی ہے۔(۳) پھر دوبارہ نظر اُٹھا کر دیکھ تو ہر بار تیری نگاہ تیری طرف حیرت زدہ

الۡبَصَرُ خَاسِئًا وَّ ہُوَ حَسِیۡرٌ ﴿۴﴾ وَ لَقَدۡ زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنۡیَا بِمَصَابِیۡحَ

اور تھکی ماندہ ہو کر لوٹ آئے گی۔(۴) اور بیشک ہم نے آسمانِ دُنیا کو چراغوں سے مزیّن کر دیا ہے۔

وَ جَعَلۡنٰہَا رُجُوۡمًا لِّلشَّیٰطِیۡنِ وَ اَعۡتَدۡنَا لَہُمۡ عَذَابَ السَّعِیۡرِ ﴿۵﴾

اور ہم نے اُنھیں شیطانوں کو مار بھگانے کا ذریعہ بنادیا ہے اور ہم نے اُن کے لیے دہکتی ہوئی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔(۵)

وَ لِلَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا بِرَبِّہِمۡ عَذَابُ جَہَنَّمَ ؕ وَ بِئۡسَ الۡمَصِیۡرُ ﴿۶﴾

اور جن لوگوں نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا اُن کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور جہنم بہت ہی برا ٹھکانا ہے۔(۶)

اِذَاۤ اُلۡقُوۡا فِیۡہَا سَمِعُوۡا لَہَا شَہِیۡقًا وَّ ہِیَ تَفُوۡرُ ۙ﴿۷﴾ تَکَادُ تَمَیَّزُ

جب ان کو اس میں ڈالا جائے گا تو وہ اس کے جوش مارنے کی خوفناک آواز سنیں گے۔(۷) جیسا کہ جہنم غضب کے شدید

مِنَ الۡغَیۡظِ ؕ کُلَّمَاۤ اُلۡقِیَ فِیۡہَا فَوۡجٌ سَاَلَہُمۡ خَزَنَتُہَاۤ اَلَمۡ یَاۡتِکُمۡ

ہونے سے پھٹ پڑے گی۔ جونہی کوئی گروہ اس میں ڈالا جائے گا تو دوزخ کے داروغے ان سے سوال کریں گے کہ کیا تمھارے پاس کوئی

نَذِیۡرٌ ﴿۸﴾ قَالُوۡا بَلٰی قَدۡ جَآءَنَا نَذِیۡرٌ ۬ۙ فَکَذَّبۡنَا وَ قُلۡنَا مَا نَزَّلَ

ڈرانے والا نہیں آیا تھا؟۔(۸) وہ کہیں گے ہاں ہمارے پاس ڈرانے والے آئے تو ہم نے اُن کی تکذیب کی اور ہم نے انھیں کہا کہ اللہ

غُنَّۃ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مد ،، — تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا — قلقلۃ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

اللّٰهُ مِنْ شَیْءٍ ۚۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ كَبِیْرٍ ﴿۹﴾ وَ قَالُوْا لَوْ كُنَّا

نے کچھ بھی نازل نہیں کیا ہے۔ یہ کہ تم بہت بڑی خیالی سوچ میں مبتلا ہو۔(۹) اور وہ کہیں گے کہ کاش

نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِیْۤ اَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ﴿۱۰﴾ فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ

ہم اُن کی باتیں سنتے یا عقل سے کام لیتے تو آج ہم اصحاب دوزخ سے نہ ہوتے۔(۱۰) غرضیکہ وہ اپنے گناہوں کا اعتراف کریں گے

فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ﴿۱۱﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَیْبِ

پس دوزخیوں پر پھٹکار ہو۔(۱۱) بیشک جو لوگ اپنے رب کو دیکھے بغیر اس سے ڈرتے ہیں

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ كَبِیْرٌ ﴿۱۲﴾ وَ اَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ

اُن کے لیے مغفرت اور بہت بڑا اجر ہے۔(۱۲) اور تم اپنی بات کو پوشیدہ یا ظاہر کر کے کہو۔ یقیناً وہ

عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۳﴾ اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَ هُوَ اللَّطِیْفُ

سینوں کی باتوں کو جاننے والا ہے۔(۱۳) کیا وہ نہیں جانتا جس نے پیدا کیا ہے۔ اور وہی باریک بین ہے ہر چیز سے

الْخَبِیْرُ ﴿۱۴﴾ هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِیْ مَنَاكِبِهَا ع ۱۴ ۱

باخبر ہے۔(۱۴) وہی ہے جس نے زمین کو تمہارے زیرنگین کر دیا ہے تاکہ تم اس کے راستوں پر چلو

وَ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ وَ اِلَیْهِ النُّشُوْرُ ﴿۱۵﴾ ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِی السَّمَآءِ اَنْ

اور اللہ کے عطا کردہ رزق میں سے کھاؤ۔ اور اسی کی طرف تم نے دوبارہ زندہ ہو کر جمع ہونا ہے۔(۱۵) کیا تم اس سے بے خوف ہو جو آسمان میں ہے۔

یَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا هِیَ تَمُوْرُ ۙ﴿۱۶﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِی السَّمَآءِ

یہ کہ وہ تمہیں زمین میں دھنسا دے جب کہ وہ لرزنے لگے۔(۱۶) کیا تم اس سے بے خوف ہوگئے ہو

اَنْ یُّرْسِلَ عَلَیْكُمْ حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَیْفَ نَذِیْرِ ﴿۱۷﴾ وَ لَقَدْ

کہ وہ تم پر پتھروں کی بارش بھیج دے پس تمہیں جلد معلوم ہو جائے گا کہ میرا ڈرانا کیسا ہے۔(۱۷) اور بلاشبہ

كَذَّبَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَیْفَ كَانَ نَكِیْرِ ﴿۱۸﴾ اَوَ لَمْ یَرَوْا اِلَى الطَّیْرِ

ان سے قبل بھی لوگوں نے جھٹلایا تھا پس میرے انکار کا انجام کیسا ہوا۔(۱۸) کیا انہوں نے اپنے اوپر اُڑنے والے

فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّ یَقْبِضْنَ ؔۘ مَا یُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍۭ وقف لازم وقف غفران با ختلاف وقف منزل

پرندوں کو پر پھیلائے اور سکیڑتے ہوئے نہیں دیکھا تھا۔ رحمٰن کے سوا انہیں کوئی تھامے ہوئے نہیں ہے۔ بیشک وہ ہر چیز کو

بَصِیْرٌ ﴿۱۹﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ یَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ

دیکھنے والا ہے۔(۱۹) بھلا تمہارا کونسا ایسا لشکر ہے جو رحمٰن کے سوا تمہاری مدد کر

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

مدّ ،، تین الف کے برابر ـ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز کھڑا الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

الرَّحْمٰنِ ۭ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ۚ (۲۰) اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ

سکے۔ بلاشبہ اہل کفر دھوکے میں مبتلا ہیں۔(۲۰) بھلا کوئی ایسا ہے جو تمہیں رزق مہیا کرے،

اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ (۲۱) اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا

جب کہ اللہ تم کو رزق دینا بند کردے۔ بلکہ وہ سرکشی اور حق سے نفرت کرنے میں بضد ہوچکے ہیں۔(۲۱) کیا وہ شخص جو اپنے منہ

عَلٰي وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (۲۲)

کے بل گرتا ہوا چلے ہدایت کی راہ پر ہے یا جو صراط مستقیم پر بالکل سیدھا چل رہا ہے۔(۲۲)

قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ

آپ فرمایئے اللہ ہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا ہے اور تمہیں قوت سماعت اور قوت بصر دی ہے اور تمہارے دل بنائے ہیں۔

قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ (۲۳) قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَ

لیکن تم میں بہت کم ہی ہیں جو شکر کرتے ہیں۔(۲۳) آپ فرمادیں کہ اسی نے تم کو زمین میں پھیلایا ہے اور

اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ (۲۴) وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (۲۵)

اسی کے حضور آخرت میں جمع ہونا ہے۔(۲۴) اور ان کا کہنا ہے کہ اگر آپ سچے ہیں تو پھر آپ کا یہ وعدہ کب پورا ہوگا۔(۲۵)

قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۠ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ (۲۶) فَلَمَّا رَاَوْهُ

آپ فرمائیں کہ اس کا علم تو اللہ ہی کے پاس ہے۔ اور بلاشبہ میں ان کو واضح طور پر ڈرانے والا ہوں۔(۲۶) پھر جب اُس کو

زُلْفَةً سِيْۗـــــَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ

اپنے پاس آتا دیکھ لیں گے تو اہل کفر کے چہرے پژمردہ ہوجائیں گے اور ان سے فرمایا جائے گا کہ یہی وہ ہے جس کا تم

بِهٖ تَدَّعُوْنَ (۲۷) قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ

مطالبہ کرتے تھے۔(۲۷) آپ فرمادیں کہ کیا تم توجہ نہیں دیتے کہ اگر اللہ مجھے اور میرے ساتھیوں کو دُنیا سے لے جائے یا

رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ (۲۸) قُلْ هُوَ

ہم پر رحم فرمائے تو کافروں کو عذاب الیم سے کون بچائے گا۔(۲۸) آپ فرمادیں کہ وہی رحمٰن ہے

الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ

ہمارا اسی پر ایمان ہے اور اسی پر ہم توکل کیے ہوئے ہیں۔ پس بہت جلد تمہیں معلوم ہوجائے گا کہ کھلی گمراہی میں کون ہے۔(۲۹)

مُّبِيْنٍ (۲۹) قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَاۗؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَاۗءٍ مَّعِيْنٍ (۳۰) ع ۱۶ ۲

آپ فرمایئے کہ بھلا غور تو کرو کہ اگر صبح کو تمہارا پانی زمین کے اندر ہو کر خشک ہوجائے تو کون ہے جو تمہارے پاس بہتا ہوا پانی لے آئے۔(۳۰)

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ ،، ـ تین الف کے برابر ـــ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

سُوْرَةُ الْقَلَمِ ٦٨ مَكِّيَّةٌ ٢ | اٰيٰتُهَا ٥٢ | رُكُوْعَاتُهَا ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ القلم مکی ہے۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اس میں ۵۲ آیات اور ۲ رکوع ہیں۔

نٓ وَ الْقَلَمِ وَ مَا یَسْطُرُوْنَ ۙ﴿۱﴾ مَاۤ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ۚ﴿۲﴾

نٓ اور قلم کی قسم ہے اور جو لکھتے ہیں اس کی قسم ہے۔(۱) اے محبوب! آپ اپنے رب کی نگاہِ شفقت سے جنون سے متاثر شدہ نہیں ہیں۔(۲)

وَ اِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَیْرَ مَمْنُوْنٍ ۚ﴿۳﴾ وَ اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِیْمٍ ﴿۴﴾

اور آپ کے لیے انعام لامتناہی ہے۔(۳) اور بلاشبہ آپ خلقِ عظیم کے مظہر ہیں۔(۴)

فَسَتُبْصِرُ وَ یُبْصِرُوْنَ ۙ﴿۵﴾ بِاَیِّىكُمُ الْمَفْتُوْنُ ﴿۶﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ

تو جلد ہی آپ دیکھ لیں گے۔(۵) اور اُنہیں بھی نظر آجائے گا کہ کون مجنون ہے۔(۶) بلاشبہ آپ کا رب جانتا ہے کہ

بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِیْلِهٖ ۪ وَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِیْنَ ﴿۷﴾ فَلَا تُطِعِ

جو اس کی راہ سے دور ہوئے ہیں اور وہ اہلِ ہدایت کو بھی جانتا ہے۔ (۷) پس آپ جھٹلانے والوں کی

الْمُكَذِّبِیْنَ ﴿۸﴾ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَیُدْهِنُوْنَ ﴿۹﴾ وَ لَا تُطِعْ كُلَّ

طرف متوجہ نہ ہوں۔(۸) وہ چاہتے ہیں کہ آپ نرم ہو جائیں تو وہ بھی نرم پڑ جائیں۔(۹) اور بلاوجہ قسمیں کھانے والوں

حَلَّافٍ مَّهِیْنٍ ۙ﴿۱۰﴾ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِیْمٍ ۙ﴿۱۱﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَیْرِ مُعْتَدٍ

سے متاثر نہ ہوں۔(۱۰) طعنہ زن پھر چغلیاں کرنے والا۔(۱۱) اچھائی سے منع کرنے والا، حد سے بڑھ کر گناہ

اَثِیْمٍ ۙ﴿۱۲﴾ عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِیْمٍ ۙ﴿۱۳﴾ اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّ بَنِیْنَ ؕ﴿۱۴﴾

کرنے والا۔(۱۲) درشت مزاج علاوہ ازیں بدخصلت ان تمام کی باتیں نہ سنیں۔(۱۳) یہ کہ وہ خوش فہمی میں مبتلا ہے کہ اُس کا مال اور بیٹے ہیں۔(۱۴)

اِذَا تُتْلٰى عَلَیْهِ اٰیٰتُنَا قَالَ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۵﴾ سَنَسِمُهٗ عَلَى

جب اسے ہماری آیتیں سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے کہ یہ پہلے لوگوں کے افسانے ہیں۔(۱۵) ہم اس کی سونڈ جیسی ناک کو

الْخُرْطُوْمِ ﴿۱۶﴾ اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَاۤ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا

داغ دیں گے۔(۱۶) ہم نے بیشک اُن کی اس طرح آزمائش کی جس طرح ہم نے باغ والوں کو آزمایا تھا جبکہ اُنہوں نے قسم کھائی

لَیَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِیْنَ ۙ﴿۱۷﴾ وَ لَا یَسْتَثْنُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَطَافَ عَلَیْهَا طَآىٕفٌ

کہ صبح سویرے اپنے باغ کا پھل اُتار لیں گے۔(۱۷) اور اُنہوں نے انشاء اللہ نہ کہا۔(۱۸) تو اس پر تمہارے رب کی طرف سے ایک

مِّنْ رَّبِّكَ وَ هُمْ نَآىٕمُوْنَ ﴿۱۹﴾ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِیْمِ ۙ﴿۲۰﴾ فَتَنَادَوْا

برباد کرنے والے نے چکر لگایا جب کہ وہ سوئے ہوئے تھے۔(۱۹) تو وہ پھلدار باغ کٹی ہوئی فصل کی طرح ہوگیا۔(۲۰) صبح ہوتے ہی

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● مدّ ،، تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مُصْبِحِيْنَ ﴿۲۱﴾ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ﴿۲۲﴾

اُنہوں نے آواز دی۔(۲۱) کہ علی الصبح اپنے باغ کی طرف چلو اگر تم اپنے باغ کا پھل اُتارنا چاہتے ہو۔(۲۲)

فَانْطَلَقُوْا وَ هُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ﴿۲۳﴾ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ

پس وہ چل پڑے۔ اور آپس میں ایک دوسرے سے آہستہ آواز سے کہتے تھے۔(۲۳) کہ آج کوئی مسکین ہرگز تمہارے باغ میں نہ

مِّسْكِيْنٌ ﴿۲۴﴾ وَّ غَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْۤا اِنَّا

آنے پائے۔(۲۴) اور علی الصبح ہی چل پڑے اُن کا خیال تھا کہ اُنہیں اپنے ارادے پر اختیار حاصل ہے۔(۲۵) پس جب اُنہوں نے اپنے باغ کو دیکھا

لَضَآلُّوْنَ ﴿۲۶﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ

تو کہنے لگے کہ ہم راستے سے بھٹک گئے ہیں۔(۲۶) بلکہ ہم محروم رہ گئے ہیں۔(۲۷) ان میں سے ایک ذی شعور آدمی نے کہا کہ کیا میں تمہیں

لَّكُمْ لَوْ لَا تُسَبِّحُوْنَ ﴿۲۸﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَاۤ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾

کہتا نہ تھا کہ تم اس کی تسبیح کیوں نہیں کرتے۔(۲۸) اُنہوں نے کہا کہ ہمارا رب پاک ہے واقعی ہم ظلم کرنے والے تھے۔(۲۹)

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَاۤ اِنَّا

پھر ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوکر آپس میں ملامت کرنے لگے۔(۳۰) وہ بولے ہائے خرابی بیشک ہم ہی بڑے

كُنَّا طٰغِيْنَ ﴿۳۱﴾ عَسٰى رَبُّنَاۤ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَاۤ اِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا

سرکش تھے۔(۳۱) ہو سکتا ہے کہ ہمارا رب اس باغ کا بہتر نعم البدل دے، اب ہم اپنے رب کی طرف رغبت کرنے

رٰغِبُوْنَ ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ؕ وَ لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا — وقف لازم

والے ہوگئے ہیں۔(۳۲) اللہ کا عذاب ایسا ہی ہوتا ہے اور آخرت کا عذاب سب سے بڑا ہے۔ کاش کہ ان کو

يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۳۴﴾ — ع ۳۴ / ۲

علم ہوتا۔(۳۳) بیشک اہلِ تقویٰ کے لیے اپنے رب کے ہاں نعمتوں والی جنت ہے۔(۳۴)

اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۵﴾ مَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۶﴾

کیا ہم مسلمانوں کو مجرموں جیسا کردیں۔(۳۵) تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم کس طرح کے فیصلے کرتے ہو۔ (۳۶)

اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّ لَكُمْ فِيْهِ لَمَا تَخَيَّرُوْنَ ﴿۳۸﴾ اَمْ

کیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں تم پڑھتے ہو۔(۳۷) کہ اس میں تمہارے لیے تمہاری پسند ہی کی چیزیں ہیں۔(۳۸) کیا

لَكُمْ اَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ اِنَّ لَكُمْ لَمَا

تمہارے لیے ہمارے ذمے کوئی پکا وعدہ ہے جو کہ قیامت کے دن تک باقی رہنے والا ہو۔ تمہیں وہی ملے گا جس کا

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا کرنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مع ۵ تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۹﴾ سَلْهُمْ اَيُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ

تم فیصلہ کرتے ہو۔ (۳۹) ان سے سوال کیجیے کہ ان میں سے اُن کی باتوں کا ضامن کون ہے؟۔(۴۰) یا کہ اُن کے کچھ شرکاء ہیں۔

فَلْيَاْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۴۱﴾ يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ

تو وہ اپنے شرکاء کو لے آئیں اگر ان میں صداقت ہے۔(۴۱) جس روز ساق سے حجاب کھولا

سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۴۲﴾ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ

جائے گا اور ان کو سجدہ کے لیے بلایا جائے گا تو وہ سجدہ نہ کرسکیں گے۔(۴۲) اُن کی نگاہیں نیچی ہوچکی

تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ وَقَدْ كَانُوْا يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾

ہوں گی ذلت ان کا احاطہ کرچکی ہوگی، حالانکہ اُنھیں سجدے کی طرف بلایا جاتا تھا جب کہ وہ صحیح سلامت تھے۔(۴۳)

فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ؕ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ

پس جو اس کتاب کو جھٹلاتا ہے اسے مجھ پر چھوڑ دو جلد ہی ہم اُنھیں بتدریج ایسی گرفت میں لے جائیں گے جہاں

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۴۵﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا

اُنھیں کسی بات کا پتہ نہ چلے گا۔(۴۴) اور میں اُنھیں مہلت دیے جاتا ہوں۔ بیشک میری خفیہ تدبیر بہت پختہ ہے۔(۴۵) کیا آپ ان سے اجر

فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿۴۶﴾ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۴۷﴾

طلب کرتے ہیں کہ وہ تاوان کے بوجھ تلے دبے ہیں۔(۴۶) کیا اُن کے پاس غیب ہے کہ وہ اسے لکھتے جاتے ہیں۔(۴۷)

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ اِذْ نَادٰى وَهُوَ وقف لازم

پس اپنے رب کے حکم کے بارے میں صبر کیجیے اور مچھلی والے کی مانند نہ ہوجائیے جب کہ اُنھوں نے اس حال میں اللہ کو پکارا کہ وہ

مَكْظُوْمٌ ﴿۴۸﴾ لَوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَ

غمزدہ تھے۔ (۴۸) اگر اُن کے رب کی نعمت اُن کے غم کا تدارک نہ کرتی تو اُنھیں چٹیل میدان میں ڈال دیا جاتا اور

هُوَ مَذْمُوْمٌ ﴿۴۹﴾ فَاجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۵۰﴾ وَاِنْ

اُن کی حالت بہتر نہ رہتی۔(۴۹) پھر اُن کے رب نے اُنھیں برگزیدہ کردیا اور اُنھیں مقربین میں شامل کرلیا۔(۵۰) اور یہ کہ ایسا لگتا ہے

يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَ

کہ اہل کفر آپ کو اپنی بدنظریں لگا کر گرادیں جب کہ وہ ذکر یعنی قرآن کو سنتے ہیں اور کہتے ہیں

يَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾ ع ۱۹

کہ بیشک وہ اللہ کی محبت میں محو ہیں۔(۵۱) اور حالانکہ یہ قرآن تمام جہانوں کے لیے باعثِ نصیحت ہے۔(۵۲)

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واو کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

سُوْرَةُ الحَآقَّةِ ۶۹ مَكِّيَّةٌ ۷۸ | اٰيٰتُهَا ۵۲ | رُكُوْعَاتُهَا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ الحاقہ مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۵۲ آیات اور ۲ رکوع ہیں۔

اَلْحَآقَّةُ ﴿۱﴾ مَا الْحَآقَّةُ ﴿۲﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحَآقَّةُ ﴿۳﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ

وہ قیامت جس کا آنا حق ہے۔(۱) اس کا حق ہونا کیسا ہے۔(۲) اور تم نے کیا جانا کہ قیامت کا سچا ہونا کیسا ہے۔(۳) ثمود اور عاد نے نیست

وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ﴿۴﴾ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا بِالطَّاغِيَةِ ﴿۵﴾ وَاَمَّا عَادٌ

ونابود کرنے والی قیامت کو جھٹلایا۔(۴) پس ثمود تو خوفناک دھماکے سے ہلاک کر دیے گئے۔(۵) اور عاد کو

فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ﴿۶﴾ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ

شدید تندخو آندھی سے ہلاک کر دیا گیا۔(۶) اللہ نے اس آندھی کو ان پر سات دن

وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا ۙ فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ

اور آٹھ راتیں مسلط کیے رکھا۔ اے مخاطب! تو اس قوم کو گرے پڑے مرے ہوئے اس طرح دیکھتا ہے جیسے کہ وہ

اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ﴿۷﴾ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ﴿۸﴾ وَجَآءَ

کھوکھلی کھجوروں کے تنے گرے پڑے ہیں۔(۷) تو کیا تو ان میں کسی کو باقی رہنے والا دیکھتا ہے۔(۸) اور فرعون

فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ﴿۹﴾ فَعَصَوْا رَسُوْلَ

اور اس سے پہلے لوگوں اور اُلٹائی جانے والی بستیوں کے رہنے والوں میں خطائیں تھیں۔(۹) اُن کی خطا یہ تھی کہ اُنھوں نے اپنے رب

رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ﴿۱۰﴾ اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ

کے رسولوں کی نافرمانی کی تو اس نے اُنھیں بڑی سختی کے ساتھ پکڑ لیا۔(۱۰) بیشک طوفانِ نوح کے وقت طغیانی اپنے پورے زور پر آئی تو

فِى الْجَارِيَةِ ﴿۱۱﴾ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ﴿۱۲﴾

ہم نے تمھیں کشتیوں میں سوار کر دیا۔(۱۱) تاکہ ہم اس قصے کو تمہارے لیے یادگار بنائیں اور یاد رکھنے والا کان اسے سُن کر محفوظ رکھے۔(۱۲)

فَاِذَا نُفِخَ فِى الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿۱۳﴾ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَ

پھر جب صور میں ایک ہی پھونک سے پھونکا جائے گا۔(۱۳) اور زمین اور پہاڑ کو اُٹھا

الْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ﴿۱۴﴾ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿۱۵﴾

کر ایک ہی مرتبہ اچانک ریزہ ریزہ کر دیا جائے گا۔(۱۴) تو اس روز واقعہ ہونے والی یعنی قیامت واقع ہوجائے گی۔(۱۵)

وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِىَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ﴿۱۶﴾ وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى

اور آسمان پھٹ جائے گا تو وہ اس دن اپنی اصلی ہیئت پر نہ رہے گا۔(۱۶) اور فرشتے آسمان کے کناروں پر

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

اَرْجَآىِٕهَا ؕ وَ یَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ یَوْمَىِٕذٍ ثَمٰنِیَةٌ ؕ ﴿۱۷﴾

کھڑے ہوں گے ۔ اور اس دن آپ کے رب کے عرش کو آٹھ فرشتے اپنے اوپر اُٹھائے ہوئے ہوں گے۔(۱۷)

یَوْمَىِٕذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِیَةٌ ﴿۱۸﴾ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ

اس دن ہر کوئی بارگاہ ایزدی میں پیش کیا جائے گا تم میں سے کوئی بھی چھپا نہ رہے گا۔(۱۸) پس جس کو دائیں ہاتھ میں اُس کا اعمالنامہ

بِیَمِیْنِهٖ ۙ فَیَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِیَهْ ۚ ﴿۱۹﴾ اِنِّیْ ظَنَنْتُ اَنِّیْ

دیا جائے گا۔ تو وہ دوسروں سے کہے گا تو میرا اعمالنامہ پڑھ لو۔(۱۹) مجھے یقین تھا کہ میں اپنی نیکیوں

مُلٰقٍ حِسَابِیَهْ ۚ ﴿۲۰﴾ فَهُوَ فِیْ عِیْشَةٍ رَّاضِیَةٍ ۙ ﴿۲۱﴾ فِیْ جَنَّةٍ عَالِیَةٍ ۙ ﴿۲۲﴾

کے حساب کو پالوں گا۔(۲۰) پس وہ اپنی مرضی کے مطابق اچھی زندگی گزارے گا۔(۲۱) عالی شان جنت میں رہے گا۔ (۲۲)

قُطُوْفُهَا دَانِیَةٌ ﴿۲۳﴾ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا هَنِیْٓــٴًـا بِمَاۤ اَسْلَفْتُمْ فِی

جہاں درختوں کے خوشے جھکے ہوئے ہوں گے۔(۲۳) مزے سے کھاؤ اور پیو کیونکہ تم نے اپنی زندگی کے گزرے ہوئے دنوں میں

الْاَیَّامِ الْخَالِیَةِ ﴿۲۴﴾ وَ اَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ۬ فَیَقُوْلُ

جو کچھ بھیجا ہے یہ اس کا بدلہ ہے۔(۲۴) اور جس کو اس کا اعمال نامہ بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا تو وہ کہے گا کاش

یٰلَیْتَنِیْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِیَهْ ۚ ﴿۲۵﴾ وَ لَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِیَهْ ۚ ﴿۲۶﴾ یٰلَیْتَهَا

کہ مجھے میرا اعمال نامہ نہ دیا جاتا۔(۲۵) اور مجھے اپنے حساب کے متعلق معلوم نہ ہوتا۔(۲۶) کاش موت

كَانَتِ الْقَاضِیَةَ ۚ ﴿۲۷﴾ مَاۤ اَغْنٰى عَنِّیْ مَالِیَهْ ۚ ﴿۲۸﴾ هَلَكَ عَنِّیْ

نے مجھے ہمیشہ کے لیے ختم کردیا ہوتا۔(۲۷) میرا مال میرے کچھ کام نہ آیا۔(۲۸) میری سلطنت یعنی اختیارات

سُلْطٰنِیَهْ ۚ ﴿۲۹﴾ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ۙ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ الْجَحِیْمَ صَلُّوْهُ ۙ ﴿۳۱﴾ ثُمَّ فِیْ

ختم ہوگئے۔(۲۹) حکم ہوگا اسے پکڑ کر اس کے گلے میں طوق ڈال دو۔(۳۰) پھر اسے جہنم میں جھونک دو۔(۳۱) پھر اسے

سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ؕ ﴿۳۲﴾ اِنَّهٗ كَانَ لَا یُؤْمِنُ

ستر ہاتھ لمبی زنجیر میں کس کر باندھ دو۔(۳۲) بیشک وہ عظیم اللہ پر

بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ ۙ ﴿۳۳﴾ وَ لَا یَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِیْنِ ؕ ﴿۳۴﴾ فَلَیْسَ

ایمان نہ لایا تھا۔(۳۳) اور نہ مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب دیتا تھا۔(۳۴) پس آج یہاں

لَهُ الْیَوْمَ هٰهُنَا حَمِیْمٌ ۙ ﴿۳۵﴾ وَّ لَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِیْنٍ ۙ ﴿۳۶﴾

اس کا کوئی ہمدرد دوست نہیں ہے۔(۳۵) اور زخموں کی پیپ کے سوا اس کے لیے کچھ خوراک نہ ہوگی۔(۳۶)

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا ● تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

ع ۳۷ ۵
لَّا يَاْكُلُهٗۤ اِلَّا الْخَاطِئُوْنَ ﴿۳۷﴾ فَلَاۤ اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَمَا

جسے خطاکاروں کے علاوہ اور کوئی نہیں کھائے گا۔(۳۷) پس مجھے ان چیزوں کی قسم ہے جو تمہیں نظر آتی ہیں۔(۳۸) اور جو تمہیں

لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿۴۰﴾ وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ

نظر نہیں آتی ہیں۔(۳۹) بیشک یہ (قرآن) رسول کریم کی باتیں ہیں۔(۴۰) اور یہ کسی شاعر کا کلام نہیں

قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾

ہے۔تم میں سے قلیل ہی ایمان لاتے ہیں۔(۴۱) اور نہ یہ کسی کاہن کا قول ہے۔تم میں سے بہت تھوڑے ہی اُس کی طرف

تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۳﴾ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ

مائل ہوتے ہیں۔(۴۲) یہ رب العالمین کی طرف سے نازل شدہ ہے۔(۴۳)اوراگر وہ کوئی بات بناکر ہماری طرف منسوب

الْاَقَاوِيْلِ ﴿۴۴﴾ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ﴿۴۵﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ﴿۴۶﴾

کرتے۔(۴۴) تو ضرور ہم ان کا داہنا ہاتھ پکڑ لیتے۔(۴۵) پھر ہم اُن کے دل کی رگ کو جدا کردیتے۔(۴۶)

فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ

پھر تم میں کوئی اُنہیں مجھ سے بچانے والا نہ ہوتا۔(۴۷)اور بیشک یہ قرآن اہلِ تقویٰ کے لیے

لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّ مِنْكُمْ مُّكَذِّبِيْنَ ﴿۴۹﴾ وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ

نصیحت آموز ہے۔(۴۸) اور ہم تم میں سے کچھ جھٹلانے والوں کو ضرور جانتے ہیں۔(۴۹) اور بیشک یہ قرآن اہلِ کفر

ع ۱۵ ۲
عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۰﴾ وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿۵۱﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۵۲﴾

کے لیے باعثِ حسرت ہے۔(۵۰) اور بیشک یہ حق الیقین ہے۔(۵۱) پس آپ اپنے عظیم رب کے نام کی تسبیح کرتے رہیں۔(۵۲)

سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ ۷۰ ۷۹ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۴۴ رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۃ المعارج مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۴۴ آیات اور ۲ رکوع ہیں۔

سَاَلَ سَآئِلٌ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ﴿۱﴾ لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌ ﴿۲﴾

ایک سائل نے قیامت کا عذاب طلب کیا۔(۱) یہ کافروں کے لیے ہے جسے کوئی ٹالنے والا نہیں۔(۲)

مِّنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ ﴿۳﴾ تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ

یہ اللہ کی طرف سے ہوگا جو بلندیوں کے زینوں کا مالک ہے۔(۳) فرشتے اور جبریل امین اُس کی بارگاہ میں عروج کرکے جاتے ہیں۔

يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ﴿۴﴾ فَاصْبِرْ صَبْرًا

اس عذاب والے دن کی طوالت پچاس ہزار سال کے برابر ہوگی۔(۴) پس صبرِ جمیل کی طرح

جَمِيلًا ﴿۵﴾ اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيدًا ﴿۶﴾ وَّ نَرٰىهُ قَرِيبًا ﴿۷﴾ يَوْمَ تَكُونُ

صبر کریں۔(۵) وہ اسے دُور تصور کیے بیٹھے ہیں۔(۶) اورہم اسے نزدیک دیکھ رہے ہیں۔(۷) جس دن آسمان پگھلے ہوئے

السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ ﴿۸﴾ وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ﴿۹﴾ وَلَا يَسْـَٔلُ

تانبے کی طرح ہوجائے گا۔ (۸) اور پہاڑ دھنکی ہوئی روئی کے گالوں کے مانند ہوجائیں گے۔(۹) اور کوئی قریبی دوست کسی

حَمِيمٌ حَمِيمًا ﴿۱۰﴾ يُّبَصَّرُونَهُمْ ؕ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِی مِنْ

دوست کا حال نہ پوچھے گا۔(۱۰) حالانکہ وہ ایک دوسرے کو نظر آئیں گے۔ مجرم چاہے گا کہ آج کے عذاب سے

عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ ﴿۱۱﴾ وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيهِ ﴿۱۲﴾ وَفَصِيلَتِهِ

بچنے کے لیے عوضانے کے طور پر اپنے بیٹوں کو دے دے۔(۱۱) اور اپنی بیوی اور بھائی کو بھی دے دے۔(۱۲) اور اپنے خاندان کو بھی جس میں وہ رہتا

الَّتِی تُـْٔوِيهِ ﴿۱۳﴾ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ جَمِيعًا ۙ ثُمَّ يُنْجِيهِ ﴿۱۴﴾ كَلَّا ؕ اِنَّهَا

تھا فدیے میں دے دیتا۔(۱۳) غرضیکہ زمین کے تمام لوگوں کو فدیے میں دے دے۔(۱۴) جو اسے اس دن کے عذاب سے نجات دے۔(۱۵) ہرگز

لَظٰى ﴿۱۵﴾ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ﴿۱۶﴾ تَدْعُوا مَنْ اَدْبَرَ وَتَوَلّٰى ﴿۱۷﴾ وَجَمَعَ

نہیں، بلاشبہ وہ تو بھڑکتی آگ ہے۔ جو جسم کی کھال کو اُتار دینے والی ہے۔(۱۶) اُن کو اپنی طرف بلائے گی جس نے پیٹھ پھیری اور روگردانی

فَاَوْعٰى ﴿۱۸﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوعًا ﴿۱۹﴾ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ

کی۔(۱۷) اور مال جمع کیا پھر اسے بند کیے رکھا۔(۱۸) بیشک انسان بے صبرا پیدا کیا گیا ہے۔(۱۹) جب اسے تکلیف آتی ہے تو

جَزُوعًا ﴿۲۰﴾ وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوعًا ﴿۲۱﴾ اِلَّا الْمُصَلِّينَ ﴿۲۲﴾ الَّذِينَ

گھبرانے لگتا ہے۔(۲۰) اور جب اسے کوئی سہولت میسّر آتی ہے تو بخل کرنے والا بن جاتا ہے۔(۲۱) سوائے

هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُونَ ﴿۲۳﴾ وَالَّذِينَ فِیْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ

اِن نمازیوں کے۔(۲۲) جو اپنی نماز پابندی سے قائم رکھتے ہیں۔(۲۳) اور جن کے مالوں میں مانگنے والوں کا حق مقرر

مَّعْلُومٌ ﴿۲۴﴾ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُومِ ﴿۲۵﴾ وَالَّذِينَ يُصَدِّقُونَ بِيَوْمِ

شدہ ہے۔(۲۴) جو سائلوں اور حاجت مندوں کے لیے ہوتا ہے۔(۲۵) جو لوگ روز جزا کو برحق تسلیم

الدِّينِ ﴿۲۶﴾ وَالَّذِينَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُونَ ﴿۲۷﴾

کرتے ہیں۔(۲۶) اور جو لوگ اپنے رب کے عذاب سے ڈرنے والے ہیں۔(۲۷)

اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُونٍ ﴿۲۸﴾ وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ

کیا ہم نے آپ کے لیے آپ کے سینہ مبارک کو کھول نہیں دیا۔(۱) اور ہم نے آپ سے آپ کا بوجھ اُتار دیا۔(۲) جس نے

اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ﴿۳﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴿۴﴾ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ

آپ کی پشت مبارک کو گراں کر رکھا تھا۔(۳) اور ہم نے تمہارے لیے تمہارے ذکر کو بلند کر دیا۔(۴) پس بلاشبہ ہر مشکل کے ساتھ

يُسْرًا ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿۶﴾ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ﴿۷﴾ وَ

آسانی ہے۔(۵) بیشک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔(۶) پھر جب آپ نماز سے فارغ ہو جائیں تو ریاضت میں لگ جائیں۔(۷) اور

ع ۸ ۱۹ اِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ﴿۸﴾

اپنے رب کی طرف متوجہ رہیں۔(۸)

سُوْرَةُ التِّيْنِ ۹۵ مَدَنِيَّةٌ ۲۸ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۸ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ التین مکی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ | اس میں ۸ آیات اور ا رکوع ہے۔

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ﴿۱﴾ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ﴿۲﴾ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ﴿۳﴾

انجیر اور زیتون کی قسم!(۱) اور طور سینا کی قسم۔ (۲) اور اس امن والے شہر مکہ کی قسم۔ (۳)

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ﴿۴﴾ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ

بلاشبہ ہم نے انسان کو احسن انداز میں پیدا کیا ہے۔ (۴) پھر اسے ہم پست ترین حالت کی

سٰفِلِيْنَ ﴿۵﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ

طرف پھیر لائے۔ (۵) مگر جو لوگ ایمان لائے اور اُنھوں نے صالح عمل کیے اُن کے لئے نہ ختم

غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۶﴾ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ﴿۷﴾ اَلَيْسَ اللّٰهُ

ہونے والا اجر ہے۔(۶) پس اس کے بعد آپ کو کون قیامت کے متعلق جھٹلائے گا۔(۷) کیا اللہ سب حاکموں

ع ۸ ۲۰ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸﴾

سے بڑھ کر سب سے بڑا حاکم نہیں ہے۔(۸)

سُوْرَةُ الْعَلَقِ ۹۶ مَكِّيَّةٌ ۱ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۹ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ العلق مکی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ | اس میں ۱۹ آیات اور ا رکوع ہے۔

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، تین الف کے برابر - پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا کر کے رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ ﴿١﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ﴿٢﴾

اے نبی محترم! اپنے رب کے نام کے ساتھ پڑھیں جس نے پیدا کیا ہے۔(۱) انسان کو جمے ہوئے خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا ہے۔(۲)

اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ﴿٣﴾ الَّذِىْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ﴿٤﴾ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ

آپ پڑھیں اور آپ کا رب ہی بڑا کریم ہے۔(۳) جس نے بذریعہ قلم علم سکھایا ہے۔(۴) انسان کو ایسا علم سکھایا جسے

مَا لَمْ يَعْلَمْ ﴿٥﴾ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ﴿٦﴾ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ﴿٧﴾

وہ جانتا نہ تھا۔(۵) ہاں ہاں بیشک انسان سرکشی کرنے لگتا ہے۔ (۶) اس بنا پر کہ وہ اپنے آپ کو غنی دیکھتا ہے۔(۷)

اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ﴿٨﴾ اَرَءَيْتَ الَّذِىْ يَنْهٰى ﴿٩﴾ عَبْدًا اِذَا

بیشک آپ کے رب ہی کی طرف واپس لوٹنا ہے۔(۸) بھلا آپ نے اس شخص کو دیکھا ہے جو منع کرتا ہے۔ (۹) یعنی بندے کو جب وہ

صَلّٰى ﴿١٠﴾ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰٓى ﴿١١﴾ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ﴿١٢﴾

نماز پڑھنے لگتا ہے۔(۱۰) بھلا آپ دیکھیں اگر وہ ہدایت پر ہوتا ۔(۱۱) یا تقویٰ اختیار کرنے کے لیے کہتا۔(۱۲)

اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿١٣﴾ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ﴿١٤﴾

کیا آپ نے دیکھا یہ کہ اس نے جھٹلایا اور منہ موڑا۔(۱۳) کیا اسے علم نہیں کہ اللہ اسے دیکھ رہا ہے۔(۱۴)

كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ ﴿١٥﴾ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ

یقیناً اگر وہ باز نہ آیا تو ہم ضرور اس کو اُس کی پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر گھسیٹیں گے۔(۱۵) وہ پیشانی جھوٹی ہے،

خَاطِئَةٍ ﴿١٦﴾ فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ﴿١٧﴾ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ﴿١٨﴾ كَلَّا

خطا کار ہے۔ (۱۶) پس وہ اپنے حامیوں کو پکارے۔ (۱۷) ہم بھی دوزخ میں ڈالنے والے فرشتوں کو بلاتے ہیں۔(۱۸) ہاں ہاں

لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ﴿١٩﴾ ع السجدة

اُس کی طرف متوجہ نہ ہوں اور ہمارے حضور سجدہ کریں اور نزدیک ہوجائیں۔(۱۹)

السجدة ١٣ ع ١٩ ٢١

رُكُوْعُهَا	اٰيٰتُهَا	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ ٩٧ ٢٥
١	٥		

سورۃ القدر مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۵ آیات اور ا رکوع ہے۔

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِىْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ﴿١﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ﴿٢﴾ لَيْلَةُ

بیشک ہم نے قرآن مجید کو شبِ قدر میں نازل کیا ہے۔(۱) اور آپ کچھ جانتے ہیں کہ شبِ قدر کیا ہے۔(۲) شبِ قدر

الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ﴿٣﴾ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا

ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔(۳) اس میں ملائکہ اور جبریل امین (علیہ السلام) ہر کام کے لیے

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مَدّ ،، تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ❁ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ﴿۴﴾ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿۵﴾
اپنے رب کے حکم کے مطابق اُترتے ہیں۔ (۴) وہ رات سراپا سلامتی والی ہے جو فجر طلوع ہونے تک رہتی ہے۔(۵)

سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ ٩٨ مَدَنِيَّةٌ ١٠٠ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ٨ | رُكُوْعُهَا ١

سورۃ البینہ مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۸ آیات اور ا رکوع ہے۔

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَ الْمُشْرِكِيْنَ
اہل کتاب میں سے اور مشرکوں میں سے جن لوگوں نے کفر کیا وہ کفر کو چھوڑنے والے نہ تھے

مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ﴿١﴾ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا
یہاں تک اُن کے پاس روشن دلیل نہ آجائے۔(۱) یعنی اللہ کا بھیجا ہوا رسول جو اُن پر

صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ﴿٢﴾ فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ﴿٣﴾ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا
پاک صحیفوں کی تلاوت فرمائے۔ (۲) اُن میں مستحکم آیات لکھی ہوئی ہیں۔(۳) اور اہل کتاب اس وقت تک

الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ﴿۴﴾ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا
فرقوں میں تقسیم نہ ہوئے مگر بعد اُس کے کہ اُن کے پاس واضح دلیل آگئی۔(۴) اور اُنہیں یہی حکم دیا گیا تھا

لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ۬ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ
کہ دین میں مخلص ہوکر اللہ کی عبادت کریں۔ بالکل متوجہ ہو جائیں اور نماز قائم کیے رکھیں

وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ﴿۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ
اور زکوۃ دیتے رہیں اور یہی دین مستحکم ہے۔(۵) بیشک اہلِ کتاب اور مشرکین میں سے جو کافر ہوئے۔

اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ اُولٰٓئِكَ
وہ جہنم کی آگ میں ہوں گے ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔ وہی لوگ بہت

هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ﴿٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِكَ
بُری مخلوق ہیں۔(۶) بیشک جو لوگ صاحب ایمان بنے اور صالح عمل کرتے رہے وہی لوگ

هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ﴿٧﴾ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ
بہترین مخلوق ہیں۔ (۷) اُن کی جزا اُن کے رب کے پاس دائمی جنتیں ہیں۔

عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ رَضِيَ
جن کے نیچے نہریں رواں دواں ہیں وہ ہمیشہ ابد تک ان میں رہیں گے۔ اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اس

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا — قلقلہ: ساکن حرف کو ہلاکر پڑھنا — تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپاکر پڑھنا — کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مد ،، تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۸ ع ۸ ۲۳

سے راضی ہوئے۔ یہ انعام اُس کے لئے ہے جس میں اپنے رب کی خشیت ہے۔(۸)

سُوْرَةُ الزَّلْزَالِ ۹۹ مَدَنِيَّةٌ ۹۳ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۸ | رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ الزلزال مدنی ہے اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اس میں ۸ آیات اور ا رکوع ہے۔

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۱ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۲

جب زمین کو زلزلوں سے متزلزل کردیاجائے گا۔(۱) اور زمین اپنے بوجھ کو باہر نکال دے گی۔(۲)

وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۳ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۴ بِاَنَّ

اور انسان کہے گا کہ اسے کیا ہوگیا ہے۔(۳) اُس روز وہ اپنی تمام خبریں بیان کردے گی۔(۴) کیونکہ

رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۵ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۬ لِّيُرَوْا

آپ کے رب نے اسے وحی کردی ہے۔ (۵) اس روز لوگ مختلف کیفیات میں اپنے رب کی طرف آئیں گے۔تاکہ ان کو اُن کے

اَعْمَالَهُمْ ۶ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۷ وَمَنْ

اعمال دکھادیں۔ (۶) پس جس نے ذرہ بھر نیکی کی ہوگی وہ اسے دیکھ لے گا۔(۷) اور جس نے

يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۸ ع ۸ ۲۴

ذرہ بھر برائی کی ہوگی۔ وہ بھی اسے دیکھ لے گا۔(۸)

سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ ۱۰۰ مَكِّيَّةٌ ۱۴ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۱ | رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ العادیات مکی ہے اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اس میں ۱۱ آیات اور ا رکوع ہے۔

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۱ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۲ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۳

تیزی سے دوڑنے والے ہانپتے ہوئے گھوڑوں کی قسم!۔(۱) پھر سم مار کر پتھروں سے آگ نکالنے والوں کی قسم!۔(۲) پھر صبح کے وقت غارت گری

فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۴ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۵ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ

کرتے ہیں۔ (۳) پھر اس وقت گرد و غبار اُڑاتے ہیں۔(۴) پھر دشمنوں کی فوج میں گھس جاتے ہیں۔(۵) بیشک انسان

لَكَنُوْدٌ ۶ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۷ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۸

اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے۔(۶) اور یقیناً وہ اسی پر خود ہی گواہ ہے۔(۷) اور بلاشبہ وہ مال کی محبت میں بڑی شدت رکھتا ہے۔(۸)

اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ۹ وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ ۱۰

کیا وہ نہیں جانتا کہ جب اہل قبور کو قبروں میں سے اُٹھایا جائے گا۔(۹) اور جو کچھ سینوں میں ہے وہ کھل کر سامنے آجائے گا۔(۱۰)

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفاء: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ ،، تین الف کے برابر - پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

ع ۱۱ ۲۵ إِنَّ رَبَّهُم بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيرٌ ﴿١١﴾

بلاشبہ ان کا رب اس دن اُن کی سب باتوں سے باخبر ہوگا۔(۱۱)

سُورَةُ القَارِعَة مَكِّيَّة ۱۰۱ ۳۰ | بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ | اٰيٰتها ۱۱ رکوعها ۱

سورۃ القارعہ مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۱۱ آیات اور ا رکوع ہے۔

الْقَارِعَةُ ﴿١﴾ مَا الْقَارِعَةُ ﴿٢﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْقَارِعَةُ ﴿٣﴾ يَوْمَ

دل دہلانے والی خوفناک مصیبت۔(۱) خوفناک مصیبت کیا ہے۔(۲) اور آپ کو کیا معلوم کہ یہ دل دہلانے والی خوفناک مصیبت کیا ہے؟۔(۳) جس

يَكُونُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ ﴿٤﴾ وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ

دن لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ہوں گے۔(۴) اور پہاڑ دھنکی ہوئی اُون کی

الْمَنفُوشِ ﴿٥﴾ فَأَمَّا مَن ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ ﴿٦﴾ فَهُوَ فِي عِيشَةٍ

مانند ہوں گے۔(۵) پس جس کی میزان کے پلڑے بھاری ہوں گے۔(۶) پس وہ من پسند عیش

رَّاضِيَةٍ ﴿٧﴾ وَأَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ ﴿٨﴾ فَأُمُّهُ هَاوِيَةٌ ﴿٩﴾

میں ہوگا۔(۷) اور جس کی میزان کے پلڑے ہلکے ہوں گے۔(۸) تو اس کی جائے قرار ہاویہ ہوگی۔(۹)

ع ۱۱ ۲۶ وَمَا أَدْرَاكَ مَا هِيَهْ ﴿١٠﴾ نَارٌ حَامِيَةٌ ﴿١١﴾

اور آپ کو کیا معلوم کہ ہاویہ کیا ہے۔(۱۰) ہاویہ شعلے مارتی ہوئی آگ ہے۔(۱۱)

سُورَةُ التَّكَاثُر مَكِّيَّة ۱۰۲ ۱۶ | بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ | اٰيٰتها ۸ رکوعها ۱

سورۃ التکاثر مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۸ آیات اور ا رکوع ہے۔

أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ ﴿١﴾ حَتَّىٰ زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ﴿٢﴾ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ ﴿٣﴾

تمہیں زرپرستی نے غافل رکھا۔(۱) یہاں تک کہ تم قبروں میں پہنچ گئے۔(۲) ہاں ہاں تمہیں بہت جلد معلوم ہوجائے گا۔(۳)

ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ ﴿٤﴾ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُونَ عِلْمَ الْيَقِينِ ﴿٥﴾

پھر ہاں ہاں تمہیں بہت جلد معلوم ہوجائے گا۔(۴) کاش کہ تم علم الیقین سے جان لیتے تو مال کی محبت نہ رکھتے۔(۵)

لَتَرَوُنَّ الْجَحِيمَ ﴿٦﴾ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِينِ ﴿٧﴾ ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ

توتم ضرور جہنم کو دیکھو گے۔(۶) پھر تم اسے عین الیقین سے دیکھوگے۔(۷) پھر ضرور تم سے اس دن

ع ۸ ۲۷ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ ﴿٨﴾

تمام نعمتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا۔(۸)

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مَدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تَفخِيم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قَلقَلَة: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ ١٠٣ ١٣ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيٰتُهَا ٣ رُكُوْعُهَا ١

سورۃ العصر مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۳ آیات اور ا رکوع ہے۔

وَالْعَصْرِ ﴿١﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ﴿٢﴾ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

زمانے کی قسم!(۱) بیشک انسان خسارے میں ہے۔ (۲) مگر وہ خسارے میں نہیں جو ایمان لائے اور اُنہوں نے صالح عمل کیے

الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ۬ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ﴿٣﴾ ع ۱/۳ ۲۸

اور ایک دوسرے کو حق کی تاکید کی اور آپس میں صبر کی وصیت کی۔(۳)

سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ مَكِّيَّةٌ ١٠٤ ٣٢ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيٰتُهَا ٩ رُكُوْعُهَا ١

سورۃ الھمزہ مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۹ آیات اور ا رکوع ہے۔

وَیْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ﴿١﴾ الَّذِیْ جَمَعَ مَالًا وَّ عَدَّدَهٗ ﴿٢﴾

ہر طعنہ زن اور عیب جو کے لیے ہلاکت ہے۔(۱) جس نے مال جمع کیا اور اسے گن گن کر رکھا۔ (۲)

یَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ ﴿٣﴾ كَلَّا لَیُنْۢبَذَنَّ فِی الْحُطَمَةِ ﴿٤﴾ وَ

اس کا خیال ہے کہ اس کا مال اسے جاوداں بنا دے گا۔(۳) ہرگز نہیں اسے یقیناً حطمہ میں پھینک دیا جائے گا۔ (۴) اور

مَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ﴿٥﴾ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ﴿٦﴾ الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَى

تمہیں کیا معلوم کہ حطمہ کیا ہے۔(۵) وہ اللہ کی دہکائی ہوئی آگ ہے۔(۶) جو دلوں تک جا

الْاَفْـِٕدَةِ ﴿٧﴾ اِنَّهَا عَلَیْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ﴿٨﴾ فِیْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ﴿٩﴾ ع ۱/۹ ۲۹

پہنچے گی۔ (۷) بیشک وہ آگ ان پر بند کردی جائے گی۔(۸) تو اس کے شعلے لمبے لمبے ستونوں کی مانند ہوں گے۔(۹)

سُوْرَةُ الْفِیْلِ مَكِّيَّةٌ ١٠٥ ١٩ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيٰتُهَا ٥ رُكُوْعُهَا ١

سورۃ الفیل مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۵ آیات اور ا رکوع ہے۔

اَلَمْ تَرَ كَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِیْلِ ﴿١﴾ اَلَمْ یَجْعَلْ كَیْدَهُمْ

اے محبوب! کیا آپ نے نہ دیکھا کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا سلوک کیا۔(۱) کیا ان کا منصوبہ

فِیْ تَضْلِیْلٍ ﴿٢﴾ وَّ اَرْسَلَ عَلَیْهِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَ ﴿٣﴾ تَرْمِیْهِمْ

ناکام نہ کر دیا۔(۲) اور اُن پر کثیر تعداد میں ابابیل پرندوں کو بھیج دیا۔(۳) جو اُن پر بجیل

بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ ﴿٤﴾ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ﴿٥﴾ ع ۱/۵ ۳۰

یعنی سوختہ اینٹوں کے کنکر پھینکتے تھے۔ (۴) پھر اُنہیں کھائے ہوئے بھوسے کی مانند کردیا۔(۵)

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا — تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا — قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا — کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ ۱۰۶ ۲۹ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيٰتُهَا ۴ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ قریش مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۴ آیات اور ا رکوع ہے۔

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ﴿۱﴾ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَ الصَّيْفِ ﴿۲﴾

قریش کی تالیف کے لیے۔(۱) اُنھیں سردی اور گرمی کے سفر سے مانوس کر دیا۔(۲)

فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ﴿۳﴾ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ۵

پس اُنھیں چاہیے کہ وہ بیت اللہ کے رب کی عبادت کیا کریں۔(۳) جس نے اُنھیں بھوک میں کھانا دیا

وَّ اٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ﴿۴﴾

اور خوف میں پُرامن کر دیا۔(۴)

ع ۱ / ۳۱

سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ مَكِّيَّةٌ ۱۰۷ ۱۷ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيٰتُهَا ۷ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ الماعون مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۷ آیات اور ا رکوع ہے۔

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ﴿۱﴾ فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ﴿۲﴾

کیا آپ نے روزِ جزا کو جھٹلانے والے کو دیکھا ہے۔(۱) پس یہی وہ ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے۔(۲)

وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿۳﴾ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ﴿۴﴾

اور مسکین کو طعام کھلانے کی ترغیب نہیں دیتا۔(۳) پس اُن نمازیوں کے لیے خرابی ہے۔(۴)

الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ﴿۵﴾ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ﴿۶﴾

جو نماز کی ادائیگی میں غفلت کرتے ہیں۔(۵) وہ جو ریاکاری کرتے ہیں۔(۶)

وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ﴿۷﴾

اور مانگنے پر استعمال کی چیزیں نہیں دیتے۔(۷)

ع ۷ / ۳۲

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ ۱۰۸ ۱۵ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيٰتُهَا ۳ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ الکوثر مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۳ آیات اور ا رکوع ہے۔

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ﴿۱﴾ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ﴿۲﴾ اِنَّ

اے محبوب! بیشک ہم نے آپ کو کوثر عطا کیا۔(۱) پس آپ اپنے رب ہی کے لئے نماز پڑھیں اور قربانی کریں۔(۲) بیشک

شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ﴿۳﴾

آپ کا دشمن ہی اَبتر ہوگا۔(۳)

ع ۳ / ۳۳

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا — تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا — قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

سُوْرَةُ الْکٰفِرُوْنَ ١٠٩ مَکِّیَّۃٌ ١٨ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ — اٰیٰتُهَا ٦ رُکُوْعُهَا ١

سورۃ الکافرون کمی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ٦ آیات اور ا رکوع ہے۔

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ ﴿١﴾ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٢﴾ وَلَاۤ اَنْتُمْ

آپ فرمادیں اے کفر کرنے والو! (١) میں ان کی پوجا نہیں کرتا جن کی تم پوجا کرتے ہو۔(٢) اور نہ تم اس کی

عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ﴿٣﴾ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ﴿٤﴾ وَلَاۤ اَنْتُمْ

عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔(٣) اور نہ ہی میں اُس کی عبادت کرنے والا ہوں جس کی تم عبادت کرتے ہو۔(٤) اور نہ تم اُس

عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ﴿٥﴾ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ﴿٦﴾ ع ٦ / ٣٤

کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔(٥) تمہارے لیے تمہارا دین اور میرے لیے میرا دین ہے۔(٦)

سُوْرَةُ النَّصْرِ ١١٠ مَدَنِیَّۃٌ ١١٤ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ — اٰیٰتُهَا ٣ رُکُوْعُهَا ١

سورۃ النصر مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ٣ آیات اور ا رکوع ہے۔

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ﴿١﴾ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ

جب اللہ کی مدد آجائے اور فتح یابی ہوجائے۔(١) اور آپ لوگوں کو اللہ کے دین میں فوج در فوج داخل ہوتے

اللّٰهِ اَفْوَاجًا ﴿٢﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ کَانَ تَوَّابًا ﴿٣﴾ ع ٥ / ٣٥ وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ہوئے دیکھ لیں۔(٢) پس اپنے رب کی تعریف کے ساتھ تسبیح کریں اور اس سے بخشش مانگیں۔ وہ بہت توبہ قبول کرنے والا ہے۔(٣)

سُوْرَةُ اللَّهَبِ ١١١ مَکِّیَّۃٌ ٦ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ — اٰیٰتُهَا ٥ رُکُوْعُهَا ١

سورۃ اللہب کمی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ٥ آیات اور ا رکوع ہے۔

تَبَّتْ یَدَاۤ اَبِیْ لَهَبٍ وَّ تَبَّ ﴿١﴾ مَاۤ اَغْنٰی عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا کَسَبَ ﴿٢﴾

ابو لہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹے اور وہ ہلاک ہوا۔(١) جو مال اس نے کمایا تھا اس کے کام نہ آیا۔(٢)

سَیَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ﴿٣﴾ وَّ امْرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ﴿٤﴾ فِیْ

عنقریب اسے شعلے مارتی ہوئی آگ میں داخل کردیا جائے گا۔(٣) اور اُس کی بیوی ایندھن اُٹھانے والی ہے۔(٤) اس کے

جِیْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ﴿٥﴾ ع ٦ / ٣٦

گلے میں کھجور کی رسی ہے۔(٥)

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ ١١٢ مَکِّیَّۃٌ ٢٢ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ — اٰیٰتُهَا ٤ رُکُوْعُهَا ١

سورۃ الاخلاص کمی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ٤ آیات اور ا رکوع ہے۔

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا — تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا — قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفاء: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا — کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یائی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ﴿۳﴾

آپ فرما دیجیے وہ اللہ احد ہے۔(۱) اللہ صمد ہے۔ (۲) نہ اس نے کسی کو جنا ہے،اور نہ وہ کسی سے جنا گیا ہے۔(۳)

ع ۴ / ۲۷ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

اور اس کا کوئی ہمسر نہیں ہے۔(۴)

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ ۱۱۳ ۲۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اٰيَاتُهَا ۵ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ الفلق مکی ہے۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اس میں ۵ آیات اور ا رکوع ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ

آپ فرمادیں میں صبح کے رب کی پناہ لیتاہوں۔(۱) اس کی تمام مخلوق کے شر سے۔ (۲) اور اندھیرے کے شر

غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَ

سے پناہ لیتاہوں جب وہ چھا جائے۔ (۳) ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں پھونکیں مارنے والی ہیں۔(۴) اور

مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾ ع ۵ / ۲۸

حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔(۵)

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ ۱۱۴ ۲۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اٰيَاتُهَا ۶ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ الناس مکی ہے۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اس میں ۶ آیات اور ا رکوع ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾

آپ فرمادیں میں لوگوں کے رب کی پناہ مانگتا ہوں۔(۱) جو تمام لوگوں کا بادشاہ ہے۔ (۲) سب لوگوں کا معبود ہے۔ (۳)

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۪ۙ﴿۴﴾ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ

اس کے شر سے جو باربار وسوسہ ڈالے جو چھپ کر حملہ کرے۔(۴) جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے

ع ۶ / ۲۹ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

ڈالتاہے۔ (۵) خواہ وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سے ہو۔ (۶)

دُعَاءُ خَتْمِ الْقُرْاٰنِ

اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِيْ فِيْ قَبْرِيْ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَاجْعَلْهُ لِيْ اِمَامًا وَّ نُوْرًا وَّ هُدًى وَّ رَحْمَةً

اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِيْ مِنْهُ مَا نَسِيْتُ وَعَلِّمْنِيْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ وَارْزُقْنِيْ تِلَاوَتَهٗ اٰنَاءَ الَّيْلِ وَاٰنَاءَ النَّهَارِ

وَاجْعَلْهُ لِيْ حُجَّةً يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ۔ اٰمِيْن

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

دُعَاءِ خَتْمِ الْقُرْآن

صَدَقَ اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○ وَصَدَقَ رَسُوْلُهُ النَّبِيُّ الْكَرِيْمُ ○ وَنَحْنُ عَلٰى ذٰلِكَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ○
رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا بِكُلِّ حَرْفٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ حَلَاوَةً
وَّبِكُلِّ جُزْءٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ جَزَآءً ○ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا بِالْاَلِفِ اُلْفَةً وَّبِالْبَآءِ بَرَكَةً وَّبِالتَّآءِ تَوْبَةً
وَّبِالثَّآءِ ثَوَابًا وَّبِالْجِيْمِ جَمَالًا وَّبِالْحَآءِ حِكْمَةً وَّبِالْخَآءِ خَيْرًا وَّبِالدَّالِ دَلِيْلًا وَّبِالذَّالِ ذَكَآءً
وَّبِالرَّآءِ رَحْمَةً وَّبِالزَّآءِ زَكٰوةً وَّبِالسِّيْنِ سَعَادَةً وَّبِالشِّيْنِ شِفَآءً وَّبِالصَّادِ صِدْقًا وَّبِالضَّادِ
ضِيَآءً وَّبِالطَّآءِ طَرَاوَةً وَّبِالظَّآءِ ظَفَرًا وَّبِالْعَيْنِ عِلْمًا وَّبِالْغَيْنِ غِنًى وَّبِالْفَآءِ فَلَاحًا
وَّبِالْقَافِ قُرْبَةً وَّبِالْكَافِ كَرَامَةً وَّبِاللَّامِ لُطْفًا وَّبِالْمِيْمِ مَوْعِظَةً وَّبِالنُّوْنِ نُوْرًا وَّبِالْوَاوِ وُصْلَةً
وَّبِالْهَآءِ هِدَايَةً وَّبِالْيَآءِ يَقِيْنًا اَللّٰهُمَّ انْفَعْنَا بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ○ وَارْفَعْنَا بِالْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ
الْحَكِيْمِ وَتَقَبَّلْ مِنَّا قِرَآءَتَنَا وَتَجَاوَزْ عَنَّا مَا كَانَ فِيْ تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ مِنْ خَطَاءٍ اَوْ نِسْيَانٍ
اَوْ تَحْرِيْفِ كَلِمَةٍ عَنْ مَّوَاضِعِهَآ اَوْ تَقْدِيْمٍ اَوْ تَاْخِيْرٍ اَوْ زِيَادَةٍ اَوْ نُقْصَانٍ اَوْ تَاْوِيْلٍ عَلٰى غَيْرِ
مَآ اَنْزَلْتَهٗ عَلَيْهِ اَوْ رَيْبٍ اَوْ شَكٍّ اَوْ سَهْوٍ اَوْ سُوْٓءِ اِلْحَانٍ اَوْ تَعْجِيْلٍ عِنْدَ تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ
اَوْ كَسَلٍ اَوْ سُرْعَةٍ اَوْ زَيْغِ لِسَانٍ اَوْ وَقْفٍ مبِغَيْرِ وُقُوْفٍ اَوْ اِدْغَامٍ بِغَيْرِ مُدْغَمٍ اَوْ اِظْهَارٍ مبِغَيْرِ
بَيَانٍ اَوْ مَدٍّ اَوْ تَشْدِيْدٍ اَوْ هَمْزَةٍ اَوْ جَزْمٍ اَوْ اِعْرَابٍ مبِغَيْرِ مَا كَتَبَهٗ اَوْ قِلَّةِ رَغْبَةٍ وَّرَهْبَةٍ
عِنْدَ اٰيَاتِ رَحْمَةٍ وَاٰيَاتِ الْعَذَابِ فَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا وَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا
بِالْقُرْاٰنِ وَزَيِّنْ اَخْلَاقَنَا بِالْقُرْاٰنِ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ بِالْقُرْاٰنِ وَاَدْخِلْنَا فِي الْجَنَّةِ بِالْقُرْاٰنِ
اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الْقُرْاٰنَ لَنَا فِي الدُّنْيَا قَرِيْنًا وَّفِي الْقَبْرِ مُوْنِسًا وَّعَلَى الصِّرَاطِ نُوْرًا وَّفِي الْجَنَّةِ
رَفِيْقًا وَّمِنَ النَّارِ سِتْرًا وَّحِجَابًا وَّاِلَى الْخَيْرٰتِ كُلِّهَا دَلِيْلًا فَاكْتُبْنَا عَلَى التَّمَامِ وَارْزُقْنَا
اَدَآءً بِالْقَلْبِ وَاللِّسَانِ وَحُبَّ الْخَيْرِ وَالسَّعَادَةِ وَالْبِشَارَةِ مِنَ الْاِيْمَانِ ○ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى
عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ مَّظْهَرِ لُطْفِهٖ وَنُوْرِ عَرْشِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○
وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا ○

رموزِ اوقاف قرآن مجید

قرآن مجید کی تلاوت کے دوران ہم کہیں ٹھہر جاتے ہیں اور کہیں نہیں ٹھہرتے۔ کہیں کم ٹھہرتے ہیں کہیں زیادہ۔ اس ٹھہرنے اور نہ ٹھہرنے کو بات کا صحیح مطلب سمجھنے میں بہت دخل ہے۔ قرآن مجید کی عبارت گفتگو کے انداز میں واقع ہوئی ہے۔ اس لیے اہل علم نے اس کے ٹھہرنے کی علامتیں مقرر کردی ہیں۔ جنہیں قرآن مجید کے رموزاوقاف کہا جاتا ہے جو درج ذیل ہیں۔

○ جہاں بات پوری ہو جاتی ہے وہاں چھوٹا سا دائرہ لکھ دیتے ہیں یہ حقیقت میں گول ۃ ہے۔ یہ وقفِ تام کی علامت ہے یعنی اس پر ٹھہرنا چاہیے۔ اِس علامت کو آیت کہتے ہیں۔

م وقفِ لازم کی علامت ہے۔ اس پر ضرور ٹھہرنا چاہیے ورنہ اس کا مطلب بدل جائے گا۔

ط وقف مطلق کی علامت ہے اس پر ٹھہرنا چاہیے۔ یہ علامت وہاں ہوتی ہے جہاں مطلب تمام نہیں ہوتا۔ بات کہنے والا ابھی کچھ اور کہنا چاہتا ہے۔

ج وقفِ جائز کی علامت ہے یہاں ٹھہرنا بہتر اور نہ ٹھہرنا جائز ہے۔

ز علامت وقفِ مجوز کی ہے۔ یہاں نہ ٹھہرنا بہتر ہے

ص علامت وقفِ مرخص کی ہے یہاں مِلا کر پڑھنا چاہیے لیکن اگر کوئی تھک کر ٹھہر جائے تو رخصت ہے۔ ص پر ملا کر پڑھنا ز کی نسبت زیادہ ترجیح رکھتا ہے۔

صلے اَلْوَصْلُ اَوْلٰی کا اختصار ہے۔ یہاں ملا کر پڑھنا بہتر ہے۔

ق قِیل علیہ الوقف کا خلاصہ ہے یہاں نہ ٹھہرنا بہتر ہے۔

صل قَدْ یُوصَلُ کی علامت ہے۔ یہاں ٹھہرنا بہتر ہے۔

قف یہ لفظ قِف ہے جس کے معنی ہیں ٹھہر جاؤ۔ یہ علامت وہاں استعمال کی جاتی ہے جہاں پڑھنے والے کے ملا کر پڑھنے کا احتمال ہو۔

س یا سکتہ یہاں تھوڑا سا ٹھہر جانا چاہیے مگر سانس نہ ٹوٹنے پائے۔

وقفہ یہاں سکتہ کی نسبت زیادہ ٹھہرنا چاہیے لیکن سانس نہ ٹوٹے۔ سکتہ اور وقفہ میں یہ فرق ہے کہ سکتہ میں کم ٹھہرنا ہوتا ہے اور وقفہ میں زیادہ۔

لا لا کے معنی نہیں کے ہیں۔ یہ علامت کہیں آیت کے اُوپر استعمال کی جاتی ہے کہیں عبارت کے اندر۔ آیت کے اوپر اختلاف ہے۔ بعض کے نزدیک ٹھہرنا چاہیے بعض کے نزدیک ٹھہرنے یا نہ ٹھہرنے سے مطلب میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اگر عبارت کے اندر ہو تو ہرگز نہیں ٹھہرنا چاہیے۔

ک کَذٰلِکَ کی علامت ہے یعنی جو رمز پہلے ہے وہی یہاں سمجھی جائے۔

تصحیح سرٹیفکیٹ

اللہ تعالیٰ کی توفیق اور خصوصی مہربانی سے میں اور میرے ساتھیوں نے اس قرآن پاک کے عربی متن کو بغور پڑھا ہے میں اس کی تصدیق کرتا ہوں کہ اس کے متن میں کوئی لفظی یا اعرابی غلطی نہیں ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

الشیخ حافظ محمد حبیب اللہ۔

ضروری ہدایت

قرآن مجید میں بیس مقامات ایسے ہیں کہ ذراسی بے احتیاطی سے نادانستہ کلمۂ کفر کا ارتکاب ہو جاتا ہے۔ زیر، زبر اور پیش میں رد و بدل کر دینے سے معنی کچھ کے کچھ ہو جاتے ہیں اور دانستہ پڑھنے سے گناہ کبیرہ بلکہ کفر تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔ ذیل میں وہ تمام مقام درج کر دیئے جاتے ہیں

نمبر شمار	مقام			صحیح	غلط
۱	سورۃ فاتحہ			اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ	اَنْعَمْتُ عَلَيْهِمْ
۲	" "			اِيَّاكَ نَعْبُدُ	اِيَّاكِ
۳	سورۃ بقرہ	ع	۱۵	وَاِذِ ابْتَلٰى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ	اِبْرٰهٖمُ رَبَّهٗ
۴	" "	ع	۳۳	وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ	دَاوٗدَ جَالُوْتُ
۵	" "	ع	۳۴	اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ	اَللّٰهَ
۶	" "	ع	۳۶	وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ	يُضْعَفُ
۷	سورۃ نساء	ع	۲۳	رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ	مُبَشَّرِيْنَ وَمُنْذَرِيْنَ
۸	سورۃ توبہ	ع	۱	مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ	وَرَسُوْلِهٖ
۹	سورۃ بنی اسرائیل	ع	۲	وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ	مُعَذَّبِيْنَ
۱۰	سورۃ طٰہٰ	ع	۷	وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ	اٰدَمَ رَبُّهٗ
۱۱	سورۃ انبیاء	ع	۶	اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ	اِنِّىْ كُنْتَ
۱۲	سورۃ شعراء	ع	۱۱	لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ	مُنْذَرِيْنَ
۱۳	سورۃ فاطر	ع	۴	يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا	اَللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَآءَ
۱۴	سورۃ صٰٓفّٰت	ع	۲	فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ	مُنْذَرِيْنَ
۱۵	سورۃ فتح	ع	۴	صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ	اَللّٰهَ رَسُوْلُهٗ
۱۶	سورۃ حشر	ع	۳	اَلْمُصَوِّرُ	مُصَوَّرُ
۱۷	سورۃ حآقّۃ	ع	۱	اِلَّا الْخٰطِـُٔوْنَ	اِلَّا الْخَاطَئُوْنَ
۱۸	سورۃ مزمل	ع	۱	فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ	فِرْعَوْنَ الرَّسُوْلُ
۱۹	سورۃ مرسلٰت	ع	۲	فِىْ ظِلٰلٍ	فِىْ ظَلَالٍ
۲۰	سورۃ النّٰزعٰت	ع	۲	اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ	مُنْذَرُ

رسم الخط عربی میں یائے مجہول نہیں ہے۔ لیکن قرآن مجید میں صرف ایک موقع پر آئی ہے مجرٖىها و مرسٰها کو "مجرے ہا و مُرسہا" پڑھیں گے۔ علاوہ ازیں قرآن مجید میں اکثر جگہ الف لکھا جاتا ہے۔ لیکن پڑھا نہیں جاتا۔ مثلاً علامت جمع کے لئے جو الف آتا ہے اس کو نہیں پڑھتے جیسے قالوا میں آخری الف نہیں پڑھا جائیگا۔ انا کو اَنَ پڑھتے ہیں، آخری الف نہیں پڑھا جاتا۔ اٹھارہ مقامات اور ہیں، جہاں الف نہیں پڑھا جاتا۔ نقشہ ذیل میں اس الف پر ہ بنا دیا گیا ہے۔

آغاز سورۂ آلِ عمران	الٓمّٓ اللّٰهُ	سبحٰن الذی ، ع ۱۶ - آیۃ ۱	لِشَا۠ىْءٍ
لن تنالوا ع ۶ - آیۃ ۱	اَفَا۠ئِنْ مَّاتَ	" " ، ع ۱۷ - آیۃ ۷	لٰكِنَّا۠
" ع ۸ - آیۃ ۳	لَاَا۠لَى اللّٰهِ	وقال الذین ، ع ۱۷ - آیۃ ۷	لَاَا۠اَذْبَحَنَّهٗ
لایحب اللہ ع ۹ - آیۃ ۳	تَبُوْٓءَا۠	سورہ حجرات ، ع ۲ - آیۃ ۱	بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ
قال الملا ع ۲ - آیۃ ۴	مَلَا۠ئِهٖ	وما لی ۲۳ ، ع ۲ - آیۃ ۴۷	لَاَا۠لَى الْجَحِيْمِ
واعلموا ع ۱۳ - آیۃ ۵	لَاَا۠اَوْضَعُوْا	سورہ محمد ، ع ۴ - آیۃ ۳	نَبْلُوَا۠
ومامن دابۃ ع ۲ - آیۃ ۸	ثَمُوْدَا۠	سورۂ نجم ، ع ۳ - آیۃ ۱۹	ثَمُوْدَا۠
وما ابرئ ع ۱۰ - آیۃ ۴	تَتْلُوَا۠	سورۂ دہر ، ع ۱ - آیۃ ۴	سَلٰسِلَا۠
سبحٰن الذی ع ۱۲ - آیۃ ۲	لَنْ نَّدْعُوَا۠	" " ، ع ۱ - آیۃ ۱۵	كَانَتْ قَوَارِيْرَا۠ قَوَارِيْرَا۠ مِنْ فِضَّةٍ

سَجَدَاتُ التِّلَاوَةِ

١	٢	٣	۴	۵	٦	٧
العدد	الجزء	السوره	الآيات	الركوع	موجب السجدة	موضع السجدة
١	٩	الاعراف	٢١٦	٢۴	يسجدون	يسجدون
٢	١٣	الرعد	١۵	٢	ولله يسجد	والاصال
٣	١۴	النحل	۵٠	٦	ولله يسجد	ما يؤمرون
۴	١۵	بنیٓ اسرآءيل	١٠٩	١٢	ويخرون للاذقان	خشوعا
۵	١٦	مريم	۵٨	۴	خروا سجدا	بكيا
٦	١٧	الحج	١٨	٢	يسجد له	ما يشآء
..	١٧	الحج (عند الشافعیؒ)	٧٧	١٠	واسجدوا	تفلحون
٧	١٩	الفرقان	٦٠	۵	اسجدوا	نفورا
٨	١٩	النمل	٢٦	٢	الا يسجدوا لله	رب العرش العظيم
٩	٢١	السجدة	١۵	٢	خروا سجدا	لا يستكبرون
١٠	٢٣	صٓ	٢۴	٢	وخر راكعا	اناب
١١	٢۴	حمٓ السجدة	٣٨	۵	واسجدوا لله	لا يسئمون
١٢	٢٧	النجم	٦٢	٣	فاسجدوا	واعبدوا
١٣	٣٠	الانشقاق	٢١	١	يسجدون	يسجدون
١۴	٣٠	العلق	١٩	١	واسجد	واقترب

عن عائشةؓ قالت كان رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يقول فى سجود القراٰن باليل: سَجَدَ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ بِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ. رواه ابو داود والترمذى والنسآئى وقال الترمذى هٰذا حديث حسن صحيح.

(مشكوة المصابيح باب سجود القراٰن الفصل الثانى)

قواعدِ وقف

قرآن مجید کی تلاوت کے دوران میں آیت کے درمیان یا اختتام پر ٹھیرنا ہو، تو مندرجہ ذیل قواعدِ وقف کو پیش نظر رکھنا چاہیے۔ پڑھنے والے کی سہولت کے لیے قوسین کے اندر وقفی تلفّظ ظاہر کر دیا گیا ہے۔

۱۔ کلمے کا آخری حرف ساکن ہو، تو ساکن حرف کا تلفّظ ادا کرکے سانس توڑ دیا جائے اور وقف کر لیا جائے، مثلاً، مِنْهُمْ ـــ فَحَدِّثْ ○

۲۔ کلمہ کسی حرفِ مدّہ (ـَ ا، ـِ يْ ـُ وْ) پر ختم ہوتا ہو، تو حرفِ مدّہ کا تلفّظ ادا کرکے وقف کر لیا جائے، جیسے، اِلَيْنَاج ـــ ذِكْرِيْ ○ ـــ وَاعْبُدُوْا ○

۳۔ کلمے کے آخری حرف پر زبر (ـَ)، زیر (ـِ) یا پیش (ـُ) ہو، تو آخری حرف کو ساکن پڑھ کر وقف کر لیا جائے، جیسے، هُوَط (هُوْ) ـــ مُنْظَرُوْنَ ○ط (مُنْظَرُوْنْ) ـــ فِيْهِ ط (فِيْهْ) ـــ أَطِيْعُوْنَ ○ (أَطِيْعُوْنْ) ـــ يُمِيْتُ ط (يُمِيْتْ) ـــ يُعِيْدُ ○ (يُعِيْدْ)

۴۔ کلمے کے آخری حرف پر دو پیش (ـٌ ، ـٌ) یا دو زبر (ـً ، ـً) ہوں، تو آخری حرف کو ساکن پڑھ کر وقف کر لیا جائے، جیسے، بَرْقٌ ط (بَرْقْ) ـــ شَدِيْدٌ ○ (شَدِيْدْ) ـــ بِإِحْسَانٍ ط (بِإِحْسَانْ) ـــ بِمِقْدَارٍ (بِمِقْدَارْ)۔

۵۔ کسی کلمے کے آخر میں هَاء (ة ، ـه) پر اُلٹا پیش (ةٗ ، ـهٗ) یا هَاء کے نیچے کھڑا زیر (ةٖ ، ـهٖ) ہو، تو اُس هَاء (ةٗ ، ـهٗ) کو ساکن (ةْ ، ـهْ) پڑھ کر وقف کر لیا جائے، مثلاً، دَلْوَهٗ ط (دَلْوَهْ) ـــ ذَكَرَهٗ ○ (ذَكَرَهْ) ـــ كَلِمَتُهٗ ج (كَلِمَتُهْ) ـــ خَلَقَهٗ ○ (خَلَقَهْ) ـــ غَيْرِهٖ ط (غَيْرِهْ) ـــ لِنَفْسِهٖ ج (لِنَفْسِهْ)

۶۔ کسی کلمے کے آخر میں مفتوح، مکسور یا مضموم تَاءٌ مُّدَوَّرَة، یعنی، گول تَاء (ةٍ ، ـةٍ) ہو، تو اُس تَاء (ة ، ـة) کے بجائے ساکن

ھَآء (ۃ، ـہٗ) کا تلفُّظ ادا کر کے وقف کر لیا جائے ، جیسے
وَالْاَفْـٕدَۃِ ۭ (وَالْاَفْـِٕدَۃْ)۔ بِالْمَرْحَمَۃِ ۝ (بِالْمَرْحَمَہْ)۔
مَاالْحَاقَّۃُ ۝ (مَاالْحَاقَّہْ)۔ وَالصَّلٰوۃِ ۭ (وَالصَّلٰوۃْ)۔

۷ کسی کلمے کے آخر میں تَآءِ مُدَوَّرَۃ ، یعنی گول تَآء (ۃ، ـۃ) پر دو زبر، دو زیر یا دو پیش ہوں، تو اُس تَآء (ۃ ، ـۃ کے بجائے ساکن ھَآء (ۃْ، ـہْ) کا تلفُّظ ادا کر کے وقف کر لیا جائے مثلاً اٰلِھَۃً ۭ (اٰلِھَہْ)۔ خَاوِیَۃٍ ۝ (خَاوِیَہْ)۔ ظَالِمَۃٌ ۭ (ظَالِمَہْ)۔ وَزَکٰوۃً ۭ (وَزَکٰوۃْ)۔

۸ کسی کلمے کے آخر میں تَآءِ مُدَوَّرَۃ ، یعنی گول تَآء (ۃ، ـۃ) کے سوا کسی اور حرف پر تنوینِ نصب کے دو زبر ہوں، خواہ اُس مُنوّن حرف کے بعد کوئی زائد الف ہو یا نہ ہو، تو اُس کلمے پر وقف کرتے وقت مُنوّن حرف پر دو زبروں کے بجائے ایک زبر پڑھ کر اُس کے بعد الف مدّہ کا تلفُّظ ادا کر لیا جائے، مثلاً، کَبِیْرًا ۝ (کَبِیْرَا)۔ جَمًّا ۝ (جَمَّا)۔ نِسَآءً (نِسَآءَا)۔ سُوًی ۝ (سُوَا)۔

۹ کسی کلمے کے آخر میں حرف مُشدّد مفتوح، مکسور یا مضموم ہو، تو اُس کلمے پر وقف کرتے وقت آخری مُشدّد حرف کو ساکن پڑھیے ، لیکن اُس مُشدّد حرف کا شدّہ نہایت احتیاط سے برقرار رکھیے، مثلاً، فِیْھِنَّ ۭ (فِیْھِنّْ)۔ بِمُصْرِخِیَّ ۭ (بِمُصْرِخِیّْ)۔ بِالْحَقِّ ۚ (بِالْحَقّْ)۔ اَمَرُّ ۝ (اَمَرّْ)۔ یٰسَامِرِیُّ ۝ (یٰسَامِرِیّْ)۔

۱۰ کسی کلمے کے آخر میں ایسا مُشدّد حرف ہو، جس کے اُوپر تنوین کے دو پیش یا نیچے تنوین کے دو زیر ہوں، تو اُس کلمے پر وقف کرتے وقت آخری مُشدّد حرف کو ساکن پڑھیے، لیکن اُس کے شدّے کو نہایت احتیاط سے برقرار رکھیے ، جیسے، عَرَبِیٌّ ۭ (عَرَبِیّْ)۔ جَآنٌّ ۝ (جَآنّْ)۔ عَدُوٌّ ۚ (عَدُوّْ)۔ فَطَلٌّ (فَطَلّْ)۔ خَفِیٍّ ۭ (خَفِیّْ)۔

تعارف مترجم حضرت علامہ عالم فقری رحمۃ اللہ علیہ

عمر بحساب سن ہجری ۷۵ سال اور ۱۵ دن

عمر بحساب سن عیسوی ۷۳ سال ۶ مہینے ۱۴ دن

حضرت علامہ عالم فقری رحمۃ اللہ علیہ دور حاضر کی ایک مشہور و معروف علمی و روحانی شخصیت کا نام ہے۔آپ انتہائی شریف النفس سادہ مزاج اور عجز و انکساری کے پیکر انسان تھے۔ آپ علمی شخصیت ہونے کے ساتھ ساتھ ایک روحانی بزرگ بھی تھے آپ کا اجمالی تعارف کچھ یوں ہے۔

آپ نظام فطرت کے مطابق ۵ شوال المکرم ۱۳۶۴ھ مطابق ۱۳ ستمبر ۱۹۴۵ء بروز جمعرات اپنے آبائی مکان واقع چاہ میراں لاہور میں پیدا ہوئے۔والدین نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا نام "عالم حسین" رکھا۔ ۱۹۵۵ء میں مولانا نظام الدین پیش امام دربار حضرت سید میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ سے قرآن پاک ناظرہ کی تعلیم حاصل کی۔عربی اور فارسی کی ابتدائی تعلیم بھی انہیں سے حاصل کی۔علم صرف ونحو، شرح مائۃ اور قرآن پاک کا اردو ترجمہ اور تفسیر شرح کے ساتھ چاہ میراں کے مشہور عالم دین مفتی مہر دین صاحب سے حاصل کی۔ ۱۹۸۸ء میں جامعہ نعیمیہ کے معروف عالم فاضل مولانا مختار احمد درانی صاحب سے دورہ قرآن اور تفسیر قرآن مجید کی تعلیم مکمل کی۔اپریل ۱۹۵۲ء میں چاہ میراں لاہور میں واقع ایم سی پرائمری سکول جماعت اوّل میں داخل ہوئے۔ ۱۹۵۸ء میں اسلامیہ ہائی سکول مصری

شاہ لاہور میں داخل ہوئے اور ۱۹۶۳ء میں میٹرک کے امتحان میں ۷۱۴ امتیازی نمبر لے کر بورڈ سے وظیفہ حاصل کیا۔ ۱۹۶۵ء میں بورڈ آف انٹرمیڈیٹ لاہور سے ایف اے کا امتحان سیکنڈ ڈویژن میں پاس کیا۔ ۱۹۶۷ء میں پنجاب یونیورسٹی لاہور سے بی اے کا امتحان سیکنڈ ڈویژن سے پاس کیا۔ ۱۹۶۹ء میں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے پنجاب یونیورسٹی لاہور سے ایم اے اسلامیات کا امتحان سیکنڈ ڈویژن میں پاس کیا۔ ۱۹۷۰ء میں ایم اے اردو کا امتحان سیکنڈ ڈویژن میں پاس کیا۔ ۱۹۷۵ء میں گورنمنٹ حمایت اسلام لاء کالج لاہور سے ایل ایل بی کا امتحان پاس کیا۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی مرتبہ ۱۹۸۵ء میں حج کیا اور مؤرخہ ۵ اگست ۱۹۸۵ء بروز پیر مکہ مکرمہ گئے اور عمرہ ادا کیا اور پھر ایامِ حج تک مکہ مکرمہ میں ہی قیام پذیر رہے۔ ۸ ذی الحجہ سے ۱۲ ذی الحجہ تک آپ رحمۃ اللہ علیہ نے منیٰ، عرفات اور مزدلفہ میں قیام کیا اور مناسک حج ادا کئے۔ حج کی ادائیگی کے بعد آپ رحمۃ اللہ علیہ مدینہ منورہ چلے گئے اور آٹھ دن مدینہ منورہ میں قیام کے بعد واپس مکہ مکرمہ آئے اور ۱۸ ستمبر کو بذریعہ جہاز لاہور واپس آئے۔ وطن واپسی پر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اللہ عزوجل کا شکر ادا کیا کہ حج کا فریضہ احسن طریقے سے انجام پایا۔

حضرت علامہ عالم فقریؒ ۲۸ فروری ۱۹۹۹ء کو اللہ عزوجل کے فضل سے دوبارہ حج کی غرض سے گئے اور حج بیت اللہ کی سعادت دوسری مرتبہ حاصل کی۔ ۲۱ مئی ۱۹۸۷ء کو اور ۷ دسمبر ۱۹۹۶ء میں آپ رحمۃ اللہ علیہ عمرہ اور زیارت حرمین شریفین

کی غرض سے گئے اور ان سفروں کی تفصیل آپ رحمۃ اللہ علیہ کے "حیات فقری" سفرنامہ میں موجود ہے۔

آپ دسمبر ۱۹۸۱ء میں ہندوستان کا سفر کیا۔ اور ہندوستان کے مشہور اکابر اولیائے کرام اور بزرگان دین کے مزارات پر حاضری دی اور اور ان سے روحانی اکتساب فیض حاصل کیا۔اور ہندوستان میں تیرہ ۱۳دن گزارنے کے بعد آپ ۲۳دسمبر ۱۹۸۱ءکو اپنے وطن واپس آگئے۔

آپ ۴ اپریل ۱۹۸۹ء بروز منگل سفر عراق کے لئے ۴روانہ ہوئے اور حضرت سید عبدالقادر جیلانی المعروف غوثِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ پاک پر پہنچے۔ ۵اپریل ۱۹۸۹ءکو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے حضور سیّدنا غوثِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ پاک پر نماز ادا کی۔اس کے بعد آپ نجف اشرف گئے جہاں حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہ اکریم کے مزار اقدس پر حاضی دی اس کے بعد آپ کربلا معلی گئے وہاں پر آپ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت حر رضی اللہ عنہ کے مزارِ پاک پر پہنچے اور وہاں سے کربلا معلی آئے۔آپ رحمۃ اللہ علیہ نے پہلے حضرت غازی عباس علمدار رضی اللہ عنہ کے مزارِ پاک پر حاضری دی اور پھر سیّد الشہداء حضرت سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے مزارِ پاک پر حاضر ہوئے اور وہاں کچھ دیر قیام کیا۔ پھر آپ رحمۃ اللہ علیہ اس جگہ گئے جہاں شہدائے کربلا کے خیمے نصب تھے بعدازاں آپ اپنے وطن وپاس آگئے۔

آپ نے ۴۴ سال تک دین اسلام کی علمی خدمت کے فرائض سر انجام دیئے اور تقریباً اڑھائی سو اسلامی کتب

تحریر کیں جن میں کچھ کتابیں ایسی بھی ہیں جنہیں آپ نے اپنی حلال روزی سے کچھ پیسے بچا کر چھپوایا اور لوگوں میں فری تقسیم کیا۔

اللہ تعالیٰ نے بندوں کی رہنمائی کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنے کلام کا نزول فرمایا جسے قرآن مجید اور فرقان حمید بھی کہا جاتا ہے یہ کتاب ہر لحاظ سے انسانی زندگی کے ظاہر اور باطن کا احاطہ کرتی ہے تاکہ انسان کی دنیا اور آخرت درست رہے اس کتاب کا ہر پہلو اعجاز ہے اسے پڑھنے والے پر یہ بات لازم عیاں ہو جاتی ہے کہ حضرت انسان کا خالق اور مالک اللہ ہی ہے لہذا انسان کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ ہر حال اور ہر مقام پر اسی کی عبادت اور اسی کی اطاعت کرے اور اس کے ساتھ ہی عبادت و اطاعت میں اسی ذات کے لئے اپنی محبت شامل کرے لہذا قرآن مجید عظیم اللہ انتہائی عظیم کلام ہے جسے اس نے اپنے سب سے عظیم نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایا ہے۔

قرآن مجید کا نزول عربی زبان میں ہے اور یہ زبان اپنی فصاحت اور بلاغت کے لحاظ سے دنیا کی سب سے فصیح و بلیغ زبان تسلیم کی جاتی ہے اس زبان میں انتہائی لطیف استعارات، مجازات اور امثال منفرد زمانہ ہیں جس کی بنا پر عربی زبان کا دامن الفاظ کی کثرت سے معمور ہے اور اس کے قواعد و ضوابط میں وسعت اشتقاق ہے اس لئے اس مقدس کتاب کو صحیح طور پر جاننے کے لئے عربی زبان کو بخوبی جاننا انتہائی ضروری ہے۔ اہل عرب تو اللہ تعالیٰ کے اس کلام کو آسانی سے سمجھ جاتے ہیں کیوں کہ یہ کلام ان کی

اپنی زبان میں ہے اور جب اسلام کی روشنی خطہ عرب سے نکل کر دنیا کے کونے کونے میں پھیلی تو ہر خطے کے لوگوں نے قرآن مجید کو عربی زبان ہی میں ادا کرنا سیکھا مگر اس کے نفس مضمون کو سمجھنے کے لئے اہل علم حضرات نے قرآن مجید کے اپنی اپنی زبان میں تراجم کئے اور یہ تراجم تقریباً دنیا کی کثیر زبانوں میں اپنے اپنے دور میں ہوئے۔

ہندو پاکستان میں جب اردو زبان کو فروغ ملا تو یہاں کے اہل علم حضرات نے بھی اپنے اپنے دور میں عربی زبان کو سمجھ کر اردو زبان کے الفاظ میں تراجم پیش کئے اردو تراجم دو طرح کے ہیں۔اردو ترجمہ کی ایک قسم تحت اللفظ ہے اس میں عربی کے الفاظ کے ترجمہ کو اردو کے الفاظ میں ڈھالا گیا ہے۔اردو ترجمہ کی دوسری قسم بامحاورہ ہے جس میں قرآن پاک کے ترجمہ کو سمجھانے کی غرض سے محاورے کو ملحوظ خاطر رکھا گیا جناب علامہ فقری صاحب نے قرآن پاک کا ترجمہ کرتے وقت محاوراتی انداز کو اپنایا ہے تاکہ پڑھنے والے کو آسانی کے ساتھ یہ بات سمجھ آجائے کہ عربی زبان میں کیا بات بیان ہوئی ہے اور انہوں نے ترجمہ کرتے ہوئے اس بات کا خاص خیال رکھا ہے کہ اردو ترجمہ میں عربی کے اصل متن کا مفہوم بھی قائم رہے اور محاورہ بھی کا تسلسل بھی قائم رہے۔اللہ تعالیٰ آپ کو اس نیک عمل کا اجر عظیم عطا فرمائے۔آپ کا یہ ترجمہ پہلی مرتبہ غالباً ۱۹۹۴ء میں شائع ہوا اس کے بعد آپ کے اسی ترجمہ کے کئی ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔اس کے علاوہ آپ نے قرآن مجید کے

موضوعات کی باب بندی کی ہے اور متعلقہ موضوع کے تحت قرآن مجید کی آیات کو یکجا کر دیا ہے جو اپنے موضوع کے اعتبار بمعہ حوالہ آیات اور سورت آسانی سے مل جاتی ہیں اس کا نام آپ نے مضامین قرآن رکھا ہے جو دو جلدوں پر مشتمل ہے۔

علامہ عالم فقری صاحب نے حدیث کی مستند کتب صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن ابو داؤد جامع ترمذی، سنن ابن ماجہ اور سنن نسائی سے مختلف موضوعات پر احادیث کو جمع کیا اور اس کا نام حدیث فقری رکھا جو گیارہ جلدوں پر مشتمل ہے جس سے پڑھنے والا آسانی سے مستفید ہو سکتا ہے۔

ایک روز فرمایا کہ فقر کا معنی صرف ایک اللہ سے مانگنے والا ہوتا اس دن سے میں نے اپنے دل میں یہ فیصلہ کر لیا کہ میں بھی صرف اللہ ہی سے مانگا کروں گا اللہ سے مانگنے کی نسبت سے میں نے اپنے نام کے ساتھ فقری تخلص رکھ لیا اور قدرت خدا کی کہ آپ نے اہل قلم اور اہل علم حضرات میں علامہ فقری صاحب کے نام سے شہرت پائی۔

آپ نے دربار حضرت سید میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ سے بے پناہ روحانی فیوض و برکات حاصل کئے۔ اور آپ اکثر یہ فرمایا کرتے تھے کہ آج میں جو کچھ بھی ہوں اسی مرد قلندر کی خصوصی نظر عنایت کی بدولت ہوں اور انہیں کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ نے مجھ حقیر پر اپنی رحمت اور علم و عرفان کے دروازے کھولے۔ آپ دن میں کئی مرتبہ حضرت کے مزار اقدس پر جا کر ذکر الٰہی میں مشغول رہتے تھے۔

حضرت علامہ عالم فقری رحمۃ اللہ علیہ اپنی زندگی کے آخری ایام میں کافی علیل ہو گئے مگر اللہ کی یاد سے غافل نہ ہوئے اور ہمہ وقت اللہ کی بارگاہ میں استغفار کرتے ہوئے مورخہ ۱۰ رجب المرجب ۱۴۳۹ھ بمطابق ۲۸ مارچ ۲۰۱۸ء بروز بدھ صبح اذان فجر سے کچھ دیر قبل اپنے سینے میں محبت الٰہی کی شدت کا سوز و گداز لئے ہوئے اپنے محبوب خالق اور حقیقی مالک سے جا ملے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات کو بلند فرمائے۔ آمین آپ کا مزار جلو پارک روڈ لاہور پر مرجع خلائق ہے۔

پسران حضرت علامہ عالم فقری رحمۃ اللہ علیہ

جاوید فقری، محمد محسن فقری۔ قدوس فقری

حبیب فقری۔ مرزوق احمد

معزز قاری حضرات سے گزارش ہے کہ اس قرآن پاک کی تیاری میں انسانی بساط کے مطابق پوری کوشش کی گئی ہے کہ اس کے عربی متن میں کوئی لفظی یا اعرابی غلطی نہ رہے خدانخواستہ اگر کوئی قاری اس میں کوئی سقم یا غلطی دیکھے تو اس نمبر پر ضرور اطلاع کرے تاکہ اسے درست کر کے اپڈیٹ کر دیا جائے۔ جزاک اللہ خیرا۔ +923214502183

آخر میں اس قرآن پاک کو پڑھنے والے قاری حضرات سے گزارش ہے کہ تلاوت کے اختتام پر تمام مومنین اور مومنات کے حق میں بخشش و مغفرت کی دعا ضرور کریں اور بالخصوص میرے اُستاد محترم زینت الحفاظ الحافظ زاہد حسین صدیقی رحمۃ اللہ علیہ المتوفی 1996 کے حق میں دعا خیر ضرور کریں اللہ تعالیٰ اُن کے درجات کو مزید بلند فرمائے آمین۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے آمین ثم آمین شکریہ

muhamadhabib022@gmail.com

sent me Message this WhatsApp +923214502183

طالب مولیٰ تعالیٰ
الشیخ حافظ محمد حبیب اللہ
چاہ میراں لاہور

۱۹ جمادی الثانی ۱۴۴۲ بروز ہفتہ بمطابق ۳۰ جنوری ۲۰۲۱